صداقت ثقافت اور قومی شعور کا ترجمان

کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA

MEMBER A.P.N.S

روزنامہ

عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ

رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

Dailyaskar.com.pk Dailyaskarisb@gmail.com

جلد نمبر 24 | بروز ہفتہ 21 نومبر 2026ء / 10 جمادی الثانی 1448 ہجری / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 26

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے میران شاہ، شمالی وزیرستان کا دورہ کیا، یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور پاک فوج کے شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا، افسران اور جوانوں سے ملاقات میں ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور غیر متزلزل عزم کو سراہا

میران شاہ میں فیلڈ مارشل کا اعلان! دہشتگردی کا فیصلہ کن خاتمہ ہوگا

فیلڈ مارشل نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ قریبی رابطے اور ہم آہنگی کے ذریعے دہشت گردی کے ناسور کا فیصلہ کن خاتمہ کرنے اور خیبر پختونخوا میں بڑی جدوجہد کے بعد حاصل ہونے والے امن واستحکام کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہیں، خیبر پختونخوا پولیس کو بہادر صفِ اول کا دستہ قرار دیا

راولپنڈی (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں بڑی جدوجہد کے بعد حاصل ہونے والے امن واستحکام کو برقرار رکھنے کے لئے پرعزم | (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

اقوامِ متحدہ کے ای گورنمنٹ انڈیکس میں پاکستان کی 17 درجے بہتری

پاکستان کی ڈیجیٹل گورننس میں پیش رفت کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے، وفاقی وزیر شزہ فاطمہ

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) اقوامِ متحدہ کے | (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)



چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے افسران اور جوانوں کے ساتھ گروپ فوٹو بنوایا۔

ہفتہ وار مہنگائی میں 0.65 فیصد کمی، سالانہ شرح 10.41 فیصد ہوگئی

اسلام آباد (اے این این) ملک میں ہفتہ وار | (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

اگر نئے صوبے بننے ہیں تو سینیٹ الیکشن سے پہلے بنیں گے، حذیفہ رحمان

بلاول بھٹو کی تقریر چیئرمین پیپلز پارٹی کے بجائے چیئرمین ماؤ، بھگت سنگھ یا چی گویرا کی لگی

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیر اعظم کے | (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

نئے صوبے بنے ہیں یا نہیں؟ فیصلہ عوام کرے گی، عطا اللہ تارڑ کا اعلان

نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے عوامی رائے لی جانی چاہیے، اگر عوام حق میں ہوں تو صوبے بنا دینے چاہئیں اور اگر مخالفت میں ہوں تو نہیں بنانے چاہئیں

آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق بالکل واضح ہے، قومی اہمیت یا عوامی دلچسپی کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کرایا جا سکتا ہے

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے | (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)

سعودی عرب کے حقِ دفاع کی حمایت جو ٹیلیشیائے حملے بند کیے جائیں، پاکستان

ریاض میں کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ کے ٹاور کو نشانہ بنانا سعودی عرب کی خودمختاری کی سنگین خلاف ورزی ہے

پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے قیام کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاکستان نے | سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں کنگ | (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)



نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے ترکیہ کے زلزلہ پیما تحقیقی جہاز اورچ رئیس کی کراچی آمد پر استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کے ترکیہ کے ساتھ آف شور تلاش، معدنیات اور قابل تجدید توانائی میں طویل مدتی شراکت داری کے عزم کا اعادہ کیا۔

پاکستان، ترکیہ سمندر سے تیل و گیس نکالنے کا بڑا مشن شروع!

کراچی میں ترک تحقیقی جہاز اورچ رئیس کا شاندار استقبال کیا اور ترکیہ کے ساتھ آف شور تلاش، معدنیات اور قابل تجدید توانائی میں طویل مدتی شراکت داری کا اعادہ کر دیا

یہ سروے پاکستان کے مستقبل کی آف شور تلاش کے لیے قیمتی ڈیٹا دے گا، حکومت ترک شراکت داروں کو مکمل تعاون فراہم کرے گی

کراچی (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) کستان اور ترکیہ کی ترقی اور توانائی کے شعبے میں تعاون کو وسعت دینے کے لئے تعاون کے معاہدوں پر دستخط کر دیئے | ۔اس سلسلے میں ترکیہ کا جدید سیسمک تحقیقی بحری جہاز اورچ رئیس کراچی پہنچ گیا جو پاکستانی سمندری حدود میں تقریبا 670 مربع کلومیٹر کے علاقے کا سروے کرکے زیر سمندر تیل وگیس کے ممکنہ ذخائر کی نشاندہی میں مدد دے گا۔ ترکیہ کے تحقیقی جہاز کی آمد پر کراچی بندرگاہ میں استقبالیہ تقریب منعقد ہوئی، تقریب میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان توانائی | (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

عالمی امن کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے، وزیر دفاع

گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریباً دو لاکھ سینتیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام دے چکے ہیں

اقوام متحدہ کے امن مشنز کو درپیش مالی مشکلات اور وسائل کی کمی عالمی سلامتی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے، اور اہلکار فراہم کرنے والے ممالک کو پالیسی سازی میں موثر نمائندگی ملنی چاہیے

برسلز (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عالمی امن کیلئے مشترکہ لائحہ عمل | (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)



پاکستان نے اقوام متحدہ میں بھارت کے غیر سفارتی اور بے بنیاد بیانات مسترد کر دیے

بھارت پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کے حوالے سے پاکستان کے جائز تحفظات کا جواب دے

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاکستان نے | (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

یوسف رضا گیلانی کی تھائی لینڈ کی سینیٹ کے صدر مونگکول سوراسا جا سے ملاقات

دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی روابط، تجارت، سرمایہ کاری اور ثقافتی تعاون کے فروغ بارے تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) چیئرمین | (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

سکیورٹی واپس، مولانا فضل الرحمان مفتی محمود مرکز پشاور منتقل

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان اسلام آباد میں اپنی رہائش گاہ چھوڑ کر پشاور منتقل ہوگئے، جہاں انہوں نے نسبی نجی گھر کے بجائے مفتی محمود مرکز میں قیام کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان کی یہ منتقلی سرکاری سکیورٹی واپس لئے جانے کے بعد سامنے آئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مولانا فضل الرحمان | (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

برطانیہ اور آسٹریلیا نے اسرائیل پر پابندیاں عائد کر دیں

غزہ میں اسرائیلی فوج کی بڑھتی ہوئی کارروائیوں کی مذمت، پاکستان سمیت 16 ممالک کا خیر مقدم

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاکستان سمیت 16 ممالک نے مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں اسرائیل کی غیر قانونی آبادکاری سے متعلق سرگرمیوں پر برطانیہ اور آسٹریلیا کی جانب سے پابندیاں عائد کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ برطانوی خبر | (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد وزیر اعظم محمد شہباز شریف کیساتھ ترکیہ کے وزیر توانائی کی قیادت میں ملنے والے وفد کا گروپ فوٹو

بچوں کے عالمی دن پر وزیر اعظم کا نونہالان وطن سے شفقت ومحبت کا اظہار

بچوں کی آواز سننے والا معاشرہ ہی منصفانہ، جامع اور خوشحال مستقبل کا ضامن ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ آج بچوں کے عالمی دن پر دنیا بھر اور بالخصوص پاکستانی نونہال وطن کے لئے جذبہ شفقت و محبت کا دلی اظہار کرتا ہوں۔ وزیر اعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق | (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

سلامتی کونسل کا اجلاس بی ایل اے اور مجید بریگیڈ پر پابندیاں لگائے، چین کا مطالبہ

عالمی برادری دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کوششوں کی حمایت کرے، عالمی دہشتگردی کا خطرہ بدستور پیچیدہ اور سنگین ہے

دہشتگرد تنظیمیں اپنی کارروائیوں کی صلاحیت بڑھا رہی اور علاقائی تنازعات سے فائدہ اٹھا کر اپنا اثر ورسوخ پھیلا رہی ہیں، سلامتی کونسل کے اجلاس میں مطالبہ

نیویارک (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) اقوام متحدہ میں چینی مندوب سن لی نے سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا ہے کہ قرارداد 1267 اور 2713 کے تحت پابندیوں کے نظام کو موثر انداز میں استعمال کیا جائے اور کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) اور اس کے ذیلی ونگ مجید بریگیڈ کو جلد از جلد پابندیوں کی فہرست میں شامل کیا جائے۔ اقوام متحدہ میں چین کے قائم مقام مستقل مندوب سن لی نے سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان میں حالیہ خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس کارروائی میں عام شہری جاں بحق اور زخمی ہوئے۔ سن لی نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کوششوں کی حمایت کرے، عالمی دہشتگردی کا خطرہ بدستور پیچیدہ اور سنگین ہے، دہشتگرد تنظیمیں اپنی کارروائیوں | (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

حکومت جہاں کھڑی ہے وہیں رک جائے بصورت دیگر ہم کوئی ہونگے، مولانا فضل الرحمان

کارکن متحد، متفق اور ایک صف میں رہیں، کسی کی طاقت آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی ان شاء اللہ ہم مخالفین کی طاقت کو خاکستر کرکے رہیں گے

عکمرانوں کی جیلیں ختم ہوجائیں گی ہمارے کارکن ختم نہیں، ہم سیاسی میدان اور سیاسی انداز میں مقابلہ کریں گے، سربراہ جمعیت علماء اسلام

پشاور (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے حکومت کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ جہاں کھڑی ہے، وہیں رک جائے، بصورت دیگر جمعیت علماء اسلام سڑکوں پر آئے گی اور ضرورت پڑنے پر جیلوں کا رخ بھی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی جیلیں ختم ہوجائیں گی لیکن ہمارے کارکن ختم نہیں ہوں گے، ہم مقابلہ کریں گے، تاہم ہمارا مقابلہ سیاسی میدان | (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد وزیر اعظم محمد شہباز شریف کیساتھ ترکیہ کے وزیر توانائی کی قیادت میں ملنے والے وفد کا گروپ فوٹو

مصدق ملک کا دوٹوک موقف، مکالمے کی آڑ میں بھارتی بیانیے کا فریب بے نقاب

وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی سینیٹر مصدق مسعود ملک نے نئی دہلی میں ایس سی او تھنک ٹینک فورم میں بھارتی صحافی کے سوال پر مدلل جواب دیتے ہوئے واضح کیا

حقیقی مکالمہ دو الگ اور ممتاز شناختوں کے درمیان ہوتا ہے، پاکستان اور بھارت دو جداگانہ، مستقل اور خود مختار تہذیبی وقومی شناختیں ہیں

نئی دہلی (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاکستان کے وفاقی | وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری | (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد: وزیر تجارت جام کمال خان سے جنوبی افریقہ کا اعلیٰ سطح کے کاروباری وفد ملاقات کر رہا ہے

وفاقی وزیر ریلوے سے میرپور چیمبر آف کامرس کے وفد کی ملاقات

صنعتی مال برداری اور ٹرانسپورٹ سہولیات بہتر بنانے بارے تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ): وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی سے میرپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر چوہدری کاشف نذیر بجاڑ کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس دوران صنعتی سرگرمیوں کے فروغ اور کاروباری | (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

ٹیکس امور سے متعلق اپیلز کی سماعت کیلئے فیس لیس نظام متعارف کرانے کا فیصلہ

انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور ایف ای ڈی کی اپیلز اب آن لائن سنی جائیں گی، ایف بی آر

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) ایف بی آر نے ٹیکس امور سے متعلق اپیلز کی سماعت کا نیا نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی اپیلیں اب آن لائن سنی جائیں گی۔ ویڈیو سماعت کے دوران کمشنر کا چہرہ اور | (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

نئے صوبوں کے معاملے پر مسلم لیگ ن کا تمام پارلیمانی جماعتوں سے رابطے کا فیصلہ

پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم سمیت تمام جماعتوں سے مشاورت کے ذریعے مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنے پر اتفاق

لاہور (جی این ایم) مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق زیر بحث معاملات پر تمام پارلیمانی جماعتوں کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مقصد کے لیے ایک خصوصی رابطہ کار سیاسی کمیٹی تشکیل دی جائے گی، جس میں مسلم لیگ (ن) کے اہم رہنماں کو شامل کیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مجوزہ کمیٹی کو دیگر پارلیمانی جماعتوں سے رابطوں اور سیاسی مشاورت کی ذمہ | (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

چھوٹے صوبے یا بادشاہتیں اور ان پر ایک شہنشاہ، ایسے ملک نہیں چلے گا: سعد رفیق

اس گلے سڑے بدبودار نظام حکمرانی کو محض چھوٹے صوبے بنا کر درست کرنے کی سوچ ناقابل فہم ہے

لاہور (اے این این) سابق وفاقی وزیر اور مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سیاسی سلطنتیں ختم ہونی چاہئیں مگر ایسا نہ ہو کہ چھوٹی بادشاہتیں قائم کر دی جائیں اور ان پر شہنشاہ ایک ہی رہے، ایسے ملک چلے گا نہ آگے بڑھے گا، عجلت سے گریز مناسب ہوگا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے پیغام میں خواجہ سعد رفیق کا کہنا تھا کہ اس گلے سڑے بدبودار نظام حکمرانی کو محض چھوٹے صوبے بنا کر درست کرنے کی سوچ ناقابل | (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان اور مالدیپ کے درمیان بحری تجارت اور تعاون بڑھانے پر اتفاق

سمندری رابطوں میں بہتری سے دوطرفہ تجارت کو فروغ ملے گا، وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری سے مالدیپ کے ہائی کمشنر نے ملاقات کی، جس میں بندرگاہوں، ماہی گیری اور بحری تربیت کے شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں پاکستان اور | (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)



دفتر خارجہ کے ترجمان سفیر سجاد حیدر خان کا کہنا ہے پاکستان امن کا خواہاں ہے، اپنے سرحدوں کے تحفظ کے لیے مکمل تیار ہے۔

پی ٹی اے کی ملک بھر میں ٹیلی کام سروسز کی نگرانی تیز، 226 موبائل سائٹس کا معائنہ مکمل

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ملک بھر میں ٹیلی کام سروسز کے معیار کو بہتر بنانے اور تکنیکی خامیوں کے بروقت ازالے کے لئے فیلڈ مانیٹرنگ کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ پی ٹی اے کے اعلامیہ کے مطابق 29 اکتوبر سے 11 نومبر تک ملک بھر میں 226 موبائل سائٹس کا معائنہ کیا گیا، جس کے بعد اب تک معائنہ | (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

سیکرٹری اطلاعات بلوچستان عمران خان کے اعزاز میں الوداعی تقریب

ڈی جی پی آر عسکر خان کی عمران خان کی خدمات کی تعریف، ٹیم ورک اور ادارہ جاتی ہم آہنگی پر زور

کوئٹہ (خ ن) محکمہ تعلقاتِ عامہ بلوچستان کوئٹہ کے زیر اہتمام سیکرٹری اطلاعات بلوچستان عمران خان کے اعزاز میں ان کے تبادلے کے موقع پر ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈائریکٹر جنرل تعلقاتِ عامہ عسکر خان ڈائریکٹر تعلقاتِ عامہ سعید احمد شاہوانی اور محکمہ کے افسران و عملے نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران سیکرٹری | (بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ میں دل کے امراض میں تشویشناک اضافہ

ہسپتالوں میں مریضوں کا رش بڑھ گیا، ہارٹ اٹیک کے بڑھتے کیسز خطرے کی گھنٹی

کوئٹہ (جی این ایم) سماجی رہنما نعمان شاہ نے کوئٹہ میں دل کے دورے (ہارٹ اٹیک) کے بڑھتے ہوئے کیسز پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں نعمان شاہ کا کہنا تھا کہ صرف ایک دن میں کوئٹہ کے ہسپتالوں میں ہارٹ اٹیک کے 27 سے زائد مریض رپورٹ ہوئے ہیں، اور اگر گزشتہ 19 دنوں کے اعداد و شمار اور اموات کا ریکارڈ مرتب کیا جائے تو صورتحال انتہائی تشویشناک سامنے آئے گی۔ نعمان شاہ نے ذاتی صدمے کا حوالہ دیتے ہوئے اس معاملے پر آواز اٹھائی اور متعلقہ حکام کی کارکردگی پر سوالات اٹھائے۔ ان کا کہنا تھا کہ محکمہ خوراک (فوڈ ڈیپارٹمنٹ) بمحکمہ صحت (ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ) اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے اس سنگین مسئلے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام بنیادی مسائل جیسا کہ گیس، بجلی اور پانی کی قلت میں الجھے ہوئے ہیں، جبکہ دوسری جانب روزانہ کی بنیاد پر اموات کی خبریں سننے کو مل رہی ہیں۔ نعمان شاہ نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ اپنی صحت کے تحفظ اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے بیدار ہوں۔ سماجی رہنما نعمان شاہ نے کوئٹہ میں دل کے دورے (ہارٹ اٹیک) کے بڑھتے | (بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

سمندر میں تیل وگیس کی تلاش دوبارہ شروع کرنے کی تیاریاں

ترکیہ کا جدید سیسمک سروے جہاز اورک رئیس کراچی پورٹ پر لنگر انداز

کراچی (جی این ایم) پاکستان میں تقریبا دو دہائیو ں بعد سمندر میں تیل وگیس تلاش کرنے کی تیاریاں شروع ہوگئیں۔ ترکیہ کا جدید سیسمک سروے جہاز اورک رئیس اس مقصد کیلئے کراچی پہنچ گیا اور کراچی پورٹ پر لنگر انداز ہوگیا۔ پاکستان اور ترکی کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کا نیا باب کھلنے کو تیار ہے۔ رپورٹ کے مطابق ترک کمپنی ٹی پی اوسی نے پاکستان میں آف شور تیل وگیس کی تلاش کے لئے شراکت داری کرلی، آف شور بڈ راونڈ میں تیل و گیس کی تلاش کیلئے 40 سمندری بلاکس پیش کئے گئے۔ پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ آف شور بلاک میں ٹوڈی اور تھری ڈی سیسمک سروے مکمل کرچکی ہے، پاکستان کے 3 لاکھ مربع کلومیٹر سمندری علاقے میں تیل وگیس کے وسیع ذخائر کے امکانات ہیں، قیام پاکستان سے اب تک سمندری علاقوں میں تیل وگیس کے صرف 18 کنویں کھودے جاسکے ہیں، پاکستان کے سمندری علاقے متحدہ عرب امارات، عمان اور ایران کی سمندری حدود سے متصل ہیں۔ پاکستان میں تقریبا دو دہائیوں بعد سمندر میں تیل وگیس تلاش کرنے کی تیاریاں شروع ہوگئیں۔ ترکیہ کا جدید سیسمک سروے جہاز اورک | (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان کابینہ میں بڑے پیمانے پر ردوبدل کا امکان 7 صوبائی وزراء کابینہ سے فارغ

بعض وزراء کو فارغ جبکہ کچھ اراکین اسمبلی کو کابینہ میں شامل کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، ذرائع کا اے این این سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کابینہ میں بڑے پیمانے پر ردوبدل کا امکان 7 صوبائی وزراء کے قلمدان تبدیل کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا بعض وزراء کو فارغ جبک کچھ اراکین اسمبلی کو کابینہ میں شامل کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا انتہائی اہم ذرائع سے اے این این نیوز کو معلوم ہوا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے کابینہ میں ردبدل کا فیصلہ کر | (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



راولپنڈی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عظیم معاشی مسائل کی طرف توجہ دینے کا موقع نہیں دیا گیا، بلاول بھٹو زرداری

جنگ کے اثرات ہم سب کو اٹھانے پڑ رہے ہیں، امن کا معاہدہ ابھی تک نظر نہیں آرہا، معاشی بحران سے نکلنے میں وقت لگے گا، عوام کے کندھوں پر معاشی بوجھ ہے

زراعت کے شعبے میں 90 فیصد چھوٹے زمینداروں کا کردار ہے، مہنگائی بڑھ رہی ہے، حالات مشکل ہوتے جا رہے ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ میں نے شہباز شریف کو 2 دفعہ وزیر اعظم بنوایا، چاہتا ہوں کہ وہ بطور وزیر اعظم 5 سال پورے کریں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ویٹ سپورٹ پروگرام کی تقریب سے خطاب ہوئے کہا کہ جنگ کے اثرات ہم سب کو اٹھانے پڑ رہے ہیں، امن کا معاہدہ ابھی تک نظر نہیں آرہا، معاشی | (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)



میرانشاہ، فیلڈ مارشل سید عاصم میرانشاہ میں یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں

بقیہ 01

ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے میران شاہ، شمالی وزیرستان کا دورہ کیا، یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور پاک فوج کے شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر فیلڈ مارشل کو علاقے کی موجودہ سکیورٹی صورتحال، جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور انسدادِ دہشت گردی کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کو مستحکم کرنے، نیز علاقے میں دیرپا امن و استحکام یقینی بنانے کے لئے کئے جانے والے اقدامات پر جامع بریفنگ دی گئی۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نے افسران اور جوانوں سے ملاقات بھی کی اوران کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں، آپریشنل تیاری اور وطنِ عزیز کے دفاع وسلامتی کے لیے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔خیبر پختونخوا پولیس کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے چیف آف ڈیفنس فورسز نے پولیس کو ایک بہادر صفِ اول کا دستہ قرار دیا اور دہشت گردی اور فتن الخوارج کے خلاف اس کی ثابت قدمی اور قربانیوں پر فخر کا اظہار کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ سکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ قریبی رابطے اور ہم آہنگی کے ذریعے دہشت گردی کے ناسور کا فیصلہ کن خاتمہ کرنے اور خیبر پختونخوا میں بڑی جدوجہد کے بعد حاصل ہونے والے امن و استحکام کو برقرار رکھنے کیلئے پرعزم ہیں۔قبل ازیں میران شاہ آمد پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف سید عاصم منیر کا استقبال کیا۔

بقیہ 02

بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0.65 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جس کے بعد سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 10.41 فیصد کی سطح پر آ گئی۔ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی سے متعلق رپورٹ جاری کردی، جس کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 23 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ جبکہ 8 اشیا کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔رپورٹ کے مطابق ہفتہ وار بنیادوں پر ٹماٹر کی قیمت میں 30.55 فیصد کمی ہوئی، جبکہ پیاز 9.17 فیصد، ایل پی جی 6.46 فیصد، پیٹرول 3.87 فیصد، ڈیزل 2.46 فیصد اور دال مونگ 0.54 فیصد سستی ہوئی۔دوسری جانب ایک ہفتے کے دوران انڈوں کی قیمت میں 8.84 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔آلو 8.07 فیصد، آٹا 4.42 فیصد، مرغی 3.01 فیصد، کیلے 1.74 فیصد اور کپڑے جارجٹ کی قیمت میں 1.40 فیصد اضافہ ہوا۔ادارہ شماریات کے مطابق سالانہ بنیادوں پر ایل پی جی 87.99 فیصد، آٹا 44.20 فیصد اور بجلی کے سہ ماہی ٹیرف میں 36.30 فیصد اضافہ ہوا۔ ڈیزل 24.84 فیصد، مرغی 24.35 فیصد، پیاز 24.05 فیصد اور پیٹرول 21.35 فیصد مہنگا ہوا۔رپورٹ کے مطابق سالانہ بنیادوں پر آلو کی قیمت میں 27.13 فیصد، چینی 26.24 فیصد اور ٹماٹر 20.86 فیصد سستے ہوئے، جبکہ انڈوں کی قیمت میں 16.10 فیصد، نمک 11.03 فیصد اور دال مسور کی قیمت میں 6.90 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 03

معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری اوران کی پارٹی جو بھی حالات پیدا کریں وزیر داخلہ محسن نقوی کنٹرول کرلیں گے۔ایک انٹر ویو میں حذیفہ رحمان نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کو اپنے والد سے پوچھنا چاہیے کہ محسن نقوی کو سندھ کا کتنا پتا ہے اور کتنا نہیں، پیپلز پارٹی کے موجودہ اقتدار میں محسن نقوی کی کاوشیں شامل ہیں، وزیر داخلہ نے ہمیشہ صدر مملکت آصف علی زرداری کیلئے ٹربل شوٹر کا کام کیا۔ایک سوال کے جواب میں حذیفہ رحمان نے کہا کہ اللہ نہ کرے ایسی نوبت آئے کہ محسن نقوی کو دوڑتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کے پاس جانا پڑے، بلاول اوران کی پارٹی جو بھی حالات پیدا کریں محسن نقوی کنٹرول کرلیں گے، ایسی نوبت نہیں آئے گی وزیر داخلہ چیئرمین پیپلز پارٹی کے در پر جائیں اور ہاتھ کھڑے کردیں، محسن نقوی کے مضبوط اعصاب ہیں۔وزیراعظم کے معاون خصوصی نے مزید کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی تقریر چیئرمین پیپلز پارٹی کے بجائے چیئرمین ماؤ، بھگت سنگھ یا چی گویرا کی لگی، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی جو کر رہے ہیں کیا بلاول بھٹو زرداری اس کو زیادتی سمجھتے ہیں یا ریاست کا دفاع سمجھتے ہیں؟ حذیفہ رحمان کے مطابق وزیراعظم کا کراچی کا دورہ ہوگا، شہباز شریف کراچی میں پیٹرولیم کے حوالے سے پروگرام میں شرکت کریں گے۔انہوں نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور آئے تو وزیراعظم شہباز شریف نے میزبانی کی، دونوں رہنماؤں نے ملاقات کی تو مختلف ایشوز پر بات بھی ہوئی ہوگی۔ان کا کہنا تھا کہ جب جب سیاستدانوں نے خون ریزی کی باتیں کیں انہیں کیلئے مشکلات پیدا ہوتی ہیں، ایسے معاملات ہوں تو سیاستدانوں کو خود حل کرنا چاہیے، سیاستدان کبھی خون ریزی اور جنگ وجدل کی طرف نہیں جاتا، ہم حکومتوں میں بیٹھ کر سیاستدان ایسی باتیں کریں گے تو نظام کمزور ہوگا۔حذیفہ رحمان نے کہا کہ اگر نئے صوبے بننے ہیں تو سینیٹ الیکشن سے پہلے بنیں گے۔

بقیہ 04

ای گورنمنٹ انڈیکس 2026 میں پاکستان کی 17 درجے بہتری ہوگئی۔اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق پاکستان ای گورنمنٹ انڈیکس 2026 میں 119 ویں نمبر پر آ گیا اور چار سال میں پاکستان کی عالمی درجہ بندی میں 31 درجے بہتری ہوئی ہے،اس طرح پاکستان کا ای گورنمنٹ انڈیکس اسکور 23 فیصد اضافے کے ساتھ 0.6264 ہو گیا۔شہریوں کی آن لائن سہولت کے حوالے سے پاکستان نے جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ اسکور حاصل کرلیا۔ وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے اس حوالے سے کہا ہے کہ اقوامِ متحدہ کے ای گورنمنٹ انڈیکس میں پاکستان کی 31 درجے بہتری وزیراعظم شہباز شریف کے ڈیجیٹل نیشن وژن کا ثبوت ہے، وفاقی اور صوبائی اداروں کی مسلسل کوششوں سے عوامی خدمات آن لائن منتقل اور ڈیجیٹل رابطوں کا دائرہ وسیع ہو رہا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی ڈیجیٹل گورننس میں پیش رفت کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 05

کہ صوبوں کے قیام کے حوالے سے عوامی رائے لی جانی چاہیے، اگر عوام نئے صوبوں کے قیام کے حق میں ہوں تو صوبے بنا دینے چاہئیں اور اگر مخالفت میں ہوں تو ایسا نہیں ہونا چاہیے، آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق واضح ہے اور قومی اہمیت یا عوامی دلچسپی کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کرایا جا سکتا ہے۔وہ جمعے کو یہاں الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے۔الیکشن کمیشن میں سماعت سے متعلق سوال کے بارے میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ گوجرانوالہ ان کا آبائی شہر ہے اور وہ ڈسٹرکٹ بار کے جنرل سیکرٹری کی دعوت پر وہاں گئے تھے، اس تقریب میں کوئی انتخابی امیدوار موجود نہیں تھا۔انہوں نے کہا کہ دعوت ریکارڈ پر موجود تھی جو الیکشن شیڈول سے پہلے موصول ہوئی تھی، ڈسٹرکٹ بار کے جنرل سیکرٹری ان کے کولیگ بھی ہیں۔صوبوں کے قیام سے متعلق سوال کے جواب میں وفاقی وزیر نے کہا کہ صوبوں کے قیام کے حوالے سے عوامی رائے لی جانی چاہئے، اگر عوامی رائے صوبوں کے قیام کے حق میں ہو تو نئے صوبے بنا دینے چاہئیں، مخالفت میں ہو تو نہیں بنانے چاہئیں، عوامی رائے سامنے لانے کا راستہ ہموار کیا جانا چاہئے اور فیصلے عوامی رائے کے مطابق ہونے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ ریفرنڈم کرانے میں کوئی حرج نہیں، آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق واضح ہے، قومی اہمیت یا عوامی دلچسپی کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کرایا جا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوامی رائے سامنے آنے دیں، اس کے بعد ہی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی صدر مملکت سے بھی ملاقات ہوئی ہے، جس میں معاملات پر تبادلہ خیال اور افہام وتفہیم کے ساتھ آگے بڑھنے کے امور زیر غور آئے۔

بقیہ 06

عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ کو حوثی ملیشیا کی جانب سے نشانہ بنائے جانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کے خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے حق کی حمایت کرتے ہیں، حوثی ملیشیا کے حملے بند کئے جائیں۔دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ریاض میں کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ کے ٹاور کو نشانہ بنانا سعودی عرب کی خودمختاری کی سنگین خلاف ورزی ہے، شہری تنصیبات اور اقتصادی مراکز کو نشانہ بنانا بے گناہ انسانی جانوں کے لئے خطرہ ہے۔ترجمان نے کہا کہ ایسے قابل مذمت حملے علاقائی امن و سلامتی کے لئے سنگین خطرہ ہیں، پاکستان حوثی ملیشیا کے حملے فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔دفتر خارجہ کی جانب سے کہا گیا کہ پاکستان سعودی عرب کی حکومت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، پاکستان سعودی عرب کے خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے حق کی حمایت کرتا ہے۔بیان میں کہا گیا کہ سعودی شہریوں اور مقیم افراد کے تحفظ کیلئے مملکت کے اقدامات کی حمایت کرتے ہیں، پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے قیام کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 07

کے شعبے میں تعاون کے معاہدوں پر دستخط ہوئے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، ترک وزیر توانائی، وفاقی وزیر پیٹرولیم اور گورنر سندھ تقریب میں شریک ہوئے۔ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن اور ترکیہ کی ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے درمیان شیئر ہولڈرز کا معاہدہ طے پا گیا، پشین بلوچستان میں اہم معدنیات اینٹیمونی کی ترقی کیلئے معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ ماری منرلز اور ترکیہ کی ایم ٹی اے آئی سی کے درمیان مشترکہ منصوبے کا معاہدہ طے پا گیا۔ چاغی بلوچستان میں تانبے، سونے اور دیگر معدنی ذخائر کی تلاش وترقی ہوگی۔جیولوجیکل سروے پاکستان، ترکیہ کے ایم ٹی اے اور ایم ٹی اے آئی سی میں سہ فریقی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے، تکنیکی تبادلے اور معدنی وسائل کی ترقی میں استعدادکار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان معدنیات کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط ہوگی۔تقریب سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات تاریخی بنیادوں پر قائم ہیں، تاہم اب وقت ہے کہ اس دوستی کو عملی اقتصادی منصوبوں اور عوام کے لئے ترقی کے مواقع میں تبدیل کیا جائے۔اسحاق ڈار نے بتایا کہ 87 میٹر طویل اورچ رئیس جدید سیسمک، صوتی اور سمندر کی تہہ کا سروے کرنے والے آلات سے لیس ہے۔یہ جہاز صوتی لہروں کے ذریعے سمندر کی تہہ میں موجود چٹانوں کی ساخت کا جائزہ لے گا اور حاصل ہونے والے ڈیٹا کی مدد سے زیر سمندر ارضیاتی ساخت کی سہ جہتی تصاویر تیار کی جائیں گی۔اس تحقیق سے مستقبل میں تیل وگیس کی تلاش اور کھدائی کے امکانات کا تعین کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے بتایا کہ ترک حکام کے مطابق سروے میں تقریباً 5 سے 6 ماہ لگ سکتے ہیں۔اسحاق ڈار نے امید ظاہر کی کہ یہ مشن پاکستان کے لیے تیل وگیس کے ذخائر کی دریافت کی خوش خبری لائے گا۔انہوں نے واضح کیا کہ سمندر میں توانائی کے ذخائر کی تلاش ایک پیچیدہ اور مہنگا عمل ہے اور سیسمک سروے سے ذخائر ملنے کی ضمانت نہیں ہوتی، تاہم یہ مستقبل کی تلاش کے لیے بنیادی معلومات فراہم کرتا ہے۔نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی ماہرین ارضیات اور انجینیئر زاپنے ترک ہم منصبوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ دونوں ملکوں کی جامعات اور تحقیقی اداروں کے درمیان سمندری ارضیات اور سمندر میں توانائی کی تلاش سے متعلق انجینیئرنگ کے شعبوں میں اشتراک کے امکانات بھی موجود ہیں۔انہوں نے ترک سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اہم منصوبوں میں ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی اور اداروں کے درمیان رابطے کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر نہ ہو۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سمندری سرگرمیوں میں بحری تحفظ اور ماحولیاتی معیار کا مکمل خیال رکھا جائے، کیونکہ سمندر معاشی اثاثہ ہونے کے ساتھ قدرتی امانت بھی ہے۔ان کے مطابق پاکستان اور ترکیہ کا یہ مشترکہ مشن سائنسی معلومات میں اضافے، قومی صلاحیتوں کی ترقی اور دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے نئے راستے کھولے گا۔تقریب سے خطاب میں الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان شعبہ توانائی میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں، پاکستان اور ترکیہ کے توانائی تعلقات میں نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے۔پاکستان کے ساتھ توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان ترکیہ مشترکہ تاریخ، اقدار، بھائی چارے کے مضبوط رشتوں میں بندھے ہیں، توانائی کے شعبے میں تعاون دونوں ممالک کے مستقبل کو نئی سمت دیگا۔

بقیہ 08

اختیارات، سپیکر وڈپٹی اسپیکر کی مراعات اور خصوصی اقدامات سے متعلق آرڈیننسز شامل ہیں۔تفصیلات کے مطابق وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے وزارت قانون وانصاف کی سمری کی منظوری دی، صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے جلد آرڈیننسز جاری کیے جائیں گے، گورنر خیبر پختونخوا نیہ آرڈیننسز منظوری دینے کے بعد صدر مملکت کو اجرا کیلئے ارسال کیے۔آرڈیننسز میں خیبر پختونخوا اسپیشل انیشیٹیوز آرڈیننس 2026، اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) آرڈیننس، خیبر پختونخوا سوسائٹیز (رجسٹریشن) ترمیمی آرڈیننس 2026، صوبائی اسمبلی (اختیارات، استثنی اور مراعات) آرڈیننس 2026، اسپیشل انیشیٹیوز آرڈیننس (026 نامزد اضلاع) شامل ہیں۔

بقیہ 09

تاریخ اور فکری حوالوں سے بھی یہی حقیقت ثابت ہوتی ہے کہ برصغیر میں الگ تشخص کا شعور کوئی نئی بات نہیں؛ انیسویں صدی میں سرسید احمد خان نے دو جداگانہ قوموں کے معاشرتی وتاریخی فرق کی واضح نشان دہی کی، جبکہ بانی؟ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح؟ نے برصغیر کے مسلمانوں کو مذہب، فلسفے، اقدار اور تاریخ کے لحاظ سے ایک مکمل اور مستقل قوم قرار دیا۔ معروف عالمی مؤرخ اسٹینلے وولپرٹ (WolpertStanley) کا تجزیہ بھی اسی امر کی تائید کرتا ہے کہ قائداعظم کی بصیرت افروز قیادت نے برصغیر کی سیاست اور عالمی نقشے کو نئی سمت دے کر یہ ثابت کر دیا کہ یہ خطہ محض ایک یک رنگی اکائی نہیں تھا۔ دوسری جانب، خود خطے کے تجزیہ کاروں اور جنوبی ایشیائی مبصرین بشمول ادایان داس (Das Udayan) کا بھی ماننا ہے کہ "اکھنڈ بھارت" جیسے تصورات نہ صرف ہمسایہ ریاستوں کی خودمختاری کے لیے سنگین خدشات پیدا کرتے ہیں بلکہ بھارت کے اندرونی سیاسی بیانیے کو ہوا دینے کا محض ایک آلہ کار ہیں۔

بقیہ 10

مالدیپ کے درمیان تجارتی روابط مضبوط بنانے کیلئے مشترکہ اقدامات پر زور دیا گیا۔وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ سمندری تجارت بڑھانے کا خواہاں ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ جنید انوار چوہدری نے بتایا کہ پاکستانی وفد دسمبر میں مالدیپ کا دورہ کرے گا۔ان کا کہنا تھا کہ سمندری رابطوں میں بہتری سے دوطرفہ تجارت کو فروغ ملے گا۔مالدیپ کے ہائی کمشنر نے کہا کہ پاکستانی وفد کے دورہ مالدیپ سے دونوں ممالک کے تعلقات کو نئی جہت ملے گی۔انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ پاکستان کے ساتھ تجارتی تعلقات مضبوط بنانے کے لئے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔

بقیہ 11

اقوام متحدہ میں بھارت کی جانب سے دیے گئے غیر سفارتی، غیر ذمہ دارانہ اور بے بنیاد بیانات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی الزامات پاکستان کے اندرونی معاملات میں ناقابل قبول مداخلت اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی ہیں۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اقوام متحدہ میں بھارت کی جانب سے پاکستان پر عائد الزامات کا پاکستانی نمائندے نے فوری اور مؤثر جواب دیا۔ترجمان نے کہا کہ بھارت پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کے حوالے سے پاکستان کے جائز تحفظات کا جواب دے۔ پاکستان کے معدنی وسائل کی ترقی کے خلاف بھارتی دشمنی بھی واضح ہے۔دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گرد کارروائیوں میں بھارتی سرپرستی ملوث ہے۔ پاکستان متعدد بار دہشت گردی میں بھارت کے ملوث ہونے پر اپنے تحفظات اٹھا چکا ہے۔ترجمان نے بھارت پر زور دیا کہ اقوام متحدہ میں جھوٹ پھیلانے کے بجائے مقبوضہ کشمیر سے متعلق اقوام متحدہ کی قرار دادوں پر عمل درآمد کرے۔

بقیہ 12

اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے۔یورپی یونین کے زیر اہتمام یورپی پارلیمنٹ برسلز میں منعقد ہونے والے تیسرے شومان سکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم میں پاکستان نے اعلیٰ سطح پر شرکت کرتے ہوئے عالمی امن و سلامتی، موسمیاتی خطرات اور خطے کے دیرینہ تنازعات کے پرامن حل پر اپنا مقف پیش کیا ہے۔ 17 اور 18 نومبر کو ہونے والے اس دوروزہ فورم میں پچاسی سے زائد شراکت دار ممالک، یورپی یونین، اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں نے شریک ہو کر بدلتے ہوئے عالمی نظام اور سکیورٹی چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس کی خصوصی دعوت پر فورم میں شرکت کی، جہاں یورپی پارلیمنٹ آمد پر ان کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا گیا۔فورم کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے بتایا کہ گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریبا دو لاکھ سینتیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام دے چکے ہیں، جبکہ ایک سو تراسی پاکستانی اہلکار عالمی امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔خواجہ محمد آصف نے کہا کہ اقوام متحدہ کے امن مشنز کو درپیش مالی مشکلات اور وسائل کی کمی عالمی سلامتی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے، اور اہلکار فراہم کرنے والے ممالک کو پالیسی سازی میں موثر نمائندگی ملنی چاہیے۔انہوں نے عالمی سلامتی کے تصور کو وسیع کرتے ہوئے کہا کہ سلامتی صرف فوجی طاقت تک محدود نہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوریاں بھی عدم استحکام کو جنم دے سکتی ہیں، اور پاکستان موسمیاتی خطرات سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔وزیر دفاع نے دیرینہ تنازعات کو بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور یورپی پارلیمنٹ میں چیئرمین کشمیر کونسل ای یو علی رضا سید سے ملاقات کر کے مسئلہ کشمیر کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہا۔دور برسلز کے دوران یورپی حکام سے ملاقاتوں، سفارتی رابطوں اور انتظامات میں بیلجیئم، لکسمبرگ اور یورپی یونین کے لیے پاکستانی سفیر رحیم حیات قریشی اور سفارتی ٹیم نے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 13

رساں ادارے کے مطابق رواں ہفتے برطانیہ نے مقبوضہ مغربی کنارے میں یہودی بستیوں کی تعمیر اور توسیع میں ملوث 8 اسرائیلی کمپنیوں کے علاوہ غزہ میں انسانی امداد کی ترسیل میں رکاوٹ ڈالنے والے اسرائیلی گروپ پر پابندیاں عائد کی تھیں۔ دوسری جانب آسٹریلیا نے بھی مقبوضہ مغربی کنارے میں غیر قانونی آبادکاری اور فلسطینیوں کے خلاف تشدد میں ملوث 3 اسرائیلی افراد اور 4 تنظیموں پر پابندیاں عائد کرنے کا اعلان کیا تھا۔ جاری مشترکہ اعلامیے میں پاکستان، کویت، اردن، متحدہ عرب امارات، انڈونیشیا، ترکیہ، الجزائر، سعودی عرب، صومالیہ، عمان، فلسطین، قطر، لیبیا، مالدیپ، مصر اور نائجر کے وزرائے خارجہ نے برطانیہ اور آسٹریلیا کی جانب سے مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں غیر قانونی اسرائیلی آبادکاری کی سرگرمیوں پر پابندیاں عائد کرنے کے فیصلے کا خیرمقدم کیا، جن میں یہودی بستیوں کی تعمیر میں ملوث کمپنیوں کو بھی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔بیان میں برطانیہ کی جانب سے ایسے اسرائیلی گروپ پر پابندیاں عائد کرنے کے فیصلے کا بھی خیرمقدم کیا گیا جو غزہ کی پٹی میں انسانی امداد کی ترسیل میں رکاوٹ ڈالنے میں ملوث پایا گیا ہے۔وزرائے خارجہ نے مشترکہ بیان میں کہا کہ وہ ذمہ داران کا احتساب یقینی بنانے کے لیے تمام کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔ ان میں مناسب بین الاقوامی اقدامات اور غیر قانونی آبادکاری میں ملوث اداروں اور افراد پر پابندیاں عائد کرنا بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ای ون آبادکاری منصوبے کے علاوہ الحاق اور یہودی بستیوں کے پھیلا کی پالیسیوں کی حمایت، ان پر عمل درآمد یا انہیں ممکن بنانے والے عناصر کو بھی پابندیوں کا سامنا کرنا چاہیے۔

بقیہ 14

رات گئے اسلام آباد سے پشاور روانہ ہوئے اور مفتی محمود مرکز پہنچے، جہاں موجود کارکنوں نے ان کا استقبال کیا۔ذرائع کے مطابق اسلام آباد میں مولانا فضل الرحمان کی سرکاری سکیورٹی واپس لینے کے بعد ان کی رہائش گاہ کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کردی گئی تھی۔اس صورتحال کے بعد انہوں نے اپنے قریبی ساتھیوں سے مشاورت کی اور پشاور منتقل ہونے کا فیصلہ کیا۔جے یو آئی ذرائع کا کہنا ہے کہ مفتی محمود مرکز میں قیام کا مقصد کارکنوں کی بڑی تعداد کی موجودگی اور سیاسی سرگرمیوں کو جاری رکھنا ہے۔اطلاعات کے مطابق مولانا فضل الرحمان آج (ہفتے) کے روز پشاور ہائیکورٹ بار جائیں گے، جہاں وہ وکلا سے خطاب کریں گے۔سیکیورٹی کی واپسی کے بعد مولانا فضل الرحمان کی پشاور منتقلی سیاسی حلقوں میں اہم پیشرفت قرار دی جارہی ہے۔

بقیہ 15

سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بنکاک میں تھائی لینڈ کی سینیٹ کے صدر مونگکول سوراساجا سے ملاقات کی جس دوران پاکستان اور تھائی لینڈ کے دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی روابط، تجارت، سرمایہ کاری، افرادی قوت اور ثقافتی تعاون کے فروغ بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان اور تھائی لینڈ کے درمیان دیرینہ، دوستانہ اور قریبی تعلقات قائم ہیں اور دونوں ممالک رواں سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں جو دونوں اقوام کے درمیان گہری دوستی اور باہمی اعتماد کی عکاس ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان تھائی لینڈ کے ساتھ دوطرفہ اور آسیان کے تناظر میں تعلقات کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے تاریخی روابط کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی عوام تھائی لینڈ کے آنجہانی بادشاہ بھومی بول ادولیادیج اور ملکہ مدر سیرکت کے 1962 کے دورہ پاکستان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے تھائی ولی عہد مہا وجیرالونگ کورن کے پاکستان کے تین دوروں اور شہزادی مہا چکری سرینڈھورن کے 2012 کے دورہ پاکستان کا بھی ذکر کیا۔سید یوسف رضا گیلانی نے بتایا کہ وزیراعظم پاکستان نے 20 اکتوبر 2026 کو تھائی لینڈ کے وزیراعظم انوتن چارنویراکول کو دورہ پاکستان کی دعوت دی ہے اور پاکستان ان کے دورے کا منتظر ہے۔ انہوں نے پارلیمانی روابط کے فروغ پر زور دیتے ہوئے بتایا کہ سینیٹ آف پاکستان میں تھائی لینڈ پاکستان دوستی گروپ قائم کیا گیا ہے۔

بقیہ 16

کی جانے والی ٹیلی کام سائٹس کی مجموعی تعداد 1,127 سے تجاوز کرگئی ہے۔اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ پی ٹی اے کی ٹیموں نے کراچی، لاہور، کوئٹہ اور پشاور سمیت مختلف شہروں میں موبائل سائٹس کی فیلڈ مانیٹرنگ کی، جس کے دوران متعدد تکنیکی اور انتظامی خامیوں کی نشاندہی کی گئی۔معائنے کے دوران موبائل سائٹس پر بجلی کی فراہمی اور متبادل انتظامات میں نقائص سامنے آئے جبکہ بیٹریوں، جنریٹرز اور ٹیلی کام آلات کی کارکردگی سے متعلق مسائل بھی رپورٹ کئے گئے۔اس کے علاوہ فائبر آپٹک کیبلز کے تحفظ سے متعلق خامیوں کی بھی نشاندہی کی گئی۔پی ٹی اے کے مطابق ان مسائل کے حل کیلئے ضلعی انتظامیہ، منتخب عوامی نمائندوں اور ٹیلی کام آپریٹرز کے ساتھ رابطے کیے گئے ہیں تاکہ سروسز میں موجود خامیوں کو بروقت دور کیا جاسکے۔اتھارٹی کا کہنا ہے کہ ملک بھر میں ٹیلی کام سروسز کے معیار کو بہتر بنانے، صارفین کو قابل اعتماد سہولیات فراہم کرنے اور کسی بھی خرابی کی صورت میں سروسز کی فوری بحالی یقینی بنانے کے لیے نگرانی اور اصلاحی اقدامات جاری رہیں گے

بقیہ 17

کی صلاحیت بڑھا رہی ہیں اور علاقائی تنازعات سے فائدہ اٹھا کر اپنا اثر و رسوخ پھیلا رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف موثر عالمی حکمت عملی کے لئے دوٹوک موقف، عدم برداشت اور بین الاقوامی تعاون ناگزیر ہے، افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہ نہ صرف اس ملک بلکہ اس کے پڑوسی ممالک کی سلامتی کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ داعش خراسان (آئی ایس) کے سرحد پار حملوں کے لیے اپنی صلاحیت اور سرگرمیاں بڑھا رہی ہے، سن لی نے طالبان حکومت پر زور دیا کہ وہ دہشتگردی کے خلاف اپنے وعدوں کی پاسداری کرے اور افغانستان میں موجود تمام دہشتگرد گروہوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرے، جن میں سلامتی کونسل کی قرارداد 1267 کے تحت پابندیوں کی فہرست میں شامل افراد اور تنظیمیں بھی شامل ہیں۔چینی مندوب نے کہا کہ افغانستان کو دوبارہ دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ بننے سے روکنے کیلئے موثر اقدامات ناگزیر ہیں، دہشتگردی کی بنیادی وجوہات کے خاتمے کے لئے عالمی برادری کو افغانستان کی معیشت کی بحالی اور عوام کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرنی چاہئے۔انہوں نے وسطی ایشیائی ممالک، علاقائی تنظیموں، خصوصا شنگھائی تعاون تنظیم اور افغانستان کے درمیان تعاون بڑھانے پر بھی زور دیا تاکہ سرحد پار دہشتگردی کے خطرات کا مشترکہ طور پر مقابلہ کیا جاسکے۔سن لی نے خبردار کیا کہ دہشت گرد تنظیمیں اپنے مقاصد کے لئے انٹرنیٹ، مصنوعی ذہانت، ڈرونز اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کا بڑھتا ہوا استعمال کر رہی ہیں۔ان ذرائع کو لوگوں کو تشدد پر اکسانے، نئے ارکان بھرتی کرنے، مالی وسائل جمع کرنے اور حملوں کی منصوبہ بندی کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔انہوں نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی نگرانی، خطرات کے جائزے اور مؤثر ضابطہ کار کو مضبوط بنایا جائے، ترقی پذیر ممالک کو بھی ٹیکنالوجی، آلات، فنی معاونت، تربیت اور خفیہ معلومات کے تبادلے کے ذریعے دہشتگردی کے خلاف اپنی صلاحیتیں بہتر بنانے میں مدد دی جانی چاہیئے۔

بقیہ 18

نظام اللہ کے حکم کے خلاف ہے، اسے ختم ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ دین محض چند بنیادی مسائل کا نام نہیں بلکہ عدل وانصاف پر مبنی مکمل نظام ہے۔اگر معاشرے میں انصاف نہ ہو اور فساد پھیلا ہو تو اسے دینی نظام قرار نہیں دیا جا سکتا۔امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا سمیت ملک بھر کو سنگین مسائل کا سامنا ہے، کوئی صوبہ فنڈز کی کمی کا شکوہ کرتا ہے تو کوئی نئے صوبوں کا مطالبہ کر رہا ہے، بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی خراب ہے، تاہم ان حالات کے باوجود جماعت اسلامی وہاں بھرپور کام کر رہی ہے۔حافظ نعیم الرحمن نے غزہ کی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل نے ہزاروں معصوم بچوں کو شہید کیا ہے، موجودہ نظام میں خواتین کو ہراساں کرنے کے واقعات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، جو معاشرتی مسائل کی سنگینی ظاہر کرتا ہے۔انہوں نے معاشی معاملات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کی کمیٹی نے پٹرول کے معاملے پر کام کیا تو کئی مقامات پر کرپشن کے انکشافات سامنے آئے۔امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ شرح سود 12 فیصد ہے جبکہ کھاتہ داروں کو صرف 5.6 فیصد منافع ملتا ہے، بینکوں میں موجود 40 فیصد رقم کرنٹ اکاؤنٹس میں ہے، جس پر سود نہیں دیا جاتا۔

بقیہ 19

یہ بات وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بچوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی، یہ دن 20 نومبر 2026 کو منایا جارہاہے۔شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان آج اس عزم کی تجدید کرتا ہے کہ بچوں کی ذہنی وجسمانی نشونما، علمی وفکری تربیت اور حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے گا۔وزیراعظم نے کہا کہ بچے قوم کے تابندہ مستقبل کے معمار، قومی تہذیب کے پاسبان اور روایات واقدار کے امین ہوتے ہیں، بچوں کی آواز سننے والا معاشرہ ہی منصفانہ، جامع اور خوشحال مستقبل کا ضامن ہے۔بچوں کے لئے یہ مختص دن اقوام متحدہ کے کنونشن برائے حقوق اطفال (یواین سی آرسی) کی منظوری کی یاد میں عالمی سطح پر منایا جاتا ہے، اس سال کا موضوع میرا دن، میرے حقوق، میرا مستقبل بچوں کی فلاح وبہبود کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔

بقیہ 20

اور سیاسی انداز میں ہوگا۔مولانا فضل الرحمان نے مفتی محمود مرکز میں نماز جمعہ کی ادائیگی اور امامت کے بعد کارکنوں سے مختصر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم مشتعل مزاج لوگ نہیں ہیں بلکہ بڑے طریقے، تدبر اور حکمت کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں۔کارکن متحد، متفق اور ایک صف میں رہیں، کسی کی طاقت آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔ان شاء اللہ ہم مخالفین کی طاقت کو خاکستر کرکے رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت جماعت کو مشکل حالات کا سامنا ہے، تاہم کارکنوں کو اتحاد اور اتفاق برقرار رکھنا ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ اگر قائد کو گرفتار کرنے کی کوشش کی گئی تو کارکن مزاحمت کریں گے۔ پارٹی رہنماؤں نے بھی الزام عائد کیا کہ حکومت میں شامل بعض افراد جمعیت علماء اسلام کو نشانہ بنا رہے ہیں۔مفتی محمود مرکز میں نماز جمعہ کے موقع پر کارکنوں اور شہریوں کی بڑی تعداد پہنچ گئی، جس کے باعث مسجد اور مرکز میں جگہ کم پڑ گئی، گنجائش پوری ہونے پر مرکز کا گیٹ بند کردیا گیا، جبکہ باہر بھی کارکنوں کی بڑی تعداد موجود رہی مرکز کی سکیورٹی کے انتظامات انصار الاسلام نے سنبھالے ہوئے تھے، جبکہ پولیس کی دو گاڑیاں مرکز کے باہر موجود تھیں۔ مرکز میں داخل ہونے والے افراد کی تلاشی لی جا رہی تھی۔ نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد کارکنوں نے اللہ اکبر کے نعرے بھی لگائے۔

بقیہ 21

بحران سے نکلنے میں وقت لگے گا، عوام کے کندھوں پر معاشی بوجھ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آنے والے حالات میں عوام کیسے گذارا کریں گے، موجودہ حالات میں فارووڈ پلاننگ کیا کر سکتے ہیں، افسوس کے ساتھ ہمارے سیاستدانوں نے عوام کے اصل مسائل پر بات کرنا چھوڑ دیا ہے، پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کی فلاح بہبود کے لیے کام کرتی رہتی ہے، چھوڑے زمینداروں کی مدد کی جارہی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ زراعت کے شعبے میں 90 فیصد چھوٹے زمینداروں کا کردار ہے، مہنگائی بڑھ رہی ہے، حالات مشکل ہوتے جارہے ہیں، میں نے 2 دفعہ شہباز شریف کو وزیراعظم بنوایا، انہیں ابھی تک معاشی مسائل کی طرف توجہ دینے کا موقع ہی نہیں دیا گیا، جانتا ہوں کہ وہ فخر کرتے ہیں کہ انہوں نے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا، جب بھی وہ کوشش کرتے ہیں تو کوئی نہ کوئی وزیر اٹھ کر اپنا ایجنڈا اسنا دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایران جنگ کی وجہ سے عوام کو مہنگائی کا سامنا ہے، میں نے اپنی زندگی میں اس سے زیادہ مشکل وقت نہیں دیکھا، ہمارے سامنے اب تک خطے میں امن کا کوئی معاہدہ نظرنہیں ا?، یا، اس جنگ کے خاتمے تک عوام کو مشکلات کا سامنا رہیگا، ایسے حالات میں عوام کو ریلیف دلانے کیلئے کیا کیا جاسکتا ہے، پوری دنیا میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ افسوس کہ پاکستان میں عوامی مسائل پر توجہ دینے کی روایت ختم ہوگئی ہے، پیپلز پارٹی کا ا?ج بھی فوکس عوام کو ریلیف دینے پر ہے، بینظیر ہاری کارڈ کاشت کاروں اور چھوٹے زمینداروں کو ریلیف دینے کیلئے بنایا گیا، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ چھوٹے کاشت کاروں کی مدد کی ہے، چھوٹے کاشت کار زرعی شعبے کا نوے فیصد حصہ رکھتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ان کاشت کاروں کی بینظیر ہاری کارڈ سے مدد کی جارہی ہے، جو حالات ہیں مشکلات مزید بڑھیں گی، کھاد کا ملنا مشکل ہو جائیگا، کاشت کاروں کو 4 ہزار روپے فی ایکڑ مالی امداد دی جارہی ہے، پیپلز پارٹی زرعی شعبے کی مشکل وقت میں امداد کیلئے کوشاں ہے، تھر پارکر اور عمرکوٹ کو ا?فت زدہ قرار دینے کا بھی خیرمقدم کرتا ہوں، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کیلئے متاثرہ خاندانوں کو 8 ہزار دینے کا بھی خیرمقدم کرتا ہوں، پیپلز پارٹی کا یہی طریقہ ہے کہ معاشی بحران میں عوام کی مدد کی جائے۔

بقیہ 22

اصل آواز ظاہر نہیں ہوگی۔ فیصلے الیکٹرانک طریقے سے متعلقہ فریقین کو بھجوائے جائیں گے۔ کیس کا آڈٹ یا پہلے فیصلہ کرنے والا افسر اسی کیس کی اپیل نہیں سن سکے گا۔ جاری بیان کے مطابق ایف بی آر نے انکم ٹیکس رولز دو ہزار دو اور سیلز ٹیکس رولز دو ہزار چھ میں نئی ترامیم کے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے۔فیس لیس اپیلز کے لئے انکم ٹیکس رولز 2002 میں ترامیم کر دی گئیں۔ انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی اپیلز بالمشافہ نہیں بلکہ آن لائن سنی جائیں گی۔ اپیلیں ایف بی آر کے آئرس پورٹل کے ذریعے دائر ہوں گی۔ سسٹم خود کار طریقے سے فوری کیس نمبر جاری کرے گا۔ سماعت کیلئے کمشنرز کی تعیناتی رینڈم طریقے سے ہوگی۔ اپیل سننے والے کمشنر کی شناخت خفیہ رکھنے کا فیصلہ۔ اپیل کنندہ اور اس کے وکیل کو کمشنر کی شناخت نہیں بتائی جائے گی۔ ایف بی آر کے مطابق اپیلوں کی سماعت ویڈیو کانفرنس کے ذریعے کی جائے گی۔ کمشنر کا چہرہ اور اصل آواز ظاہر ہوگی نہ فیصلوں پر نام، عہدہ اور دستخط ہوں گے۔ اپیل کنندہ کو تحریری دلائل کے ذریعے بھی اپنا مقف پیش کرنے کی اجازت۔ ٹیکس واجبات کی وصولی روکنے کی درخواست بھی آن لائن دائر ہوگی۔ اسٹے کی درخواستوں پر بھی الیکٹرانک طریقے سے فیصلہ کیا جائے گا۔ فیصلے ڈیجیٹل شناختی نمبر درج کرکے الیکٹرانک طریقے سے متعلقہ فریقین کو بھجوائے جائیں گیسیلز ٹیکس رولز 2006 میں نئی ترامیم کا نوٹیفکیشن بھی جاری۔ ترجمان کے مطابق کیس کا آڈٹ کرنے یا فیصلہ دینے والا افسر اسی کیس کی اپیل نہیں سن سکے گا۔ سسٹم میں خرابی کی صورت میں مقررہ مدت میں توسیع ممکن۔ نئی ترامیم کا اطلاق نیشنل فیس لیس سینٹر کے ذریعے نمٹائی جانے والی اپیلز پر ہوگا۔

بقیہ 23

شعبے کی ترقی سے متعلق امور بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔وزارت ریلوے سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران صدر میرپور چیمبر نے وفاقی وزیر کو بتایا کہ چیمبر کا قیام 1980 میں عمل میں آیا تھا اور اس وقت میرپور میں فارماسیوٹیکل اور سٹیل سمیت مختلف شعبوں سے وابستہ 115 صنعتی یونٹس فعال طور پر کام کر رہے ہیں۔اس موقع پر پاکستان ریلوے اور میرپور کی صنعتی وکاروباری برادری کے درمیان باہمی تعاون بڑھانے پر گفتگو ہوئی اور صنعتی شعبے کی ضروریات کے مطابق ریلوے کے ذریعے مال برداری اور ٹرانسپورٹ کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔محمد حنیف عباسی نے صنعتی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ملک کی صنعتوں کو معیاری اور تیز رفتار ٹرانسپورٹ سہولیات کی فراہمی کے لیے پاکستان ریلوے کے کردار کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

بقیہ 24

داری سونپی جائے گی۔ کمیٹی پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم پاکستان سمیت ایوان میں موجود تمام پارلیمانی جماعتوں کی قیادت سے رابطہ کرے گی اور انہیں موجودہ سیاسی صورتحال اور انتظامی ڈھانچے میں ممکنہ تبدیلیوں کے حوالے سے مشاورت میں شامل کیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کی قیادت چاہتی ہے کہ اہم قومی اور سیاسی معاملات پر انفرادی فیصلوں کے بجائے تمام سیاسی قوتوں کو اعتماد میں لے کر آگے بڑھا جائے۔اس سلسلے میں مختلف جماعتوں کے مقف اور تجاویز حاصل کی جائیں گی تاکہ باہمی مشاورت سے کسی مشترکہ حکمت عملی پر اتفاق رائے پیدا کیا جاسکے۔رابطہ کار کمیٹی کی تشکیل کو سیاسی جماعتوں کے درمیان رابطوں میں بہتری اور قومی معاملات پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش قرار دیا جارہا ہے۔یاد رہے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سندھ کی جبری تقسیم اور ریفرنڈم کی مبینہ تجاویز پر انتہائی سخت ردعمل کا اظہار کیا تھا، انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ سندھ کی تقسیم زور زبردستی کرنے کی کوشش کی گئی تو اس کے انتہائی خطرناک اور تباہ کن نتائج برآمد ہوں گے۔ کراچی پریس کلب میں میٹ دی پریس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ زور زبردستی کے ذریعے سندھ کی تقسیم کی گئی تو کراچی کی سڑکوں پر جو خون بہے گا، اس پر کڑی بازپرس اور سوالات کیے جائیں گے، صوبے کی زبردستی تقسیم معاشرے کو ٹکڑے ٹکڑے کردے گی اور یہ دشمنی کی حد تک چلی جائے گی، ایسی صورت میں عام آدمی ہتھیار اٹھانے پر مجبور ہوجائے گا اور یہ خون خرابا کسی ایک مقام تک محدود نہیں رہے گا، سندھ کی تقسیم کے معاملے پر صوبائی اسمبلی نے ایک نہیں بلکہ دس بار اپنا واضح مقف اور قرارداد پیش کرکے ردعمل دے دیا ہے۔ ملک میں ریفرنڈم کرانے کی تجاویز پر کڑی تنقید کرتے ہوئے چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ محسن بھائی کرنا کیا چاہتا ہے؟ ریفرنڈم کی بات دراصل نیت اور غیر آئینی طریقہ کار کی تلاش کی علامت ہے، جب بھی کوئی غیر جمہوری کام کرنا مقصود ہوتا ہے تو ریفرنڈم کا سہارا لیا جاتا ہے جبکہ آئین میں باقاعدہ طریقہ کار موجود ہے، ایک صوبے کا وزیر کہتا ہے کہ ریفرنڈم کرالیں، ارے بھئی! پہلے وہ جا کر اپنی اسمبلی کا ریفرنڈم تو کرا کے دیکھیں، ہم ہر غیر آئینی طریقے کا بھرپور اور ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 25

فہم ہے، چھوٹے صوبے بنانا مثبت عمل ہے لیکن پیشگی بنیادی اصلاحات کیے بغیر اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے شفاف نمائندہ جمہوریت کے تقاضے پورے کریں، سیاست میں غیر جمہوری مداخلت اور پیسے والوں کی حکمرانی ختم کریں، تعلیم یافتہ مڈل کلاس کیلئے سیاست کرنے کا راستہ بنائیں، سول سروس اور عدالتی ریفارمز کریں۔ان کا کہنا تھا کہ ملک میں جاری شدید سیاسی تناؤ، دہشت گردی، افلاس کی انتہا، مفلوج نظام عدل، متنازع پارلیمنٹ اور غیر سیاسی مداخلت کی موجودگی میں ممکن ہے کہ چھوٹے صوبے بنا لیے جائیں لیکن یہ نظام ناپائیدار ہوگا اور نئی پیچیدگیاں لائے گا۔خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ ہمارا سب سے بڑا مسئلہ بھوک، غربت، ناانصافی، دہشت گردی بنیادی حقوق کی پامالی، سیاسی انتقام اور غیر آئینی عوامل کا خاتمہ ہے، ملک چلانا ہے تو پہلے ان مصائب سے قوم کی جان چھڑائیں، جلد بازی سے کام لے کر چھوٹے صوبے بنانے کا پراگریسو اقدام متنازع نہ بنایا جائے، کیا کوئی قائل کرنے والا یا ہونے والا موجود ہے یا نہیں۔

بقیہ 26

رئیس اس مقصد کیلئے کراچی پہنچ گیا اور کراچی پورٹ پر لنگر انداز ہوگیا۔ پاکستان اور ترکی کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کا نیا باب کھلنے کو تیار ہے۔رپورٹ کے مطابق ترک کمپنی ٹی پی او سی نے پاکستان میں آف شور تیل وگیس کی تلاش کے لئے شراکت داری کرلی، آف شور بڈ راونڈ میں تیل و گیس کی تلاش کیلئے 40 سمندری بلاکس پیش کئے گئے۔ پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ آف شور بلاک میں ٹوڈی اور تھری ڈی سیسمک سروے مکمل کرچکی ہے، پاکستان کے 3 لاکھ مربع کلومیٹر سمندری علاقے میں تیل وگیس کے وسیع ذخائر کے امکانات ہیں، قیام پاکستان سے اب تک سمندری علاقوں میں تیل وگیس کے صرف 18 کنویں کھودے جاسکے ہیں، پاکستان کے سمندری علاقے متحدہ عرب امارات، عمان اور ایران کی سمندری حدود سے متصل ہیں۔

بقیہ 27

لیا گیا جس میں ساتھ وزراء کو فارغ جبکہ کچھ اراکین اسمبلی کو کابینہ میں شامل کرینگے ذرائع کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کو صوبائی وزیر زراعت سونپ دیا گیا اور باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردی گئی جبکہ پاکستا پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو اوڈینیٹر برائے لوکل گورنمنٹ میر حمزہ زہری اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کو فارغ کرکے ان کی جگہ میر ظہور بلیدی کو محکمہ آبپاشی کو زرک خان مندوخیل کو محکمہ ریونیو، اسفندیار کاکڑ کو محکمہ لوکل گورنمنٹ برکت رند کو محکمہ پبلک ہیلتھ مولانا ہدایت الرحمٰن کو فیشریز اور نوابزادہ میر زرین مگسی کو محکمہ تعلیم سونپ دیا جائے ذرائع کے مطابق نئے وزراء پیر کے روز گورنر ہاؤس میں حل اٹھائینگے

بقیہ 28

اطلاعات عمران خان اور ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ عسکر خان کے درمیان خوشگوار ماحول میں گفتگو ہوئی، جس میں محکمہ کی مجموعی کارکردگی، باہمی تعاون، سرکاری امور کی مؤثر انجام دہی اور شعبہ اطلاعات و ابلاغ عامہ کو مزید فعال اور مؤثر بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ عسکر خان نے سیکرٹری اطلاعات عمران خان کی محکمانہ خدمات، پیشہ ورانہ رہنمائی، انتظامی معاونت اور محکمہ کے امور میں دلچسپی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی سرپرستی اور رہنمائی میں محکمہ نے مختلف اہم امور میں پیش رفت کی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ذمہ داریوں کے دوران باہمی اعتماد، ٹیم ورک اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کسی بھی محکمے کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے بھی محکمہ تعلقاتِ عامہ کے افسران اور عملے کی پیشہ ورانہ خدمات، محنت اور تعاون کو سراہتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں کی مؤثر کارکردگی کے لیے باہمی رابطہ کاری، ذمہ داری اور ٹیم ورک بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔تقریب کے اختتام پر سیکرٹری اطلاعات عمران خان کو ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز عسکر خان نے ان کی خدمات کے اعتراف میں یادگاری تحفہ اور شیلڈ پیش کیا اور ان کے لیے مستقبل کی ذمہ داریوں میں کامیابی، ترقی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 29

ہوئے کیسز پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں نعمان شاہ کا کہنا تھا کہ صرف ایک دن میں کوئٹہ کے ہسپتالوں میں ہارٹ اٹیک کے 27 سے زائد مریض رپورٹ ہوئے ہیں، اور اگر گزشتہ 19 دنوں کے اعداد و شمار اور اموات کا ریکارڈ مرتب کیا جائے تو صورتحال انتہائی تشویشناک سامنے آئے گی۔نعمان شاہ نے ذاتی صدمے کا حوالہ دیتے ہوئے اس معاملے پر آواز اٹھائی اور متعلقہ حکام کی کارکردگی پر سوالات اٹھائے۔ان کا کہنا تھا کہ محکمہ خوراک (فوڈ ڈیپارٹمنٹ)، محکمہ صحت (ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ) اور وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے اس سنگین مسئلے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام بنیادی مسائل جیسا کہ گیس، بجلی اور پانی کی قلت میں الجھے ہوئے ہیں، جبکہ دوسری جانب روزانہ کی بنیاد پر اموات کی خبریں سننے کو مل رہی ہیں۔نعمان شاہ نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ اپنی صحت کے تحفظ اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے بیدار رہوں۔

بقیہ 30

سے فرٹیلائزر کمپلیکس قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دو ارب روپے کی ابتدائی لاگت سے بلوچستان میں رجسٹرڈ بلوچستان انشورنس کمپنی لمیٹڈ قائم کی جائے گی۔ اس کمپنی کے قیام سے صوبے کے سرکاری اداروں اور مقامی شہریوں کو انشورنس کی بہتر اور معیاری سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔اس اقدام سے صوبے میں مالیاتی خدمات کے شعبے کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت انشورنس کمپنی کا قیام صوبے میں مالیاتی خدمات کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ حکومت بلوچستان نجی شعبے کے اشتراک سے ایسے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جن کے ذریعے صوبے کی معاشی استعداد سے بھرپور استفادہ کیا جاسکے اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں نجی شعبے کی شراکت داری کو فروغ دے کر معاشی سرگرمیوں میں وسعت اور پائیدار ترقی کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔اجلاس میں ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں لو بی ٹی یو گیس کو بروئے کار لاتے ہوئے فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام پر بھی اتفاق کیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے مقامی قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال کے ساتھ صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور مقامی آبادی کے لیے روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام سے علاقے میں تجارتی سرگرمیوں میں اضافے اور متعلقہ شعبوں میں معاشی مواقع پیدا ہونے کی بھی توقع ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل کو مقامی سطح پر صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے استعمال کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والے معاشی فوائد میں مقامی آبادی کو بھی بھرپور حصہ ملے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے راستے کھلیں۔ سوئی میں فرٹیلائزر کمپلیکس کا قیام اسی سوچ کے تحت ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے علاقے میں صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں معاشی ترقی کے لیے ایسے منصوبوں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے جن میں سرکاری اور نجی شعبہ مشترکہ طور پر سرمایہ کاری کرے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے دستیاب وسائل، نجی شعبے کی مہارت اور سرمایہ کاری کی صلاحیت کو یکجا کرکے ترقیاتی منصوبوں کو عملی شکل دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منظور شدہ منصوبوں پر پیش رفت کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے تاکہ ان کے ثمرات جلد عوام تک پہنچ سکیں۔ اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات ومنصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ومنصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، سیکرٹری قانون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 31

غور کیا۔ملاقات کے دوران فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے فروغ کے لئے دونوں برادر ممالک کے درمیان مسلسل رابطے، باہمی اعتماد اور قریبی آہنگ کو انتہائی اہم قرار دیا۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نے اس بات پر زور دیا کہ خطے کی موجودہ سلامتی کی صورتحال کے پیش نظر قریبی تعاون دونوں ممالک کے مفاد اور علاقائی امن کے لیے ضروری ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خطے میں امن اور استحکام کے فروغ کے لئے پاکستان کے مثبت اور تعمیری کردار کی بھرپور تحسین کی اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنے ملک کی شدید خواہش کا اعادہ کیا۔دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ خطے کے امن اور باہمی تعلقات کی بہتری کے لیے ایسے اعلیٰ سطح کے رابطے مستقبل میں بھی جاری رکھے جائیں گے۔دریں اثنا ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اسلام آباد میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ای سی او ممالک نے امریکا کے ساتھ جنگ ختم کرنے کی کوششوں کے تحت آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کیلئے تہران کے پیش کردہ منصوبے کی حمایت کی ہے۔ایرانی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ تہران اسلام آباد کے ثالثی کردار سے مطمئن ہے، پاکستان ثالثی کیلئے بھرپور کوششیں کر رہا ہے، ہم پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے پر مطمئن ہیں۔انہوں نے کہا کہ واشنگٹن ایران کی شرائط تسلیم کر لیتا ہے تو تہران دو روز کے اندر آبنائے ہرمز کھولنے کے لئے تیار ہے، ای سی او رکن ممالک نے ایران کی دوروزہ امن تجویز کا خیرمقدم کیا۔

بقیہ 32

دیتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ترکمانستان مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے چھٹے اجلاس سے خطاب اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید میریدوف کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے اجلاس سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان دوستانہ تعلقات باہمی احترام پر مبنی ہیں، مشترکہ تاریخی روابط اور علاقائی خوشحالی کے مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں، پاکستان ترکمانستان کے ساتھ مضبوط اور دیرینہ دوستانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ مشترکہ بین الحکومتی کمیشن دوستی کو مضبوط معاشی شراکت داری میں بدلنے کا اہم فورم ہے، دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں، توانائی، ٹرانسپورٹ اور عوامی روابط میں تعاون بڑھانے کے مواقع موجود ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ فیصلوں پر عملدرآمد اور اب تک ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لینے کا موقع ملے گا، مختلف شعبوں میں تعاون آگے بڑھانے کیلئے عملی اقدامات پر اتفاق کیا جائے گا، متعلقہ وزارتیں اور ادارے طے شدہ امور پر پیش رفت کے لئے موثر اقدامات کریں۔ترکمانی وزیر خارجہ رشید میریدوف نے کہا کہ شاندار میزبانی پر پاکستانی قیادت اور عوام کے تہہ دل سے مشکور ہیں، چھٹے بین الحکومتی اجلاس کے موقع پر پاکستان کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا، پاکستان اور ترکمانستان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کی لڑی میں پروئے ہوئے ہیں۔پاکستان کے ساتھ اپنے دوطرفہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں، پاکستان کے ساتھ اعلیٰ سطح کے روابط کے مزید فروغ کیلئے پرعزم ہیں۔اجلاس کا مقصد باہمی تعاون کے نئے شعبوں کی نشاندہی کرنا ہے، دوطرفہ تعلقات کی مضبوطی کیلئے مسلسل رابطے ناگزیر ہیں، علاقائی و دوطرفہ امور کے متوازن اور پائیدار حل کے خواہاں ہیں۔قبل ازیں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید میریدوف کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا اور زیر التوا مسائل کے حل پر زور دیا گیا۔نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ترکمانی وزیر خارجہ رشید میریدوف کے درمیان یہ ملاقات پاکستان اور ترکمانستان کے مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے چھٹے اجلاس سے قبل ہوئی۔وزرائے خارجہ نے پاکستان اور ترکمانستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کا جائزہ لیا اور تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، علاقائی روابط اور عوامی سطح پر تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال پر بھی اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اس بات پر زور دیا کہ زیر التوا مسائل کے حل اور خطے میں پائیدار امن و استحکام کے قیام کے لئے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہیں۔ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید اووزگلدیوچ میریدوف نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار اور مسلسل سفارتی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ 33

تک خالی رہنے والے اس کیمپ سے ایک ٹی شرٹ یا چائے کا کپ تک غائب نہیں ہوا تھا، یہ بلوچستان کے عوام کے کردار اور ثقافت کی ایک واضح مثال ہے۔حکومت معدنی راہداری سمیت پورے صوبے میں سرمایہ کاروں کو مکمل سیکیورٹی، ون ونڈو آپریشن اور تمام ضروری سہولیات فراہم کرے گی جبکہ ریڈ ٹیپ ازم کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ریکوڈک کے حوالے سے سوالات کا جواب دینے سے پہلے وہ دنیا کو بلوچستان کے عوام اوران کی ثقافت کے بارے میں ایک خوبصورت کہانی بتانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب بیرک کمپنی چندسال قبل ریکوڈک منصوبے سے الگ ہوئی تو ایک دہائی سے زیادہ عرصے تک اس کا کیمپ خالی پڑا رہا اور وہاں کوئی سیکیورٹی گارڈ بھی تعینات نہیں تھا، لیکن جب کمپنی دس سال بعد واپس آئی تو کیمپ سے ایک ٹی شرٹ تک چوری نہیں ہوئی تھی اور نہ ہی چائے کا ایک کپ غائب تھا۔انہوں نے کہا کہ یہی بلوچستان ہے اور یہی یہاں کے عوام کی روایات، ثقافت اور مہمان نوازی کا حقیقی عکس ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جب سرمایہ کاری اور سیکیورٹی کی بات ہوتی ہے تو سب سے پہلے عوام اہمیت رکھتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام ملکی اور بین الاقوامی شراکت داروں کا خیرمقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ سرمایہ کار صوبے میں آئیں اور یہاں دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ حکومت کی پالیسی بھی یہی ہے کہ مقامی آبادی کو ساتھ ملا کر، ان کے دل اور ذہن جیت کر سرمایہ کاروں اور شراکت داروں کے لیے ایک محفوظ اور سازگار ماحول بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ امن وامان کے قیام کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتیں پوری طرح پرعزم ہیں جبکہ سیکیورٹی اداروں کے پاس مطلوبہ صلاحیت اور استعداد موجود ہے۔معدنی راہداری کے تحفظ کے لیے ایک علیحدہ سیکیورٹی ڈویژن قائم کیا گیا ہے جبکہ فرنٹیئر کور کا نیا ونگ بھی تشکیل دیا جارہا ہے تاکہ صوبے بھر بالخصوص معدنی راہداری میں سرمایہ کاروں کو مکمل سیکیورٹی فراہم کی جاسکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان کے نزدیک بلوچستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے اصل چیلنج سیکیورٹی سے زیادہ صوبے کے بارے میں پائے جانے والے منفی تاثر اور زمینی حقائق کے درمیان فرق ہے، کیونکہ منفی تاثر ہمیشہ حقیقت کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے پھیلتا ہے۔ بلوچستان کے بارے میں ذرائع ابلاغ پر دکھائے جانے والے مناظر پورے صوبے کی حقیقی تصویر پیش نہیں کرتے۔ بلوچستان ایک مختلف خطہ ہے، یہاں کے عوام سرمایہ کاروں کا خیرمقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ملکی وغیر ملکی سرمایہ کار صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ میر سرفراز بگٹی نے ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت ان کے تحفظ اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کی ذمہ داری پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان معدنیات، تیل اور گیس سمیت قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور صوبے کی زیرزمین معدنی دولت میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ریکوڈک منصوبہ اس حوالے سے ایک نمایاں مثال ہے جو 2029 تک شروع ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے علاقے سرونہ سے بھی آئندہ چند ماہ میں تیل اور گیس کے ذخائر کے حوالے سے اچھی خبریں متوقع ہیں۔ وہاں موجود ذخائر کے بارے میں دستیاب معلومات کے مطابق ان کی مقدار سوئی کے تاریخی گیس ذخائر سے بھی زیادہ ہے، جنہوں نے سات دہائیوں سے زائد عرصے تک پاکستان کی توانائی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت وفاقی حکومت کے تعاون سے سوئی میں فرٹیلائزر سٹی کے قیام کی منصوبہ بندی کر رہی ہے، کیونکہ علاقے میں کم بی ٹی یو گیس موجود ہے جسے صنعتی اور زرعی شعبے کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ سرمایہ کاروں کو اس منصوبے سمیت دیگر

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکرانٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

کوئٹہ میں گیس کی فراہمی کا دورانیہ بڑھایا جائے، اراکین بلوچستان اسمبلی

شدید سردی کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، گیس پریشر میں کمی کا مسئلہ حل اور گیس فراہمی کے اوقات میں اضافے کو یقینی بنایا جائے' میر زابد علی ریکی' مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام پر زور دیا کہ کوئٹہ شہر میں گیس کی فراہمی کے مقررہ اوقات میں اضافے پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے' فضل قادر مندوخیل' مولانا نور اللہ

کوئٹہ (اے این این) اراکین بلوچستان اسمبلی نے کہا ہے کہ ہر سال جب سردی شروع ہوتی ہے تو کوئٹہ شہر سمیت دیگر علاقوں میں گیس پریشر میں کمی اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا محال کردیا ہے سوئی سدرن گیس کمپنی سالانہ اربوں روپے بلوں میں وصول کررہی ہے لیکن اس کے برعکس گیس کی فراہمی غیر معمولی ہے (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے جمعیت کے رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی فضل قادر مندوخیل ملاقات کررہے ہیں

مہنگائی اور اور حکمرانوں کی غلط پالیسیوں نے ملک بربادی کی طرف دھکیل دیا، جمعیت نظریاتی

پارلیمنٹ اور عدالتی نظام کو عوامی امنگوں کے برعکس مقتدر قوتوں کی خواہش پر چلایا گیا' بات چیت

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، سرپرستِ اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مرکزی نائب امیر مولانا عبداللہ ڈھیر، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ، صوبائی امیر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمٰن نکیال، صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہراللہ، نے کہا کہ 26ویں اور 27ویں آئینی ترامیم کی جبری منظوری اور موجودہ ناکام نظام پر بلاول بھٹو زرداری کا اعتراف سے جبری (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

پنجاب کے مختلف شہروں کی فضا انتہائی آلودہ، لاہور کا بدستور پہلا نمبر

لاہور (جی این ایم) پنجاب کے مختلف شہروں کی فضا انتہائی آلودہ ہونے لگی، دنیا بھر میں آلودگی کے اعتبار سے لاہور کا بدستور پہلا نمبر ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق شہر میں اوسط فضائی آلودگی انڈیکس 400 سے زائد پارٹیکولیٹ میٹرز تک پہنچ گیا۔ گلبرگ کے علاقے میں سب سے زیادہ 600 تک ریکارڈ کیا جارہا ہے، برکی روڈ کا ائیر (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)

ن لیگ کے سابق سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر کی بنیادی رکنیت ختم

نوٹیفکیشن کے مطابق ان کے طرزِ عمل سے نہ صرف پارٹی نظم و ضبط متاثر ہوا بلکہ جماعت کی ساکھ کو بھی نقصان پہنچا

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے پارٹی نظم و ضبط کی خلاف ورزی، گروپ بندی اور سوشل میڈیا پر پارٹی مخالف سرگرمیوں اور نظم و ضبط کی خلاف ورزی کے الزامات کے تحت سابق سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر کی بنیادی رکنیت ختم کرتے ہوئے انہیں پارٹی سے فارغ کردیا، پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے تمام پارلیمانی قیادت، مرکزی و ضلعی عہدیداران اور کارکنان معطل رکن سے کسی قسم کا سیاسی رابطہ نہ رکھیں۔ جمال شاہ کاکڑ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق چوہدری شبیر کو پارٹی (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

دیر بالا: گاڑی دریا میں گرنے سے 3 افراد جاں بحق، ایک زخمی

اپر دیر (اے این این) دیر بالا کے علاقے نرہنڈ خوڑ کے مقام پر گاڑی دریائے پنجکوڑہ میں گرنے کے نتیجے میں دو خواتین سمیت ایک ہی خاندان کے 3 افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق جاں بحق افراد کا تعلق بی بیوڑ میاں بانڈہ سے بتایا جاتا ہے۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں دو (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

برطانیہ میں پاکستانی ہائی کمشنر ٹیپو عثمان نے شاہ چارلس سوئم کو سفارتی اسناد پیش کردیں

شاہ چارلس سوئم سے ملاقات، صدر اور وزیراعظم کے خیرسگالی پیغامات بھی پہنچائے

لندن (جی این ایم) برطانیہ میں پاکستانی ہائی کمشنر ٹیپو عثمان نے شاہ چارلس سوئم کو سفارتی اسناد پیش کردیں۔ ہائی کمشنر ٹیپو عثمان نے سینٹ جیمز پیلس میں منعقدہ خصوصی تقریب کے دوران برطانوی بادشاہ شاہ چارلس سوئم کو اپنی سفارتی اسناد پیش کردیں۔ ہائی کمشنر ٹیپو عثمان اہلیہ صائمہ ٹیپو کے ہمراہ شاہی بگھی میں سینٹ جیمز پیلس پہنچے۔ شاہ چارلس سوئم سے ملاقات میں صدر اور وزیراعظم کے خیرسگالی پیغامات پہنچائے، ہائی کمشنر ٹیپو عثمان نے کہا کہ پاکستانی عوام شاہ چارلس سوئم کو انتہائی عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، شاہ چارلس سوئم کا سابق دورہ پاکستان کی خوشگوار یادیں آج بھی تازہ ہیں۔ ٹیپو عثمان (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)



لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن جامع مسجد منصورہ میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

جدید ٹیکنالوجی کا مقصد سرکاری خدمات کو آسان اور شفاف بنانا ہے، قائم مقام گورنر

محض پیناڈول تجویز کرنے سے ڈیجیٹل نظامِ صحت کا مقصد پورا نہیں ہوگا، * حکومتی کارکردگی کا اصل معیار عوام کو ملنے والی سہولیات اور مسائل کا عملی حل ہے

ڈیجیٹل طبی سہولیات کو موجودہ صحت کے نظام اور ہیلتھ کیئر کارڈ سے مربوط کیا جائے،، اسپیکر بلوچستان اسمبلی و قائم مقام گورنر کا پی پی ایچ آئی منصوبے کے جائزہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی و قائم مقام گورنر بلوچستان کی زیر صدارت بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو (PPHI) بلوچستان کے تحت شروع کیے جانے والے جدید ڈیجیٹل نظام صحت (صحت دہلیز) کے حوالے سے اراکین صوبائی اسمبلی کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، اراکین صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، ظفر علی آغا، عبدالمجید بادینی، لیاقت علی لہڑی، کلثوم نیاز بلوچ، زرک خان مندوخیل، ڈاکٹر اشوک کمار، محمد خان لہڑی اور سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے شرکت کی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی ایچ آئی بلوچستان ڈاکٹر ایم بی راجہ دھریجو نے شرکاء کو منصوبے کے اغراض و مقاصد، طریقہ کار اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ''صحت دہلیز'' ایک جدید اور عوام دوست ڈیجیٹل نظام صحت ہے، جس کے ذریعے شہریوں کو 24 گھنٹے مفت ٹیلی میڈیسن کی سہولت فراہم کرتے ہوئے مستند ڈاکٹروں اور مختلف امراض کے ماہرین تک گھر بیٹھے رسائی ممکن بنائی جائے گی۔ اس منصوبے کے چار بنیادی اجزاء میں ڈاکٹر کی دہلیز تک رسائی، طبی مشاورت اور ڈیجیٹل نسخے کا اجرا، ضرورت کے مطابق مریضوں کی اسپتالوں میں ریفرل اور ادویات کی فراہمی شامل ہیں۔ حکام نے بتایا کہ یہ اپنی نوعیت کا منفرد اقدام ہے، جس کا مقصد خصوصاً دور دراز اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کو معیاری طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے بتایا کہ PPHI میں بھرتیوں کے عمل میں میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے پرومیٹرکس (ProMetrics) کا نظام متعارف کرایا گیا ہے، جس کے ذریعے انسانی مداخلت کے بغیر شفاف انداز میں بھرتیوں کا عمل مکمل کیا جارہا ہے۔ مزید برآں، جن علاقوں میں انٹرنیٹ کی سہولت دستیاب نہیں، وہاں سیٹلائٹ نظام کے ذریعے مریضوں کو ڈاکٹروں سے رابطے اور طبی مشاورت کی سہولت فراہم کرنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ یہ منصوبہ بالخصوص دیہی اور دور افتادہ علاقوں کے عوام کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، جہاں (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

زیارت سیوریج لائنوں کی تعمیر و تنصیب کا کام تیزی سے جاری

حکومت بلوچستان کی زیارت کی ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے کوششیں جاری

زیارت (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں زیارت ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج لائنوں کی تعمیر و تنصیب کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اس منصوبے کا مقصد شہر میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانا، عوام کو درپیش مسائل کا خاتمہ اور شہری سہولیات میں بہتری لانا ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے نکاسی آب کے نظام کو مؤثر بنانے کے ساتھ (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

سی ایم آئی ٹی کے ٹی پی وی انجینئرز کے تحریری امتحانات کے نتائج جاری

کامیاب امیدواروں کو انٹرویو کے کال لیٹرز ارسال کیے جائیں گے، اصل اسناد ہمراہ لانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) اعلامیے کے مطابق وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم (CMIT) کے ٹی پی وی انجینیئرز کی آسامیوں کے لیے تحریری امتحانات 24 اور 25 اکتوبر 2026 کو ایجوکیشن ٹیسٹنگ کونسل (ETC)، ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) اسلام آباد کے زیرنگرانی منعقد ہوئے، جن کے نتائج جاری کردیے گئے ہیں۔ کامیاب امیدوار اپنے نتائج وزیراعلیٰ بلوچستان کے انسپکشن ٹیم کے دفتر سول سیکرٹریٹ کوئٹہ بلاک نمبر۔ 4 دفتری اوقات کے دوران رابطہ کرکے معلوم کریں اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ کامیاب امیدواروں کو انٹرویو کے لیے کال لیٹرز ان کے فراہم کردہ ڈاک کے پتے اور ای میل ایڈریس پر ارسال کیے جائیں گے، جن میں انٹرویو کی تاریخ، وقت اور مقام درج ہوگا۔ امیدواروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ انٹرویو کے روز اپنا کال لیٹر، اصل قومی شناختی کارڈ اور تعلیمی و تجرباتی اسناد کی اصل دستاویزات ہمراہ لائیں۔ ڈاک کے پتے یا ای میل ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم کے دفتر کو مطلع کریں۔ اعلامیے کے مطابق وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم (CMIT) کے ٹی پی وی انجینیئرز کی آسامیوں کے لیے تحریری امتحانات 24 اور 25 اکتوبر 2026 کو ایجوکیشن ٹیسٹنگ کونسل (ETC)، ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) اسلام آباد کے زیرنگرانی منعقد ہوئے، جن کے نتائج جاری کردیے گئے ہیں۔ کامیاب امیدوار (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

اسسٹنٹ کمشنر بروری کی زیرِ صدارت ریونیو و انتظامی امور کا اجلاس

سرکاری امور میں غیر ضروری تاخیر اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر بروری کی وارننگ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری زوپش آغا کی زیر صدارت تحصیل بروری کے انتظامی امور اور عوامی مسائل کے حل سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں تحصیلدار، قانون گو اور پٹواریوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں علاقے کی مجموعی صورتحال، ریونیو امور اور عوام کو درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بروری زوپش آغا نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے فوری اور مؤثر ازالے کو یقینی بنایا جائے، سرکاری امور میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری لگن، دیانت داری اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دی جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی خدمت اور مسائل کا بروقت حل انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)

سعودی فوجی اتحاد، حوثی ملیشیا کی ایک دوسرے کی بندرگاہوں پر حملے کی دھمکیاں

ریاض (اے این این) سعودی فوجی اتحاد اور حوثی ملیشیا نے ایک دوسرے کی بندرگاہوں پر حملے کی دھمکیاں دے دیں۔ سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد نے یمنی شہریوں کو حدیدہ سے نکل جانے کی ہدایت کردی جبکہ جواب میں حوثی ملیشیا نے کہا کہ حدیدہ پر حملہ ہوا تو وہ جدہ کی بندرگاہ اور بحر احمر کے ساتھ تمام سعودی بندرگاہوں کو نشانہ بنائیں گے۔ سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد نے حملے کا ذکر کیے بغیر یمنی شہریوں سے کہا تھا کہ (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)

آٹے کی شدید قلت اور ہوشربا مہنگائی پر مرکزی انجمن تاجران کی شدید تشویش

50 کلو آٹے کا تھیلا 8 ہزار 300 روپے تک جا پہنچا، گندم و آٹے کی ترسیل پر عائد رکاوٹیں فوری ختم کی جائیں

ژوب (یو این اے) مرکزی انجمن تاجران ژوب کے عہدیداران اور اراکین نے بلوچستان بھر میں آٹے کی شدید قلت اور قیمتوں میں غیر معمولی اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی و صوبائی حکومتوں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے ایک مشترکہ بیان میں تاجر رہنماں نے کہا کہ صوبے کے عوام پہلے ہی بے روزگاری، غربت اور معاشی بدحالی کا شکار ہیں، جبکہ اب آٹے جیسی بنیادی ضرورت بھی غریب اور مزدور طبقے کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ژوب شہر میں آٹے کا 50 کلو کا تھیلا 8 ہزار 300 روپے تک فروخت ہو رہا ہے، جو دیہاڑی دار اور سفید پوش طبقے کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ مرکزی انجمن تاجران کے عہدیداران نے منتخب عوامی نمائندوں کی خاموشی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سینیٹ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی میں عوام کے ووٹوں سے پہنچنے والے نمائندے اس سنگین بحران پر خاموش تماشائی بنے ہوئے (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5 پر)

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 23 نومبر سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کردیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 23 نومبر سہ پہر 3 بجے تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ پینل آف چیئر مین ڈاکٹر اشوک کمار کی صدارت میں منعقدہ اجلاس کے ایجنڈے پر کارروائی مکمل ہونے کے بعد چیئر نے اجلاس پیر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 23 نومبر سہ پہر 3 بجے تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ پینل آف چیئر مین ڈاکٹر اشوک کمار کی صدارت میں منعقدہ اجلاس کے ایجنڈے پر (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

یمن میں بے گھر افراد کی تعداد 3 لاکھ 57 ہزار تک پہنچ گئی، اقوام متحدہ

نیویارک (جی این ایم) یمن میں جاری جنگ، بدامنی اور سیکیورٹی صورتحال کے باعث بڑے پیمانے پر نقل مکانی کا سلسلہ جاری ہے۔ اقوام متحدہ نے خبردار کیا ہے کہ گزشتہ اگست سے اب تک ملک میں بے گھر ہونے والے افراد کی تعداد تقریباً 3 لاکھ 57 ہزار تک پہنچ گئی ہے، جس سے انسانی بحران مزید سنگین ہوگیا (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5 پر)

مریم نواز نے شہباز شریف سے ملک احمد خان کو وفاق میں لے جانے کا کہا ہے، فواد چوہدری

اسلام آباد (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے دعوی کیا ہے کہ پنجاب حکومت نے اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان کے حالیہ دورہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے موقع پر ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کے افسران کو ان کے استقبال کے لیے جانے سے روک دیا تھا۔ ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری کہنا تھا کہ ملک (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، ڈپٹی ڈائریکٹر انٹرنل آڈٹ نوید احمد اور چیف انٹرنل آڈٹ ایکسپرٹ زیرتربیت انٹرنل آڈٹ یونٹ کے افسران اور اہلکاروں کو تربیت فراہم کررہے ہیں

سرد موسم کی آمد کے ساتھ ہی گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم پریشر پر تشویش ہے، جمال کاکڑ

مسئلہ قومی اسمبلی اور قائمہ کمیٹی برائے توانائی کے اجلاسوں میں اٹھاں گا، ایم این اے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کوئٹہ میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرد موسم کی آمد کے ساتھ ہی شہر کے مختلف علاقوں میں گیس کی عدم دستیابی اور کم پریشر کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ گھریلو صارفین کو کھانا پکانے سمیت روزمرہ امور کی انجام دہی میں دشواری پیش آرہی ہے، جبکہ خصوصاً صبح اور شام کے اوقات میں گیس کا کم پریشر عوام کے لیے پریشانی کا باعث بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس عوام کی بنیادی ضرورت ہے اور سردیوں کے موسم میں اس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام کو چاہیے کہ وہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس کی فراہمی اور پریشر کے مسئلے کا جائزہ لے کر اس کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کریں تاکہ شہریوں کو ریلیف مل سکے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وہ کوئٹہ میں گیس کی لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی کا معاملہ قومی اسمبلی اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کے اجلاسوں میں بھی اٹھائیں گے اور متعلقہ حکام کی توجہ اس اہم عوامی مسئلے کی جانب مبذول کرائیں گے تاکہ گیس کی فراہمی میں درپیش مشکلات کے مستقل حل کے لیے عملی اقدامات کیے جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل اور بنیادی (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

سینئر اینکر پرسن ربیعہ احسن قتل کیس، ملزم احسن طاہر اڈیالہ جیل سے رہا

راولپنڈی (اے این این) سینئر اینکر پرسن ربیعہ احسن قتل کیس میں ضمانت منظور ہونے کے بعد ملزم احسن طاہر کو اڈیالہ جیل سے رہا کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم کی رہائی کے احکامات (روبکار) اڈیالہ جیل انتظامیہ کو موصول ہونے کے بعد رہائی عمل میں لائی گئی۔ گزشتہ روز ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خرم سلیم نے ملزم احسن طاہر کی ضمانت بعد از گرفتاری دو لاکھ روپے کے (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

سعودی حملے میں تارکین وطن کی کشتی پر سوار 19 افراد ہلاک ہوگئے، حوثیوں کا الزام

صنعا (جی این ایم) یمن میں حوثی حکام نے سعودی افواج پر ایک شہری کشتی کو نشانہ بنانے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ حملے میں 19 افراد ہلاک اور چار زخمی ہوئے ہیں۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق حوثی وزارتِ صحت کے ترجمان انیس الاصبحی نے جمعے کو جاری بیان میں کہا کہ ایک طیارے نے 25 سے زائد تارکین وطن کو لے جانے والی شہری کشتی کو نشانہ بنایا۔ ان کے (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

ژوب میں آٹے کے 50 کلو تھیلے کی قیمت 8 ہزار 300 روپے تک پہنچ گئی

گندم کی ترسیل میں رکاوٹیں ختم کرنے اور قیمتوں میں کمی لانے کا مطالبہ، منتخب نمائندوں کی خاموشی پر بھی تشویش کا اظہار

ژوب (اے این این) مرکزی انجمن تاجران ژوب نے بلوچستان میں آٹے کی شدید قلت اور قیمتوں میں ہوشربا اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں پہلے ہی بے روزگاری، غربت اور معاشی مشکلات کے شکار غریب عوام کے لیے اب آٹے جیسی بنیادی ضرورت کا حصول بھی مشکل ہوتا جارہا ہے۔ ژوب شہر میں آٹے کے 50 کلو تھیلے کی قیمت 8 ہزار 300 روپے تک پہنچ گئی (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5 پر)

چیئر مین پینل اشوک کمار اور صوبائی وزیر زراعت کے درمیان دلچسپ مکالمہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان صوبائی اسمبلی میں چیئر مین پینل اشوک کمار اور نئے صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک کے درمیان دلچسپ مکالمہ ہوا صوبائی وزیر نے جب پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال مانگی جس پر چیئر مین پینل اشوک کمار نے کہا ہے کہ آج آپ کا پہلا دن نوٹیفکیشن جاری ہوا ہے آپ آج اس نشست میں خاموشی اختیار کریں جس پر صوبائی وزیر نے کہا (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

دالبندین کے علاقے کرگوشکان میں آئی ای ڈی دھماکہ، موٹر سائیکل سوار تین نوجوان جاں بحق

پکنک کے لیے جاتے ہوئے راستے میں نصب بارودی مواد پھٹ گیا، جاں بحق نوجوان آپس میں قریبی رشتہ دار تھے

کوئٹہ / دالبندین (یو این اے) دالبندین کے علاقے کرگوشکان میں پہلے سے نصب دیسی ساختہ دھماکہ خیز مواد (آئی ای ڈی) کے دھماکے کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار تین نوجوان جاں بحق ہوگئے۔ تینوں نوجوان پکنک کے لیے جا رہے تھے کہ راستے میں نصب دھماکہ خیز مواد کی زد میں آ گئے۔ ایس پی چاغی کے مطابق دالبندین کے علاقے کرگوشکان میں موٹر سائیکل پر سوار تین نوجوان پکنک کے لیے جا رہے تھے کہ راستے میں پہلے سے بچھائی گئی آئی ای ڈی پھٹ گئی، جس کے نتیجے میں تینوں موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق جاں بحق نوجوانوں کی شناخت عرفان ولد پیر جان، سہیل ولد عبدالغفار اور الطاف ولد علی بخش کے ناموں سے ہوئی ہے۔ عرفان اور سہیل کا تعلق کلی خدائے رحیم جبکہ الطاف کلی قاسم خان دالبندین سے تھا۔ ذرائع کے مطابق تینوں نوجوان آپس میں ماموں زاد اور خالہ زاد رشتہ دار بھی تھے افسوسناک واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں سوگ کی فضا چھا گئی جبکہ نوجوانوں کی اچانک ہلاکت پر اہل خانہ اور عزیز و اقارب غم سے نڈھال ہوگئے۔ دالبندین کے علاقے کرگوشکان میں پہلے سے نصب دیسی ساختہ دھماکہ خیز مواد (آئی ای ڈی) کے دھماکے کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار تین نوجوان جاں بحق ہوگئے۔ تینوں نوجوان پکنک کے لیے جا رہے تھے کہ راستے میں نصب دما کہ خیز مواد کی زد میں آ گئے۔ ایس پی (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

اڈیالہ جیل کا قیدی دورانِ علاج اسپتال میں دم توڑ گیا

راولپنڈی (اے این این) راولپنڈی میں اڈیالہ جیل میں بند ایک قیدی ہسپتال میں دورانِ علاج دم توڑ گیا۔ اڈیالہ جیل سے راولپنڈی ٹیچنگ اسپتال لایا گیا قیدی دوران علاج دم توڑ گیا، ملزم عمیر شفیق کو طبیعت خراب ہونے پر اڈیالہ جیل سے آر ٹی ایچ منتقل کیا گیا تھا۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق قیدی عمیر شفیق تھانہ وارث خان میں درج چوری کے 3 مقدمات میں نامزد (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مجیب الرحمٰن مری سے رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ ملاقات کررہے ہیں

آٹو پالیسی سے 660 سی سی گاڑیاں سستی ہونے جارہی ہیں: میاں شعیب

کمرشل امپورٹ میں اب الیکٹرک گاڑیاں بھی آئیں گی، چیئرمین آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن میاں شعیب نے کہا ہے کہ آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جارہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہوگی۔ میاں شعیب کا کہنا تھا کہ کمرشل امپورٹ میں سب بینکوں کے ذریعے گاڑیاں منگوائی جاسکیں گی، گاڑیوں کی امپورٹ کا آٹو پالیسی سکیوئی تعلق نہیں ہے، کمرشل امپورٹ میں اب الیکٹرک گاڑیاں بھی آئیں گی، آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جارہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہوگی۔ چیئرمین آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن میاں شعیب نے کہا ہے کہ آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جارہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہوگی۔ میاں شعیب کا کہنا تھا کہ کمرشل امپورٹ میں سب بینکوں کے ذریعے گاڑیاں منگوائی جاسکیں گی، گاڑیوں کی امپورٹ کا آٹو پالیسی سکیوئی تعلق نہیں ہے، کمرشل امپورٹ میں اب الیکٹرک گاڑیاں بھی آئیں گی، آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جارہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔ (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

جنوب مشرقی غزہ میں اسرائیلی ڈرون حملہ، ایک فلسطینی شہید

غزہ (جی این ایم) جنوب مشرقی غزہ میں صلاح الدین اسٹریٹ کے قریب اسرائیلی ڈرون حملے کے نتیجے میں ایک فلسطینی شہید ہوگیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق حملے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ مقامی ذرائع کے مطابق متاثرہ مقام پر امدادی کارروائیاں بھی کی گئیں۔ صلاح الدین اسٹریٹ غزہ کی اہم شاہراہوں میں شمار ہوتی ہے، جو مختلف علاقوں کو آپس میں ملاتی ہے۔ اس علاقے میں حملے کے (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)



جیل روڈ کے رہائشی ظفر احمد نیچاری پریس کانفرنس کررہے ہیں

پی پی ایچ آئی کے تحت ڈیجیٹل نظامِ صحت "صحت دہلیز" پر اسمبلی ارکان کو بریفنگ

24 گھنٹے مفت ٹیلی میڈیسن اور سیٹلائٹ رابطے کی سہولت متعارف کرائی جارہی ہے، اسپیکر و قائم مقام گورنر

کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی و قائم مقام گورنر بلوچستان کی زیر صدارت بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو (PPHI) بلوچستان کے تحت شروع کیے جانے والے جدید ڈیجیٹل نظام صحت (صحت دہلیز) کے حوالے سے اراکین صوبائی اسمبلی کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، اراکین صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

ترکیہ کا پہلا بغیر پائلٹ جنگی طیارہ ترک افواج کے حوالے کردیا گیا

انقرہ (جی این ایم) ترکیہ کا پہلا بغیر پائلٹ جنگی طیارہ ترک افواج کے حوالے کردیا گیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق ابتدائی مرحلے میں تین طیارے سکیورٹی فورسز کے حوالے کئے گئے ہیں۔ ترک صدر طیب اردوان کا کہنا ہے کہ آج ایک عظیم خواب کا حقیقت بننے کا تاریخی دن ہے۔ قزل ایلما ترک فوج کی کامیابیوں میں اہم کردار ادا کرے گا۔ واضح رہے کہ قزل ایلما فوجی سروس میں شامل ہونے والا دنیا کا پہلا بغیر پائلٹ لڑاکا (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)



اسلام آباد، وفاقی وزیر جام کمال خان ڈاکٹر گوین مالیگوالا راموگو پا کو یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

آر ایم سی سیکشن میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف، اعلیٰ سطحی انکوائری کرائی جائے، نثار یادگار

علاج معالجے کے حقیقی کیسز التوا کا شکار جبکہ مبینہ جعلی بلوں کی منظوری مختصر وقت میں ہورہی ہے، رہنما پیپلز پارٹی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما نثار یادگار سارنگزئی نے محکمہ صحت بلوچستان کے آر ایم سی سیکشن میں مبینہ بڑے پیمانے پر مالی بے ضابطگیوں اور انتظامی بدعنوانی کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے چیف سیکریٹری بلوچستان سے معاملے کی شفاف تحقیقات کے لیے اعلیٰ سطحی انکوائری کمیٹی تشکیل دینے کی اپیل کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت بلوچستان کا آر ایم سی سیکشن صوبے کے عوام بالخصوص سرکاری ملازمین کے علاج معالجے سے متعلق امور اور فنڈز کی ادائیگی میں اہم ذمہ داریاں انجام دیتا ہے، لیکن افسوسناک طور پر اس اہم شعبے میں مبینہ بے قاعدگیوں کی شکایات سامنے آرہی ہیں، جن کا فوری طور پر نوٹس لینا ضروری ہے۔ نثار یادگار سارنگزئی نے الزام عائد کیا کہ آر ایم سی سیکشن میں ایک مخصوص مافیا کی شکل اختیار کرنے والے بعض اہلکار طویل عرصے سے تعینات ہیں اور مبینہ طور پر سرکاری وسائل میں بے ضابطگیوں کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علاج معالجے کے حقیقی اور مستحق کیسز طویل عرصے تک التوا کا شکار رہتے ہیں، جبکہ مبینہ جعلی بلوں کی منظوری انتہائی مختصر وقت میں حاصل کر لی جاتی ہے، جو ایک سنجیدہ معاملہ ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما نثار یادگار سارنگزئی نے محکمہ صحت بلوچستان کے آر ایم سی سیکشن میں مبینہ بڑے پیمانے پر مالی بے ضابطگیوں اور انتظامی (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک اور بی آر ایس این لیٹریسی سوسائٹی کے زیر اہتمام علامہ محمد اقبال لیٹریسی فیسٹیول کے موقع پر نیشنل بکس سینٹر کی جانب سے لگائے گئے کتاب میلے کا ڈی جی خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، ڈاکٹر صفیہ مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین، فائزہ سکندر، پلوشہ خلجی اور دیگر افتتاح کررہے ہیں

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکرانٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکرانٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈ پینڈنٹ پرنٹر سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکرانٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔
03318383955 0812092472

مسلم لیگی قیادت کا دورہ آزاد کشمیر

مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے وزیراعظم شہباز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور وفاقی وصوبائی وزراء ؁ کے ہمراہ ریاست آزاد جموں وکشمیر کا دورہ کرتے ہوئے صدر آزاد کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان اور وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر سید افتخار علی گیلانی سے ملاقات کی جس میں ترقیاتی امور اور 100 روزہ منصوبوں پر مشاورت کی گئی۔ وفاقی حکومت نے آزاد کشمیر میں عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی منصوبوں کے لئے مکمل تعاون کا اعادہ کیا۔ میاں نواز شریف نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر میں کامیابی کے ریکارڈ قائم کرے۔ اُنہوں نے موٹروے منصوبوں پر ترجیحی بنیادوں پر کام شروع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے یقین دلایا کہ وہ موٹروے آزاد کشمیر تک لانا چاہتے ہیں۔ اجلاس کے دوران اُنہوں نے اچھی کارکردگی پر وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی تعریف بھی کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے نوتعمیر شدہ رتھوعہ ہریام پُل کی تختی کی نقاب کشائی کرکے اُس کا افتتاح کیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت آزاد کشمیر کو درکار تمام وسائل فراہم کرے گی اور ترقیاتی منصوبے شفاف انداز میں مکمل کیے جائیں گے۔ اُنہوں نے اعلان کیا کہ آئندہ ماہ بھمبر میں دانش سکول کا افتتاح بھی کیا جائے گا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے ترقیاتی منصوبوں پر فوری عمل درآمد شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ چھ ماہ میں سیاحت کے شعبے کی تشکیلِ نو کی جائے گی اور سیاحتی مقامات تک رسائی کیلئے سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اُنہوں نے آئندہ 100 روز کے دوران مزید چھ شہروں میں گرین بسیں چلانے، سکل ڈویلپمنٹ پروگرام شروع کرنے اور عوام کو عملی کام دکھائی دینے کی یقین دہانی بھی کرائی۔ آزاد کشمیر کے وزیراعظم بیرسٹر سید افتخار علی گیلانی کی دعوت پر مسلم لیگ (ن) کی قیادت کا یہ دورہ وفاقی اور آزاد کشمیر حکومت کے درمیان تعاون کے حوالے سے بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ اِس دوران خطے کی مجموعی صورتحال، عوامی فلاح و بہبود، صحت، تعلیم، مواصلات، سیاحت اور بالخصوص 100 روزہ ترقیاتی پلان پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب نواز شریف نے آزاد کشمیر کی ماضی کی حکومتوں کی کارکردگی پر تنقید کی اور کہا کہ خطے کے عوام کے ساتھ بے حسی کا سلوک روا رکھا گیا۔ اُن کا آزاد کشمیر میں موٹروے کا جال بچھانے اور وزیراعظم شہباز شریف کو اِن منصوبوں پر ترجیحی بنیادوں پر کام شروع کرنے کی ہدایت دینا خطے کی ترقی کے حوالے سے ایک اہم اعلان ہے۔ اسی طرح وفاقی حکومت کی طرف سے 100 روزہ منصوبوں کے لئے وسائل کی فراہمی اور شفاف تکمیل کی یقین دہانی مرکز اور آزاد کشمیر کی حکومتوں کے مشترکہ ترقیاتی عزم کی عکاس ہے۔ آزاد جموں وکشمیر قدرتی حسن، آبی وسائل اور محنت کش افرادی قوت سے مالا مال خطہ ہے، تاہم سیاسی عدم استحکام، انتظامی کمزوریوں اور ترقیاتی فنڈز کے غیر مؤثر استعمال کے باعث بنیادی ڈھانچے کی تعمیر و ترقی سست روی کا شکار رہی۔ رتھوعہ ہریام پُل کی تکمیل اِس سلسلے میں ایک اہم پیشرفت ہے۔ یہ پُل میرپور شہر کو اسلام گڑھ سے براہ راست منسلک کرے گا جس کے نتیجے میں ڈڈیال، چکسواری، اسلام گڑھ اور ضلع کوٹلی سے آنے والی ٹریفک کو ڈیم عبور کرنے میں صرف چند منٹ لگیں گے بالخصوص ڈیم کے پار آباد لوگوں کے لئے یہ پُل روزمرہ سفر کو آسان اور تیز تر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اِس سے نہ صرف سفری سہولتوں میں بہتری آئے گی

اداروں کی ناکامی، عوام کی پریشانی؟

ناصرہ عتیق

خبررساں ادارے کی وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے جاری ہونے والی اس رپورٹ نے ہر سطح کے اربابِ اقتدار میں نہ صرف تہلکہ مچا دیا ہے بلکہ انہیں ایک طرح سے لرزہ براندام کر کے رکھ دیا ہے۔ رپورٹ میں واشگاف الفاظ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ دس برسوں کے دوران غیر ملکی فنڈنگ سے شروع ایک بھی ترقیاتی منصوبہ مقررہ وقت پر مکمل نہ ہوسکا اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں غیر معمولی تاخیر کے باعث گذشتہ ایک دہائی سے 0.25 فیصد اضافی کمٹمنٹ چارجز یا سود کی ادائیگیاں کرنا پڑ رہی ہیں، حقائق کچھ اس طرح ہیں کہ یہ صورتحال کسی بھی حکومت کی طرف سے گڈ گورننس کے دعوؤں اور پرچار پر پورا نہیں اُتر سکتی ان معاملات کے ذمہ داروں میں اپنے ملکی اور قومی فرائض کی بجا آوری سے عہدہ برآء ؁ نہ ہونے کے حوالے سے سوالات کا اُٹھنا فطری امر ہے۔ کہنے کوتو اس عظیم کوتاہی پر ''مٹی پاؤ'' کے مصداق وزیراعظم نے اس حوالے سے ملنے والی رپورٹ پر اظہار ناراضی کر دیا ہے اور سردست اس سلسلے میں خصوصی ورکنگ گروپ تشکیل دے دیئے ہیں۔ وزیراعظم کو پیش کی گئی رپورٹ میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ گذشتہ دس برسوں میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں ناقابل یقین حد تک تاخیر کی وجوہ میں ایک وجہ یہ بھی ہے کہ منصوبوں کے لئے اراضی کے حصول میں پیش آنے والی رکاوٹیں بھی تھیں اس افسوسناک خبر کے ساتھ ہی آئی این پی کی ایک اور رپورٹ میں وفاقی حکومت کے 2024 کے مالیاتی نظام میں آڈیٹر جنرل پاکستان کی طرف سے سنگین خامیوں، بجٹ سے زائد اخراجات اور سرکاری فنڈز کے ریکارڈ میں بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

آڈٹ رپورٹ کے مطابق حکومت نے 39 ہزار 345 ارب روپے خرچ کئے، مجموعی اخراجات کا 84.31 فیصد قرضوں کی ادائیگی پر صرف ہوا جبکہ سماجی اور ترقیاتی کاموں کیلئے صرف 15.69 فیصد رقم بچی، سرکاری ملازمین کے جنرل پراویڈنٹ فنڈ اکاؤنٹس میں جمع رقوم کا ریکارڈ غائب ہونے اور وفاقی کنسولیڈیٹڈ فنڈ سے سات ارب 49 کروڑ روپے پبلک اکاؤنٹس میں منتقل کئے جانے کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ آڈیٹر جنرل کی طرف سے سرکاری فنڈز میں خورد برد 0 2 اور فرضی ادائیگیوں کے سنگین معاملات تحقیقاتی اداروں کو بھجوانے کی سفارش کی ہے۔

وفاقی حکومت کے بارے میں گڈ گورننس کے حوالے سے زیر تذکرہ رپورٹس کے منظر عام پر آنے کے ساتھ ہی یہ انکشاف بھی اخبارات کی خبروں میں منظر عام پر آیا ہے کہ پنجاب میں عوام کو جان لیوا مہنگائی اور گراں فروشی پر قابو پانے میں ناکامی سمیت، بدعنوانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال پر تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو عہدوں سے فارغ کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔ اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ کی طرف سے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ڈی نوٹیفائی کرنے کیلئے ہوم ڈیپارٹمنٹ نے مراسلہ جاری کر دیا ہے۔ پرائس کنٹرول کرنے پر ناکام ہونے کے نتیجے میں مختلف سرکاری محکموں سے تعینات کئے گئے افسروں کو بھی فارغ کر دیا گیا ہے، مجموعی طور پر 44 افسروں کو اُن کے عہدوں سے ہٹایا گیا، حقیقت کو سادہ الفاظ میں بیان کرنا صحیح ہو گا کہ ضروریاتِ زندگی کی ہوش ربا گرانی ے اب تک جو بھی خاتمے یا کمی کے انتظامات کی روشنی میں دعوے ہوتے رہے تھے وہ رتی بھر بھی کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوسکے اب یہ آنے والا وقت ہی بتائے گا کہ مفلس وقلاش بھوک سے نڈھال عوام کو زندگی میں جسم اور روح کے رشتے کی بحالی کیلئے اربابِ اختیار کی طرف سے کیا آسانیاں مہیا کی جاتی ہیں۔ حقیقت حال تو اس بات کی نشاندہی کرتی معلوم ہوتی ہے کہ ملک میں ہر سطح پر ضروریاتِ زندگی خواہ وہ کھانے پینے کی اشیاء ؁ ہوں یا غربت کی اتھاہ گہرائیوں میں زندگی گزارنے والے کروڑوں عوام ہوں ان کے تن ڈھانپنے والے کپڑے ہوں، پاؤں کے غریبانہ جوتے ہوں، کوئی چیز بھی ان کی قوتِ خرید کے اندر نہیں ایسے میں ان کروڑوں لوگوں کو آئے دن بجلی کے پہلے سے گراں نرخوں میں اضافے پہ اضافے کی اطلاع حکومتی سطح پر عام ہو کر سوہانِ روح بن جاتی ہے۔ اب پھر یہ خبر غریبوں پر بجلی بن کر گری ہے کہ بجلی ایک روپے 34 پیسے مہنگی ہونے کا امکان ہے جبکہ اس طرح کی جب بھی کوئی خبر اخبارات کی زینت بنی تو پوری ہو کر رہی۔ اس حوالے سے اسلام آباد سے جاری ہونے والی خبر میں کہا گیا ہے کہ ملک بھر کیلئے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپے 34 پیسے مہنگی ہونے کا امکان ہے اور آئندہ تین ماہ کے لئے فی یونٹ بجلی کتنی مہنگی ہو گی یہ نیپرا تعین کرے گا۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی نے فیصلہ محفوظ کرلیا ہے۔ اس فیصلہ کی روشنی میں بجلی صارفین سے 3 2 ارب 3 3 کروڑ روپے کی وصولی مانگی گئی ہے۔ یقیناً یہی وصولی ملک کے کروڑوں محروم طبقے کے فاقہ کشوں سے جبراً وصول کر کے دے۔ پی پی ایز کے ان مالکان کو دی جائے گی جن کی اکثریت اربابِ اقتدار سے تعلق رکھتی ہے۔

احسن یونس: کارکردگی کی ایک روشن مثال، سیف سٹی کی نئی پہچان

یونس باٹھ

سرکاری اداروں کی اصل کامیابی عمارتوں، عہدوں اور وسائل سے نہیں بلکہ ان نتائج سے پہچانی جاتی ہے جو عوام کی زندگیوں میں بہتری لائیں۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی بھی ایسا ہی ادارہ ہے جس کے قیام کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے شہریوں کا تحفظ، جرائم کی روک تھام اور پولیس کی استعداد کار میں اضافہ کرنا تھا۔ 2016ء ؁ میں اس ادارے کے قیام کے بعد مختلف افسران نے اس کی سربراہی کی، لیکن موجودہ مینیجنگ ڈائریکٹر محمد احسن یونس کے دور میں جس انداز سے اس ادارے کی صلاحیتوں کو بروئے کار لایا گیا، اس نے سیف سٹی کو ایک نئی پہچان دی ہے۔ ان کی کارکردگی محض انتظامی بہتری تک محدود نہیں بلکہ ادارے کے عملی کردار، عوامی خدمت اور عالمی سطح پر شناخت میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

حسن یونس کی پیشہ ورانہ زندگی کا جائزہ لیا جائے تو ان کی کامیابیوں کا تسلسل ہر اہم عہدے پر دکھائی دیتا ہے۔ انہیں راولپنڈی میں سٹی پولیس آفیسر تعینات کیا گیا تو وہاں اپنی انتظامی صلاحیتوں اور عملی اقدامات سے نمایاں کامیابی حاصل کی۔ بعدازاں اسلام آباد میں انسپکٹر جنرل پولیس کی ذمہ داریاں سنبھالیں اور وہاں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ لاہور میں ڈی آئی جی آپریشنز کے طور پر خدمات انجام دیں تو پولیسنگ اور امن وامان کے معاملات میں ان کی کارکردگی نمایاں رہی۔ اب پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کی سربراہی میں بھی انہوں نے ثابت کیا ہے کہ اچھا افسر کسی ایک شعبے تک محدود نہیں ہوتا بلکہ اپنی صلاحیتوں سے ہر ادارے کو بہتر بنا سکتا ہے۔ سیف سٹی کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے روایتی پولیسنگ کو جدید ٹیکنالوجی سے جوڑ دیا ہے۔ آج جرائم پیشہ عناصر اپنی شناخت چھپانے، گاڑیوں کی نمبر پلیٹس تبدیل کرنے اور واردات کے بعد فرار ہونے کے لیے نت نئے طریقے اختیار کرتے ہیں۔ ایسے میں جدید کیمروں، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل نگرانی، گاڑیوں کی شناخت اور ورچوئل پٹرولنگ کا نظام پولیس کے لیے ایک مؤثر معاون بن چکا ہے۔ پنجاب میں جرائم کی سراغ رسانی اور ملزمان تک پہنچنے کے عمل میں اس نظام کا کردار مسلسل بڑھا ہے۔ بڑے اور سنگین واقعات میں بھی سیف سٹی کیمروں اور ڈیجیٹل شواہد نے پولیس کو اہم رہنمائی فراہم کی ہے۔ خانیوال میں اربوں روپے کے مبینہ مالی فراڈ سے متعلق ملزمان کی تلاش ہو، امریکہ جعلی ڈاک ٹکٹیں بھجوانے کے معاملے کی سراغ رسانی ہو، سرگودھا میں خطرناک ملزم انعام وینس عرف ناموونیس اور اس کے ساتھیوں کے خلاف کارروائی ہو یا لاہور میں بینک ڈکیتی کے ملزم سبحان علی کی گرفتاری، ان واقعات نے واضح کیا کہ جدید نگرانی کا نظام جرائم کی تفتیش میں کس قدر اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ لاہور میں گڑھی شاہو کے علاقے میں ماں بیٹی کے ہول میں گرنے کے واقعے کی حقیقت سامنے لانے میں بھی کیمروں کی ریکارڈنگ نے اہم کردار ادا کیا۔ ایسے متعدد واقعات ہیں جہاں جدید ٹیکنالوجی نے نہ صرف ملزمان کی نشاندہی میں مدد دی بلکہ پولیس کی تفتیش کو بھی مؤثر بنایا۔ یہاں ایک بات سمجھنا ضروری ہے کہ سیف سٹی پولیس کا متبادل نہیں بلکہ پولیس کی آنکھ، کان اور معاون قوت ہے۔ میدان میں کارروائی پولیس کے افسران اور جوان کرتے ہیں، لیکن جدید معلومات، بروقت نشاندہی اور درست ڈیجیٹل شواہد ان کارروائیوں کو کامیاب بنانے میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ احسن یونس نے اسی تصور کو عملی شکل دینے پر توجہ دی ہے۔ ٹیمپرڈ نمبر پلیٹس کے خلاف اقدامات اور اصل نمبر پلیٹس کی پابندی یقینی بنانے کی کوششیں بھی اسی نظام کی مؤثر کارکردگی کا حصہ ہیں۔

احسن یونس کی قیادت میں سیف سٹی کا کردار صرف جرائم کی روک تھام تک محدود نہیں رہا۔ ''میرا پیارا'' منصوبے کے ذریعے گمشدہ بچوں کو ان کے خاندانوں سے ملانے کا سلسلہ جاری ہے۔ سلیمان اور سائرہ جیسے بچوں کی برسوں بعد اپنے پیاروں سے ملاقات اس ادارے کی انسانی خدمت کی روشن مثال ہے۔ اسی طرح خودکشی کی کوشش کرنے والے ایک نوجوان کی بروقت نشاندہی، مسلسل رابطے اور پولیس وریسکیو کی مدد سے اس کی جان بچانا اس بات کا ثبوت ہے کہ ٹیکنالوجی کا اصل مقصد صرف مجرم پکڑنا نہیں بلکہ انسانی زندگیوں کا تحفظ بھی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں کیو آر کوڈ، ایمرجنسی پینک بٹنز اور ورچوئل بلڈ بینک جیسی سہولتوں پر کام بھی عوامی خدمت کے اسی وسیع تصور کا حصہ ہے۔ ان کامیابیوں کا اعتراف عالمی سطح پر بھی ہوا ہے۔ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف چیفس آف پولیس کی جانب سے گاڑیوں کی چوری اور متعلقہ جرائم کی روک تھام میں ٹیکنالوجی کے استعمال پر پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کو 2026ء ؁ میں اعزاز ملنا ایک اہم کامیابی ہے۔ دبئی ورلڈ پولیس سمٹ ایوارڈز 2026ء ؁ میں بھی ادارے کے مختلف منصوبوں نے عالمی سطح پر نمایاں مقام حاصل کیا۔ الیکٹرانک ڈیٹا اینالیسز سینٹر، میرا پیارا سینٹر اور خصوصی افراد کے لیے خدمات انجام دینے والے پولیس کمیونیکیشن آفیسر فرحان علی کی کارکردگی کا عالمی سطح پر تسلیم کیا جانا پاکستان کے لیے باعث فخر ہے۔ بلاشبہ کسی ایک افسر کو ادارے کی ہر کامیابی کا واحد سبب قرار دینا درست نہیں، کیونکہ ان کامیابیوں کے پیچھے پوری ٹیم کی محنت شامل ہوتی ہے۔ تاہم یہ حقیقت بھی نظرانداز نہیں کی جاسکتی کہ اہل قیادت اداروں کی سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب وژن کو عملی شکل دینے میں سیف سٹی کا کردار اسی وقت مزید مضبوط ہوگا جب جدید ٹیکنالوجی کو صوبے کے ہر شہر اور ہر ضرورت مند شہری تک پہنچایا جائے گا۔ احسن یونس کی نمایاں خوبی یہ ہے کہ انہوں نے ہر نئے عہدے کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور ادارے کی بہتری کا ذریعہ بنایا۔ راولپنڈی سے اسلام آباد، لاہور پولیس آپریشنز سے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی تک ان کی کارکردگی کا تسلسل ایک ایسے افسر کی تصویر پیش کرتا ہے جو ذمہ داری ملنے پر نتائج دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ سیف سٹی میں ان کی خدمات اسی تسلسل کا ایک اہم باب ہیں۔ ایسے افسران کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے، کیونکہ ادارے افراد سے نہیں بلکہ وژن، محنت، دیانت اور اہل قیادت سے آگے بڑھتے ہیں۔

پاسبان عقل کی ہدایت، مقامی اور عوامی مسائل پر اک نظر!

چودھری خادم حسین

شاعر نے کہا ''اچھا ہے دل کے پاس رہے پاسبان عقل، لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے'' جب یہ شعر کہا گیا تب حالات کیا اور اس کی وجہ کیا تھی تاہم آج کے دور میں یہ بے مثل ہے اور ترغیب دیتا ہے کہ پاسبان عقل کو چاہیے کہ وہ دل کو تنہا نہ چھوڑ دے، لیکن ہم ایسے بھی سادہ نہیں ہیں کہ پاسبان عقل کا دامن جھٹک دیں، اس لئے بہتر یہی ہے کہ اسے دل کے ساتھ اور پاس ہی رکھا جائے کہ آج کے دور میں تنہا چھوڑنا خود ہی پریشانیوں کو آواز دینا ہے کہ ملک کے سیاسی جنگل میں گھمسان کا رن پڑ گیا ہے اور ہر کوئی اپنی اپنی بولی بول رہا، یہ لحاظ بھی نہیں رکھا جا رہا کہ گزشتہ دنوں تک تو ہم نوالہ وہم پیالہ تھے اب معلوم نہیں کیا ہو گیا کہ دوست اور ہمدم ہی ایک دوسرے کے سامنے آ گئے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کراچی پریس کلب کے ''میٹ دی پریس'' پروگرام میں بہت کچھ کہہ دیا جس نے ملک میں ایک نیا ہنگامہ برپا کر دیا ہے کہ اتحادی ہی ایک دوسرے کے سامنے ہیں۔ میں پاسبان عقل کی ہدایت پر بہت کچھ جاننے اور جان لینے کے ذرائع رکھتے ہوئے بھی اس ''دلدل'' میں چھلانگ نہیں لگاؤں گا کہ بلاول نے ایک ہی روز میں یکے بعد دیگرے کئی پروگراموں میں سب کچھ دہرا دیا ہے اب وہ جانیں اور ان کے دیرینہ دوست اور حالیہ رقیب، ہم تو دل کو تنہا نہیں چھوڑ رہے۔ عقل ہی نے کہا کہ وقت خراب ہے اس لئے ''نیویں، نیویں ہو کے، تِلی گلی وچوں نکل جاؤ'' اور مجھے یہ تِلی گلی مل گئی ہے کہ عوامی مسائل پر بات کرلوں۔ میں نے ایک سے زیادہ بار توجہ دلائی ہے کہ پنجاب حکومت کے اچھے اور بہت توجہ والے کاموں میں سرکاری اہل کار پاسبان عقل کو دھوکا دے رہے اور کارکردگی کی ویڈیو بنا کر بھیجنے کا جو عمل شروع ہوا، اس سے ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں گزشتہ ماہ کے اوائل میں، میں نے مصطفےٰ ٹاؤن وحدت روٹ کی پارکوں کی طرف متعلقہ شعبوں کی توجہ دلائی تو اس کا نوٹس لیا گیا، پہلے متعلقہ ڈائریکٹر (پی ایچ اے) نے دورہ کیا حالات دیکھے اور معزز حضرات سے بات بھی کی، ہمارے دوست منور بیگ مرزا نے جو وکیل ہیں بڑے تحمل سے مسئلہ بتایا تو غور کے بعد یہ وعدہ کیا گیا کہ حالات جلد درست ہو جائیں گے۔ پارک میں نئے بنچوں کے علاوہ دیکھ بھال پر بھی بھرپور توجہ ہوگی لیکن دکھ سے عرض کرنا پڑتا ہے کہ وزیراعلیٰ ہاؤس سے متعلق حکام بالا کے نوٹس کا یہ ہوا کہ متعلقہ ڈائریکٹر ایک ماہ کا وعدہ کرکے غائب ہو گئے اور اب تک کوئی کام نہیں ہوا حالانکہ اس دوران خود ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے بھی حالات دیکھ گئے۔ ہونا ہوانا جو تھا وہ تو نہ ہوا، اب حالات یہ ہیں کہ پارکیں بزبان خاموش احتجاج کر رہی ہیں اور واضح طور پر بتا رہی ہیں کہ اہل کاروں کو کوئی پرواہ نہیں پہلے تو یہ مسئلہ تھا کہ پارکوں کے اندر اور چاردیواری کے باہر کوڑا جمع رہتا تھا، اب یہ ہوا کہ عملہ صفائی نے ایک اور کاریگری کی کہ دیوار کے ساتھ پڑا کوڑا ساتھ لے جانے اور صفائی کرنے کی بجائے اسے پارک کے اندر پھینک دیا گیا اب صورت حال یہ ہے کہ عباس بلاک کی چھوٹی سی جناح پارک کے دو اطراف اندر باقاعدہ کوڑے کے ڈھیر جمع ہیں اور باہر پی ایچ اے والوں کی طرف سے درختوں کی کانٹ چھانٹ والی ٹہنیاں اور پتے جمع ہیں۔ عملہ صفائی نے یہ عذر پیش کرکے صفائی سے انکار کر دیا ہے کہ ہمارے پاس شکائت درج نہیں کرائی گئی ویسے اگر کوئی متعلقہ اعلیٰ افسر بتائے بغیر اس سکیم کا دورہ کرلے تو سب کچھ آشکار ہو جائے گا۔ بات یہیں تک نہیں، سالہا سال سے مرکزی بڑی گرین بیلٹ کو گوالوں نے چراگاہ بنا رکھا ہے ہر صبح اور شام بھینس اس گرین بیلٹ میں آ کر پیٹ پوجا کرتی ہیں، شجرکاری کے دورانیے میں نئے پودے بھی نگل جاتی ہیں جبکہ اپنی آمد کے پورے راستے میں ''لید'' بھی سڑکوں پر ''خوشبو'' بکھیرتی رہتی ہے۔ آج تک ان کو کسی نے روکا ٹوکا نہیں، سب کھلے بندوں ہو رہا ہے اس پر جھگی نشین آباد کاروں کی بھیڑیں پورے علاقے میں دندناتی اور گھروں کے باہر پودے رہنے نہیں دیتیں، ان کو کچھ کہنے کا حوصلہ یوں نہیں ہوتا کہ بوڑھی عورتیں اور بچیاں ہانکا لگا رہی ہوتی ہیں۔ عقل کے پاسبان کی توجہ پر یہ مسائل عرض تو کر دیئے اگرچہ اپنی تحریر پر بھروسہ ہے لیکن زمانہ کے اطوار پہلے جیسے نہیں رہے۔ اب معلوم نہیں کہ میری ان گزارشات پر مہرباں نظر پڑتی ہے کہ نہیں، آخر میں حکومت پنجاب سے ایک گزارش مطلوب ہے کہ گھروں کے مکینوں کو محکمہ ایکسائز اور ٹیکسیشن کی طرف سے صفائی ٹیکس کے بل موصول ہوئے ہیں جو جولائی 2026 سے دسمبر 2026ء ؁ تک کے چھ ماہ کے ہیں، اس پر سخت بے چینی کا اظہار ہو رہا ہے مکینوں / مالکان مکان کے مطابق یہ ٹیکس ناجائز ہے کہ اس کے نفاذ کے لئے جو وجوہ بیان کی گئی تھیں ان پر عمل نہیں ہوا، اول تو علاقائی صفائی نہیں ہوتی۔ لوگ گھروں کا کوڑا خود نجی لوڈ والوں کے ذریعے ماہانہ ادائیگی پر اٹھواتے ہیں، صفائی ٹیکس کے حوالے سے کہا گیا تھا عملہ نہ صرف صفائی کرے گا بلکہ ہر گھر کو ''گاربیج بیگ'' دیا جائے گا۔ شہری گھر کا کوڑا اس میں جمع کریں گے اور عملہ ہفتے میں دوبار مقررہ دن پر بھرا بیگ لے کر خالی بیگ دے جائے گا، اس تجویز پر تو عمل نہیں ہوا اور پورے شہر میں ہاہاکار مچ گئی ہے۔ صارفین میں یہ تجویز پیش کر دی گئی ہے کہ صفائی اور وعدہ کے مطابق عمل نہیں تو بل ادا نہ کئے جائیں، توقع ہے کہ اس معاملے پر وزیراعلیٰ خود نوٹس لے کر شہریوں کو ایک نئے اور بلا کام ایک نئے ٹیکس سے بچائیں گی اور اگر ٹیکس لینا ہی مقصود ہے تو پھر گلیوں کی صفائی اور ''گاربیج بیگ'' کے ذریعے کوڑا بھی اٹھوایا جائے، سہولت پہلے دی جائے اور ٹیکس بعد میں وصول کیا جائے گا۔

عوام کو چالان نہیں، سہولت چاہیے!

یونس باٹھ

لاہور ایک زندہ دل شہر ہے، جہاں روزانہ لاکھوں لوگ اپنے کام، کاروبار، تعلیم اور دیگر ضروریات کے لیے گھروں سے نکلتے ہیں۔ ان لوگوں کی سب سے بڑی خواہش یہی ہوتی ہے کہ وہ اپنی منزل تک بحفاظت اور بروقت پہنچ سکیں۔ لیکن جب شہر کی سڑکوں پر ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو جائے، راستے بند ہوں اور متبادل انتظامات بھی موجود نہ ہوں تو شہریوں کے لیے معمول کا سفر بھی کسی آزمائش سے کم نہیں رہتا۔ گزشتہ روز مینارِ پاکستان میں جماعت اہلِ حدیث کی کانفرنس کے موقع پر لاہور کے مختلف علاقوں میں ٹریفک کی صورتِ حال انتہائی پریشان کن رہی۔ بالخصوص شاہدرہ سے آنے اور مینارِ پاکستان کے گردونواح میں جانے والی ٹریفک کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ کنٹینرز لگا کر مختلف راستے بند کیے گئے، شاہدرہ چوک، راوی پل اور شیرانوالہ باغ کی جانب سے آنے جانے والے راستوں پر بھی رکاوٹیں کھڑی کی گئیں۔ نتیجتاً شہری گھنٹوں ٹریفک میں پھنسے رہے۔ جو سفر چند منٹوں میں طے ہونا چاہیے تھا، اس کے لیے لوگوں کو گھنٹوں انتظار کرنا پڑا۔ صورتِ حال یہ تھی کہ شاہدرہ سے لاہور آنے والے شہریوں کے لیے راوی پل کے راستے بھی آمدورفت آسان نہ رہی۔ پرانے راوی پل پر ٹریفک انتہائی سست رفتاری سے چلتی رہی جبکہ مین جی ٹی روڈ سے راوی کراس کرنے کے متبادل راستے بھی مؤثر انداز میں دستیاب نہیں تھے۔ لاہور سے باہر جانے والے مسافر، بسیں، لاریاں اور دیگر پبلک ٹرانسپورٹ بھی شدید مشکلات کا شکار رہیں۔ بس اڈوں سے روانہ ہونے والی گاڑیوں کے لیے بھی راستے مسدود ہونے کے باعث مسافروں کو پریشانی اٹھانا پڑی۔ یہاں سوال کسی مذہبی اجتماع یا کانفرنس کے انعقاد کا نہیں، بلکہ انتظامی منصوبہ بندی کا ہے۔ ہر شہری کو اپنے مذہبی، سیاسی اور سماجی اجتماعات منعقد کرنے کا حق حاصل ہے اور انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ ایسے اجتماعات کے دوران سکیورٹی کے بہترین انتظامات کرے۔ لاہور پولیس اور دیگر ادارے امن وامان کے قیام کے لیے جو محنت کرتے ہیں، وہ یقیناً قابلِ قدر ہے۔ تاہم سکیورٹی کے انتظامات کرتے ہوئے عام شہریوں کی سفری ضروریات کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ سب سے زیادہ افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ ایک طرف شہری ٹریفک میں گھنٹوں پھنسے رہے اور دوسری طرف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر بھاری جرمانوں کا معاملہ بھی عوامی گفتگو کا موضوع بنا رہا۔ شہری پہلے ہی مہنگائی، معاشی دباؤ اور روزمرہ مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ ان کے ذہنوں میں یہ سوال پیدا ہونا فطری ہے کہ اگر ٹریفک کا نظام چلانے کی بنیادی ذمہ داری متعلقہ اداروں کی ہے تو اس کی ناکامی کا سارا بوجھ بھی عوام ہی کیوں اٹھائیں؟ شہریوں کا یہ تاثر بھی تشویش ناک ہے کہ بھاری چالان کہیں ریونیو اکٹھا کرنے کا ذریعہ تو نہیں بن رہے۔ اس تاثر کو دور کرنا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو جرمانہ نہ کیا جائے۔ قانون کی پابندی ہر شہری پر لازم ہے، لیکن قانون نافذ کرنے والے اداروں پر بھی لازم ہے کہ وہ شہریوں کو سہولت فراہم کریں۔ اگر آپ خلاف ورزی پر بھاری جرمانے کرتے ہیں تو پھر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنا، متبادل راستے فراہم کرنا اور شہریوں کو بروقت آگاہ کرنا بھی آپ ہی کی ذمہ داری ہے۔ صرف چالان کرنا کافی نہیں، ٹریفک کا نظام چلانا بھی ضروری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب اور لاہور پولیس کے اعلیٰ حکام کو اس معاملے پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ رائیونڈ میں بڑے اجتماعات کے موقع پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے پہلے سے متبادل راستے متعین کیے جاتے ہیں، ڈائیورشن پلان جاری ہوتا ہے اور شہریوں کو مختلف ذرائع سے آگاہ بھی کیا جاتا ہے۔ پھر مینارِ پاکستان اور شاہدرہ جیسے اہم اور مصروف علاقوں میں ایسے انتظامات کیوں نہیں کیے جا سکتے؟ ضرورت اس امر کی ہے کہ بڑے اجتماعات سے کئی روز پہلے ٹریفک پلان تیار کیا جائے، متبادل راستوں کی نشاندہی کی جائے، اہم شاہراہوں پر مناسب ٹریفک اہلکار تعینات ہوں اور سوشل میڈیا، ریڈیو، ٹی وی اور دیگر ذرائع سے شہریوں کو پیشگی آگاہ کیا جائے۔ خاص طور پر ان لوگوں کے لیے واضح رہنمائی ہونی چاہیے جو شاہدرہ، جی ٹی روڈ یا لاہور کے دوسرے علاقوں سے سفر کرتے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں ہر شخص سوشل میڈیا استعمال نہیں کرتا، اس لیے صرف آن لائن اطلاع دینا کافی نہیں۔ باقاعدہ تشہیری مہم اور سڑکوں پر واضح رہنما بورڈ بھی ضروری ہیں۔ ہمیں ایک ایسا عوامی فورم یا کلب بنانے کی ضرورت ہے جو شہریوں کی آواز بنے اور متعلقہ اداروں تک ان کے مسائل پہنچائے۔ ہمارا مقصد اداروں پر تنقید برائے تنقید نہیں، بلکہ ان کی کارکردگی میں بہتری لانا ہے۔ اچھے اقدامات کی تعریف بھی ہونی چاہیے اور جہاں انتظامی کوتاہی ہو، وہاں نشاندہی بھی ضروری ہے۔ آخر میں بات صرف اتنی ہے کہ شہری ریاست کے لیے آمدن پیدا کرنے کا ذریعہ ہی نہیں، بلکہ اس کی بنیادی ذمہ داری بھی ہیں۔ ان سے قانون کی پابندی کا مطالبہ ضرور کریں، مگر انہیں سہولت، عزت اور آسان سفر کا حق بھی دیں۔ بڑے اجتماعات ہوتے رہیں گے، سکیورٹی انتظامات بھی ضروری ہیں، لیکن ان سب کے ساتھ عام آدمی کی زندگی کو مفلوج ہونے سے بچانا بھی حکومت اور انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ عوام کو صرف چالان نہیں، ایک بہتر ٹریفک نظام بھی چاہیے۔

بقیہ 01

کوئٹہ شہر میں گیس کی دورانیہ کو رات 12 بجے تک بڑھائی جائے تاکہ سردی سے عوام بچ سکے' یہ بات رکن بلوچستان اسمبلی میر زابد علی ریکی' مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ' مولانا نور اللہ اور فضل قادر مندوخیل نے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کیا اراکین بلوچستان اسمبلی نے کہا ہے کہ شہر میں شدید سردی کے پیش نظر سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ میں گیس کی فراہمی کے دورانیے میں اضافہ کیا جائے اور گیس پریشر میں کمی کا مسئلہ فوری طور پر حل کیا جائے۔اراکین اسمبلی کا کہنا ہے کہ کوئٹہ میں سردی کی شدت میں اضافے کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، خصوصاً صبح اور رات کے اوقات میں گیس پریشر انتہائی کم ہونے سے گھریلو امور متاثر ہو رہے ہیں۔خواتین، بچوں، بزرگوں اور طلبہ کو سرد موسم میں کھانے پکانے اور دیگر ضروریات پوری کرنے میں دشواری پیش آ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ موسم سرما میں گیس کی بلاتعطل فراہمی عوام کی بنیادی ضرورت ہے، لہٰذا متعلقہ حکام شہریوں کی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے گیس پریشر میں بہتری لائیں اور گیس فراہمی کے موجودہ اوقات میں اضافہ کرنے کے لیے فوری اقدامات کریں۔اراکین بلوچستان اسمبلی نے سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام پر زور دیا کہ کوئٹہ شہر میں گیس کی فراہمی کے مقررہ اوقات میں اضافے پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو سردی کے موسم میں ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 02

نے پاکستان اور برطانیہ کے دیرینہ دوستانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا اور تجارت، سرمایہ کاری، ثقافتی تعاون اور عوامی روابط کے فروغ پر زور دیا۔شاہ چارلس سوئم نے ہائی کمشنر اور ان کی اہلیہ کا خیر مقدم کیا اور پاکستان کی قیادت اور عوام کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 03

خواتین اور ایک مرد شامل ہیں۔اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور جاں بحق افراد اور زخمی کو اسپتال منتقل کر دیا۔

بقیہ 04

کے اندر گروپ بندی، غیر ذمہ دارانہ طرز عمل اور پارٹی معاملات کو سوشل میڈیا اور پرنٹ میڈیا پر زیر بحث لانے کے حوالے سے وضاحت طلبی کا نوٹس جاری کیا گیا تھا۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ انہیں تین دن کے اندر تحریری وضاحت جمع کرانے کی ہدایت کی گئی تھی، تاہم وہ مقررہ مدت میں تسلی بخش جواب دینے میں ناکام رہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق ان کے طرز عمل سے نہ صرف پارٹی نظم و ضبط متاثر ہوا بلکہ جماعت کی ساکھ کو بھی نقصان پہنچا۔جمال شاہ کاکڑ نے نوٹیفکیشن میں واضح کیا ہے کہ چوہدری شبیر کی پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کی بنیادی رکنیت معطل کی جاتی ہے اور آئندہ ان کا پارٹی سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔نوٹیفکیشن میں مزید ہدایت کی گئی ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے تمام مرکزی و ضلعی عہدیداران اور کارکنان معطل رکن سے کسی قسم کا سیاسی رابطہ نہ رکھیں۔

بقیہ 05

کوالٹی انڈیکس 550 تک پہنچ گیا ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور کا موسم بتدریج سرد ہونے لگا، شہر کا کم سے کم درجہ حرارت 12 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہ گیا، زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہے گا، ہوا کی رفتار انتہائی کم ہونے سے فضا آلودہ رہنے کا ہی امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں آئندہ چند روز تک بارش کا کوئی امکان نہیں۔دوسری جانب پنجاب کے دیگر شہروں میں بھی سموگ کی شدت برقرار ہے، ملتان میں 641 اور سرگودھا میں 290 پارٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 06

اکثریت سے چلنے والا نظام ظلم و جبر کے لیے آئینہ ہے جمہوریت پر شب خون مارنے والوں کو مکافاتِ عمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔آج حکمران اتحاد کے اندر سے اٹھنے والی آوازیں اور نظام کی ناکامی کے اعترافات اس بات کی تصدیق کر رہے ہیں کہ جمعیت نظریاتی کا مؤقف روزِ اول سے حق و سچ پر مبنی تھا۔جب پارلیمنٹ میں 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم پیش کی جا رہی تھیں تو جمعیت نظریاتی نے ہر فورم پر اس بات کی نشاندہی کی تھی کہ یہ 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم سے آئین کی روح اور عدلیہ کی آزادی کو چھینا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے موجودہ نظام کو دانستہ طور پر ناکامی کی طرف دھکیلا گیا ہے پارلیمنٹ اور عدالتی نظام کو عوامی امنگوں کے برعکس مقتدر قوتوں کی خواہش پر چلایا گیا آئینی بالادستی، پارلیمانی وقار اور ریاستی اداروں کی خودمختاری کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔پارلیمنٹ محض ربڑ سٹیمپ بن کر رہ چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم نے جب ڈکیٹٹر کی کہنے پر محض اقتدار کی ہوس میں جمہوری دور کا توازن بگاڑ کر جمہوری حکومت کو گرایا گیا آج ان کی سزا بھگت کر پچھتاوے کا سامنا کر رہے ہیں۔پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں نے اقتدار اور ذاتی مفادات کے لیے غیر جمہوری اور غیر آئینی عمل کو سیاست میں مداخلت کے لئے راستہ فراہم کر دیا ہے۔لانگ مارچ اور مہنگائی مارچ سے ملک کو تماشہ گاہ بنا کر جمہوریت کا جنازہ نکالا۔اصولوں سے روگردانی، موروثیت کی پاسداری اور مہنگائی نعروں کی آڑ میں سیاسی سودے بازیوں کا انجام ہمیشہ سیاسی تنہائی پر ختم ہوتا ہے۔

بقیہ 07

صحت کی سہولیات تک رسائی ایک بڑا چیلنج ہے۔انہوں نے کہا کہ منصوبہ ابتدائی طور پر پائلٹ بنیادوں پر شروع کیا گیا ہے، جسے تجربات اور نتائج کی روشنی میں مزید مؤثر اور مستحکم بنایا جائے گا۔اس موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی و قائم مقام گورنر بلوچستان نے منصوبے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے مریضوں کو اسپتالوں میں ریفر کرنے کے طریقہ کار پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی ڈیجیٹل نظام صحت کی کامیابی محض طبی مشاورت یا نسخے کے اجرا تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ مریض کو ضرورت کے مطابق بروقت اور مؤثر علاج، مناسب ریفرل اور ادویات کی فراہمی بھی یقینی بنانا ضروری ہے۔انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ اگر مریض کو محض پیناڈول کی گولی تجویز کر کے اس کی ذمہ داری پوری سمجھ لی جائے تو اس سے نظام کی افادیت کا حقیقی مقصد حاصل نہیں ہوگا۔لہٰذا ریفرل کے نظام کو مزید مؤثر اور مربوط بنایا جائے تاکہ مریض کو مکمل طبی سہولت میسر آ سکے۔اسپیکر نے واضح کیا کہ اگر ریفرل کا نظام مضبوط اور قابل اعتماد بنا دیا جائے تو یہ منصوبہ عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ ثابت ہو سکتا ہے۔انہوں نے متعلقہ حکام سے ہیلتھ کیئر کارڈ کے نظام کے حوالے سے بھی وضاحت طلب کی اور اس بات پر زور دیا کہ ڈیجیٹل طبی سہولیات کو موجودہ صحت کے نظام سے مربوط کیا جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچ سکے۔اسپیکر بلوچستان اسمبلی و قائم مقام گورنر بلوچستان نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت نے صحت اور تعلیم کے شعبوں میں نمایاں اور قابل ذکر اقدامات کیے ہیں، تاہم حکومتی کارکردگی کا اصل معیار عوام کو حاصل ہونے والی سہولیات اور ان کے مسائل کا عملی حل ہے۔انہوں نے کہا کہ ہماری اولین ترجیح عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہونی چاہیے اور ہر منصوبے کے ثمرات عام شہری تک پہنچنے چاہئیں۔جدید ٹیکنالوجی کا حقیقی مقصد بھی یہی ہے کہ سرکاری خدمات کو آسان، شفاف اور عوام کی دہلیز تک پہنچایا جائے۔انہوں نے پی پی ایچ آئی بلوچستان کی انتظامیہ اور متعلقہ عملے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحت کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال خوش آئند ہے، تاہم منصوبے کی کامیابی کے لیے اس پر مسلسل نظر ثانی، موثر نگرانی اور عملی بہتری ناگزیر ہے۔

بقیہ 08

ساتھ علاقے میں صفائی ستھرائی اور ماحول کی بہتری میں بھی مدد ملے گی۔حکومت بلوچستان عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور زیارت کی ترقی و خوبصورتی کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں زیارت ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج لائنوں کی تعمیر و تنصیب کا کام تیزی سے جاری ہے۔اس منصوبے کا مقصد شہر میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانا، عوام کو درپیش مسائل کا خاتمہ اور شہری سہولیات میں بہتری لانا ہے۔منصوبے کی تکمیل سے نکاسی آب کے نظام کو مؤثر بنانے کے ساتھ ساتھ علاقے میں صفائی ستھرائی اور ماحول کی بہتری میں بھی مدد ملے گی۔حکومت بلوچستان عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور زیارت کی ترقی و خوبصورتی کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔

بقیہ 09

اپنے نتائج وزیراعلیٰ بلوچستان کے انسپکشن ٹیم کے دفتر سول سیکرٹریٹ کوئٹہ بلاک نمبر 4 دفتری اوقات کے دوران رابطہ کر کے معلوم کریں اعلامیہ میں مزید کہا گیا ہے کہ کامیاب امیدواروں کو انٹرویو کے لیے کال لیٹر ان کے فراہم کردہ ڈاک کے پتے اور ای میل ایڈریس پر ارسال کیے جائیں گے، جن میں انٹرویو کی تاریخ، وقت اور مقام درج ہوگا۔امیدواروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ انٹرویو کے روز اپنا کال لیٹر، اصل قومی شناختی کارڈ اور تعلیمی و تجرباتی اسناد کی اصل دستاویزات ہمراہ لائیں۔ڈاک کے پتے یا ای میل ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم کے دفتر کو مطلع کریں۔

بقیہ 10

کارروائی مکمل ہونے کے بعد چیئر نے اجلاس پیر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔

بقیہ 11

ہیں۔انہوں نے وفاقی حکومت، حکومتِ بلوچستان، وزرائے خوراک اور تمام منتخب نمائندوں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ صوبے میں آٹے کی قلت کا فوری تدارک کیا جائے، گندم اور آٹے کی ترسیل پر عائد تمام رکاوٹیں ختم کی جائیں اور قیمتوں میں نمایاں کمی لا کر عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے تاکہ شہری عزت کے ساتھ اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی کا بندوبست کر سکیں۔مرکزی انجمن تاجران ژوب کے عہدیداران اور اراکین نے بلوچستان بھر میں آٹے کی شدید قلت اور قیمتوں میں غیر معمولی اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی و صوبائی حکومتوں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں تاجر رہنماں نے کہا کہ صوبے کے عوام پہلے ہی بے روزگاری، غربت اور معاشی بدحالی کا شکار ہیں، جبکہ اب آٹے جیسی بنیادی ضرورت بھی غریب اور مزدور طبقے کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہے۔انہوں نے بتایا کہ ژوب شہر میں آٹے کا 50 کلو کا تھیلا 8 ہزار 300 روپے تک فروخت ہو رہا ہے، جو دیہاڑی دار اور سفید پوش طبقے کے لیے ناقابلِ برداشت ہے۔مرکزی انجمن تاجران کے عہدیداران نے منتخب عوامی نمائندوں کی خاموشی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سینیٹ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی میں عوام کے ووٹوں سے پہنچنے والے نمائندے اس سنگین بحران پر خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔انہوں نے وفاقی حکومت، حکومتِ بلوچستان، وزرائے خوراک اور تمام منتخب نمائندوں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ صوبے میں آٹے کی قلت کا فوری تدارک کیا جائے، گندم اور آٹے کی ترسیل پر عائد تمام رکاوٹیں ختم کی جائیں اور قیمتوں میں نمایاں کمی لا کر عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے تاکہ شہری عزت کے ساتھ اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی کا بندوبست کر سکیں۔

بقیہ 12

وہ اپنی حفاظت یقینی بنانے کے لیے حدیدہ سے نکل جائیں۔حدیدہ حوثی ملیشیا کے قبضے میں ہے، یہی بندرگاہ حوثی ملیشیا کے علاقوں میں خوراک اور ایندھن کی فراہمی کا بڑا ذریعہ ہے۔حوثی ملیشیا نے بندرگاہ پر حملوں کی دھمکی کے ساتھ سعودی فضائی حدود استعمال کرنے والی انٹرنیشنل ایئر لائنز کو بھی وارننگ دی اور کہا کہ اگلے چند گھنٹوں میں سعودی فضائی حدود دان کے آپریشنز کا میدان ہوں گی۔اس لیے ایئر لائنز سعودی فضائی حدود استعمال نہ کریں، حوثی ملیشیا نے شپنگ کمپنیز سے بھی اپنے بحری جہاز سعودی بندرگاہوں سے پیچھے ہٹانے کا کہا ہے۔

بقیہ 13

کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری زوپش آغا کی زیر صدارت تحصیل بروری کے انتظامی امور اور عوامی مسائل کے حل سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔جس میں تحصیلدار، قانون گو اور پٹواریوں نے شرکت کی۔اجلاس میں علاقے کی مجموعی صورتحال، ریونیو امور اور عوام کو درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بروری زوپش آغا نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے فوری اور مؤثر ازالے کو یقینی بنایا جائے، سرکاری امور میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری لگن، دیانت داری اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دی جائیں۔انہوں نے واضح کیا کہ عوامی خدمت اور مسائل کا بروقت حل انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 14

ہے۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق متاثرہ خاندانوں کو اپنے گھروں سے نقل مکانی کر کے محفوظ مقامات، عارضی پناہ گاہوں اور دوسرے علاقوں میں رہائش اختیار کرنا پڑ رہی ہے۔بے گھر افراد میں خواتین، بچے، بزرگ اور بیمار افراد بڑی تعداد میں شامل ہیں، جنہیں خوراک، صاف پانی، رہائش اور طبی سہولیات کی شدید ضرورت ہے۔رپورٹ کے مطابق سب سے زیادہ بے گھر افراد تعز صوبے میں پہنچے، جہاں تقریباً 1 لاکھ 45 ہزار افراد نے پناہ لی، جبکہ لحج میں 95 ہزار اور عدن میں 71 ہزار سے زائد افراد نقل مکانی کر کے پہنچے۔دیگر متاثرہ علاقوں میں ابین، شبوا، الحدیدہ، مرب اور حضرموت شامل ہیں۔اقوام متحدہ کے ادارے نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد کی ضرورت پر زور دیا ہے، کیونکہ مسلسل نقل مکانی کے باعث بے گھر خاندانوں کو رہائش، خوراک، پانی، طبی سہولیات اور تحفظ کے شدید مسائل درپیش ہیں۔

بقیہ 15

مچلکوں کے عوض منظور کی تھی، تاہم ضروری دستاویزات نامکمل ہونے کے باعث ملزم کی رہائی مؤخر ہو گئی تھی۔ذرائع نے بتایا کہ گزشتہ روز مقتولہ ربیعہ احسن کے اہل خانہ نے ملزم احسن طاہر کو معاف کر دیا تھا، مقتولہ کی بہن، والدہ اور مقدمے کے مدعی خرم احمد نے عدالت میں حلف نامے بھی جمع کرائے تھے۔یاد رہے کہ سینئر اینکر پرسن ربیعہ احسن مبینہ طور پر اپنے شوہر کی فائرنگ سے جاں بحق ہوئی تھیں، جس کا مقدمہ تھانہ صدر بیرونی میں درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 16

ہے، جس کے باعث مزدور، دیہاڑی دار اور سفید پوش طبقہ شدید مشکلات سے دوچار ہے۔مرکزی انجمن تاجران ژوب کے عہدیداروں نے اپنے بیان میں کہا کہ بلوچستان بھر میں آٹے کی قلت اور قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ایک طرف لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر نہیں، دوسری جانب اشیائے خورونوش کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے غریب خاندانوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔آٹا ہر گھر کی بنیادی ضرورت ہے، لیکن موجودہ صورتحال میں ایک مزدور کے لیے 50 کلو آٹے کا تھیلا خریدنا بھی انتہائی مشکل ہو چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ افسوس کا مقام ہے کہ عوام کے ووٹوں سے منتخب ہو کر سینیٹ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں میں پہنچنے والے نمائندے اس سنگین عوامی مسئلے پر خاموش دکھائی دے رہے ہیں۔سوال یہ ہے کہ اگر عوام کو بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی بھی ممکن نہیں تو ان کے مسائل کے حل کی ذمہ داری کون ادا کرے گا؟ منتخب نمائندوں کو عوام کی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے اس اہم مسئلے پر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔مرکزی انجمن تاجران ژوب نے وفاقی حکومت، حکومت بلوچستان، وفاقی و صوبائی وزرائے خوراک اور تمام منتخب نمائندوں سے پرزور مطالبہ کیا کہ بلوچستان میں آٹے کی قلت کا فوری نوٹس لیا جائے، گندم اور آٹے کی ترسیل میں حائل تمام رکاوٹیں دور کی جائیں اور مارکیٹ میں آٹے کی وافر دستیابی یقینی بنانے کے ساتھ قیمتوں میں فوری کمی لائی جائے۔انجمن کے عہدیداروں نے کہا کہ غریب عوام کو مہنگائی کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا، روٹی ہر انسان کی بنیادی ضرورت ہے اور حکومت کی اولین ذمہ داری ہے کہ عوام کو دو وقت کی روٹی کی فراہمی ممکن بنائے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ غریب مزدور، دیہاڑی دار اور سفید پوش خاندانوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے تاکہ وہ اپنے بچوں کے لیے عزت کے ساتھ دو وقت کی روٹی کا بندوبست کر سکیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ آٹے کی قلت اور قیمتوں میں اضافے کے مسئلے کو نظر انداز کرنا عوامی مشکلات میں مزید اضافے کا سبب بن سکتا ہے، لہٰذا متعلقہ حکام فوری عملی اقدامات کریں اور بلوچستان کے عوام کو ریلیف فراہم کریں۔

بقیہ 17

ہے کہ مجھے محکمہ ضرور ملا ہے عوامی مسائل اٹھانا میری ذمہ داری میں شامل ہے جس پر چیئرمین پینل نے صوبائی وزیر کو سختی کے ساتھ ہدایت کرتے ہوئے کہ بیٹھ جاؤ آج آپ کو موقع نہیں دینگے جس پر صوبائی وزیر نے خاموشی اختیار کر لی۔

بقیہ 18

چاغی کے مطابق دالبندین کے علاقے کرگوشکان میں موٹر سائیکل پر سوار تین نوجوان پکنک کے لیے جا رہے تھے کہ راستے میں پہلے سے بچھائی گئی آئی ای ڈی پھٹ گئی، جس کے نتیجے میں تینوں موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ہسپتال ذرائع کے مطابق جاں بحق نوجوانوں کی شناخت عرفان ولد پیر جان، سہیل ولد عبدالغفار اور الطاف ولد علی بخش کے ناموں سے ہوئی ہے۔عرفان اور سہیل کا تعلق کلی خدائے رحیم جبکہ الطاف کلی قاسم خان دالبندین سے تھا۔ذرائع کے مطابق تینوں نوجوان آپس میں ماموں زاد اور خالہ زاد رشتہ دار بھی تھے۔افسوسناک واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں سوگ کی فضا چھا گئی جبکہ نوجوانوں کی اچانک ہلاکت پر اہل خانہ اور عزیز و اقارب غم سے نڈھال ہو گئے۔

بقیہ 19

احمد دو روز قبل ٹوبہ ٹیک سنگھ گئے تو پنجاب حکومت کی جانب سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او)، ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) اور ایجوکیشن افسر کو ہدایات جاری کی گئیں کہ وہ ان کے استقبال کے لیے نہ جائیں۔انہوں نے کہا کہ ملک احمد کے دورے کے دوران صورتحال اس حد تک تھی کہ ان کے استقبال کے لیے کوئی ٹیچر بھی موجود نہیں تھا، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے ان کے ساتھ سرکاری سطح پر تعاون نہیں کیا جا رہا۔فواد چوہدری نے مزید دعوی کیا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے وزیراعظم شہباز شریف سے کہا ہے کہ ملک احمد کو پنجاب کے بجائے وفاق میں لے جائیں۔مریم نواز سمجھتی ہیں کہ احمد ملک اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی مل کر ان کے خلاف سازش کر رہے ہیں۔سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے دعوی کیا ہے کہ پنجاب حکومت نے اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان کے حالیہ دورہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے موقع پر ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کے افسران کو ان کے استقبال کے لیے جانے سے روک دیا تھا۔ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری کہنا تھا کہ ملک احمد دو روز قبل ٹوبہ ٹیک سنگھ گئے تو پنجاب حکومت کی جانب سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او)، ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) اور ایجوکیشن افسر کو ہدایات جاری کی گئیں کہ وہ ان کے استقبال کے لیے نہ جائیں۔انہوں نے کہا کہ ملک احمد کے دورے کے دوران صورتحال اس حد تک تھی کہ ان کے استقبال کے لیے کوئی ٹیچر بھی موجود نہیں تھا، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے ان کے ساتھ سرکاری سطح پر تعاون نہیں کیا جا رہا۔فواد چوہدری نے مزید دعوی کیا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے وزیراعظم شہباز شریف سے کہا ہے کہ ملک احمد کو پنجاب کے بجائے وفاق میں لے جائیں۔مریم نواز سمجھتی ہیں کہ احمد ملک اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی مل کر ان کے خلاف سازش کر رہے ہیں۔

بقیہ 20

تھا۔راولپنڈی میں اڈیالہ جیل میں بند ایک قیدی ہسپتال میں دوران علاج دم توڑ گیا۔اڈیالہ جیل سے راولپنڈی ٹیچنگ اسپتال لایا گیا قیدی دوران علاج دم توڑ گیا، ملزم عمیر شفیق کو طبیعت خراب ہونے پر اڈیالہ جیل سے آر ٹی ایچ منتقل کیا گیا تھا۔پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق قیدی عمیر شفیق تھانہ وارث خان میں درج چوری کے 3 مقدمات میں نامزد تھا۔

بقیہ 21

چیئرمین آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن میاں شعیب نے کہا ہے کہ آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔میاں شعیب کا کہنا تھا کہ کمرشل امپورٹ میں سب بینکوں کے ذریعے گاڑیاں منگوائی جا سکیں گی، گاڑیوں کی امپورٹ کا آٹو پالیسی سے کوئی تعلق نہیں ہے، کمرشل امپورٹ میں اب الیکٹرک گاڑیاں بھی آئیں گی، آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔چیئرمین آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن میاں شعیب نے کہا ہے کہ آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔میاں شعیب کا کہنا تھا کہ کمرشل امپورٹ میں سب بینکوں کے ذریعے گاڑیاں منگوائی جا سکیں گی، گاڑیوں کی امپورٹ کا آٹو پالیسی سے کوئی تعلق نہیں ہے، کمرشل امپورٹ میں اب الیکٹرک گاڑیاں بھی آئیں گی، آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔چیئرمین آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن میاں شعیب نے کہا ہے کہ آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔میاں شعیب کا کہنا تھا کہ کمرشل امپورٹ میں سب بینکوں کے ذریعے گاڑیاں منگوائی جا سکیں گی، گاڑیوں کی امپورٹ کا آٹو پالیسی سے کوئی تعلق نہیں ہے، کمرشل امپورٹ میں اب الیکٹرک گاڑیاں بھی آئیں گی، آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔چیئرمین آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن میاں شعیب نے کہا ہے کہ آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔میاں شعیب کا کہنا تھا کہ کمرشل امپورٹ میں سب بینکوں کے ذریعے گاڑیاں منگوائی جا سکیں گی، گاڑیوں کی امپورٹ کا آٹو پالیسی سے کوئی تعلق نہیں ہے، کمرشل امپورٹ میں اب الیکٹرک گاڑیاں بھی آئیں گی، آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔چیئرمین آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن میاں شعیب نے کہا ہے کہ آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔میاں شعیب کا کہنا تھا کہ کمرشل امپورٹ میں سب بینکوں کے ذریعے گاڑیاں منگوائی جا سکیں گی، گاڑیوں کی امپورٹ کا آٹو پالیسی سے کوئی تعلق نہیں ہے، کمرشل امپورٹ میں اب الیکٹرک گاڑیاں بھی آئیں گی، آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔چیئرمین آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن میاں شعیب نے کہا ہے کہ آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔میاں شعیب کا کہنا تھا کہ کمرشل امپورٹ میں سب بینکوں کے ذریعے گاڑیاں منگوائی جا سکیں گی، گاڑیوں کی امپورٹ کا آٹو پالیسی سے کوئی تعلق نہیں ہے، کمرشل امپورٹ میں اب الیکٹرک گاڑیاں بھی آئیں گی، آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔چیئرمین آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن میاں شعیب نے کہا ہے کہ آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔میاں شعیب کا کہنا تھا کہ کمرشل امپورٹ میں سب بینکوں کے ذریعے گاڑیاں منگوائی جا سکیں گی، گاڑیوں کی امپورٹ کا آٹو پالیسی سے کوئی تعلق نہیں ہے، کمرشل امپورٹ میں اب الیکٹرک گاڑیاں بھی آئیں گی، آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔چیئرمین آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن میاں شعیب نے کہا ہے کہ آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔میاں شعیب کا کہنا تھا کہ کمرشل امپورٹ میں سب بینکوں کے ذریعے گاڑیاں منگوائی جا سکیں گی، گاڑیوں کی امپورٹ کا آٹو پالیسی سے کوئی تعلق نہیں ہے، کمرشل امپورٹ میں اب الیکٹرک گاڑیاں بھی آئیں گی، آٹو پالیسی سے 660 سی سی کی گاڑی سستی ہونے جا رہی ہے، کمرشل امپورٹ سے پہلے گاڑیوں کیلئے سیفٹی اسٹینڈرڈز کی پری شپمنٹ کلیئر کرنا ہو گی۔

بقیہ 22

طیارہ بن گیا ہے۔ترکیہ کا پہلا بغیر پائلٹ جنگی طیارہ ترک افواج کے حوالے کر دیا گیا۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق ابتدائی مرحلے میں تین طیارے سیکورٹی فورسز کے حوالے کئے گئے ہیں۔ترک صدر طیب اردوان کا کہنا ہے کہ آج ایک عظیم خواب کا حقیقت بننے کا تاریخی دن ہے۔قزل ایلما ترک فوج کی کامیابیوں میں اہم کردار ادا کرے گا۔واضح رہے کہ قزل ایلما فوجی سروس میں شامل ہونے والا دنیا کا پہلا بغیر پائلٹ لڑاکا طیارہ بن گیا ہے۔ترکیہ کا پہلا بغیر پائلٹ جنگی طیارہ ترک افواج کے حوالے کر دیا گیا۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق ابتدائی مرحلے میں تین طیارے سیکورٹی فورسز کے حوالے کئے گئے ہیں۔ترک صدر طیب اردوان کا کہنا ہے کہ آج ایک عظیم خواب کا حقیقت بننے کا تاریخی دن ہے۔قزل ایلما ترک فوج کی کامیابیوں میں اہم کردار ادا کرے گا۔واضح رہے کہ قزل ایلما فوجی سروس میں شامل ہونے والا دنیا کا پہلا بغیر پائلٹ لڑاکا طیارہ بن گیا ہے۔

بقیہ 23

نتیجے میں شہریوں کی جان و مال کو لاحق خطرات مزید بڑھ گئے ہیں۔مقامی ذرائع کے مطابق ڈرون نے کویت چوک کے قریب شہریوں کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر ہی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔جنوب مشرقی غزہ میں صلاح الدین اسٹریٹ کے قریب اسرائیلی ڈرون حملے کے نتیجے میں ایک فلسطینی شہید ہو گیا۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق حملے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ مقامی ذرائع کے مطابق متاثرہ مقام پر امدادی کارروائیاں بھی کی گئیں۔صلاح الدین اسٹریٹ غزہ کی اہم شاہراہوں میں شمار ہوتی ہے، جو مختلف علاقوں کو آپس میں ملاتی ہے۔اس علاقے میں حملے کے نتیجے میں شہریوں کی جان و مال کو لاحق خطرات مزید بڑھ گئے ہیں۔مقامی ذرائع کے مطابق ڈرون نے کویت چوک کے قریب شہریوں کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر ہی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔

بقیہ 24

الرحمان بلوچ، ظفر علی آغا، عبدالمجید بادینی، لیاقت علی لہڑی، کلثوم نیاز بلوچ، زرک خان مندوخیل، ڈاکٹر اشوک کمار، محمد خان لہڑی اور سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے شرکت کی۔چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی ایچ آئی بلوچستان ڈاکٹر ایم بی راجہ دھریجو نے شرکا کو منصوبے کے اغراض و مقاصد، طریقہ کار اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ صحت دہلیز ایک جدید اور عوام دوست ڈیجیٹل نظام صحت ہے، جس کے ذریعے شہریوں کو 24 گھنٹے مفت ٹیلی میڈیسن کی سہولت فراہم کرتے ہوئے مستند ڈاکٹروں اور مختلف امراض کے ماہرین تک گھر بیٹھے رسائی ممکن بنائی جائے گی۔اس منصوبے کے چار بنیادی اجزا میں ڈاکٹر کی دہلیز تک رسائی، طبی مشاورت اور ڈیجیٹل نسخے کا اجرا، ضرورت کے مطابق مریضوں کی اسپتالوں میں ریفرل اور ادویات کی فراہمی شامل ہیں۔

بقیہ 25

بقول حملے کے نتیجے میں 19 افراد ہلاک جبکہ چار دیگر زخمی ہوئے۔سعودی عرب کی طرف سے ابھی تک اس الزام پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔انہوں نے اس واقعے کو مکمل جنگی جرم قرار دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں اور پناہ گزینوں کو نشانہ بنانا بین الاقوامی انسانی قانون اور انسانی حقوق کے قوانین کی صریح خلاف ورزی ہے۔حوثی ترجمان کے مطابق یہ کشتی راس العرا کے علاقے سے جنوبی یمن کے شہر حیس کی جانب جا رہی تھی جب اسے نشانہ بنایا گیا۔سعودی عرب کی جانب سے تاحال اس الزام پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کے مطابق لڑائی کے موجودہ مرحلے میں 1,600 سے زائد افراد ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ تین لاکھ سے زیادہ افراد بے گھر ہوئے ہیں۔

بقیہ 26

سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر متعلقہ فورم پر آواز اٹھانا ان کی ذمہ داری ہے۔پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کوئٹہ میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرد موسم کی آمد کے ساتھ ہی شہر کے مختلف علاقوں میں گیس کی عدم دستیابی اور کم پریشر کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔گھریلو صارفین کو کھانا پکانے سمیت روزمرہ امور کی انجام دہی میں دشواری پیش آ رہی ہے، جبکہ خصوصاً صبح اور شام کے اوقات میں گیس کا کم پریشر عوام کے لیے پریشانی کا باعث بن رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ گیس عوام کی بنیادی ضرورت ہے اور سردیوں کے موسم میں اس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام کو چاہیے کہ وہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس کی فراہمی اور پریشر کے مسئلے کا جائزہ لے کر اس کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کریں تاکہ شہریوں کو ریلیف مل سکے۔جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وہ کوئٹہ میں گیس کی لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی کا معاملہ قومی اسمبلی اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کے اجلاسوں میں بھی اٹھائیں گے اور متعلقہ حکام کی توجہ اس اہم عوامی مسئلے کی جانب مبذول کرائیں گے تاکہ گیس کی فراہمی میں درپیش مشکلات کے مستقل حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا سکیں۔انہوں نے کہا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر متعلقہ فورم پر آواز اٹھانا ان کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 27

بدعنوانی کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے چیف سیکریٹری بلوچستان سے معاملے کی شفاف تحقیقات کے لیے اعلیٰ سطحی انکوائری کمیٹی تشکیل دینے کی اپیل کی ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت بلوچستان کا آر ایم سی سیکشن صوبے کے عوام بالخصوص سرکاری ملازمین کے علاج معالجے سے متعلق امور اور فنڈز کی ادائیگی میں اہم ذمہ داریاں انجام دیتا ہے، لیکن افسوسناک طور پر اس اہم شعبے میں مبینہ بے قاعدگیوں کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جن کا فوری طور پر نوٹس لینا ضروری ہے۔نثار یادگار سارنگزئی نے الزام عائد کیا کہ آر ایم سی سیکشن میں ایک مخصوص مافیا کی شکل اختیار کرنے والے بعض اہلکار طویل عرصے سے تعینات ہیں اور مبینہ طور پر سرکاری وسائل میں بے ضابطگیوں کے مرتکب ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ علاج معالجے کے حقیقی اور مستحق کیسز طویل عرصے تک التوا کا شکار رہتے ہیں، جبکہ مبینہ جعلی بلوں کی منظوری انتہائی مختصر وقت میں حاصل کر لی جاتی ہے، جو ایک سنجیدہ معاملہ ہے۔

بقیہ 28

فروغ اور ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنانا ہے۔حکومت ایسے اقدامات پر توجہ دے رہی ہے جن کے نتائج عوام کو عملی طور پر نظر آئیں اور جن سے ان کی زندگیوں میں حقیقی بہتری آئے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ موجودہ حکومت کے دور میں سرکاری افسران اور سول بیوروکریسی نے اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے بلوچستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سرکاری مشینری کی مؤثر کارکردگی اور اداروں کے درمیان مربوط تعاون سے عوامی خدمت اور ترقیاتی اہداف کے حصول کو ممکن بنایا جا رہا ہے۔وزیراعلیٰ نے بلوچستان میں امن و استحکام کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 78 برس کے دوران ان اداروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔پاک فوج، فرنٹیئر کور، بلوچستان پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوانوں نے صوبے میں امن کے قیام، عوام کے تحفظ اور ریاستی عملداری برقرار رکھنے کے لیے بے مثال خدمات انجام دی ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرکاری اسکولوں کو غیر تدریسی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی روایت ختم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔اسکولوں کی عمارتیں بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے مختص ہیں، انہیں مہمان خانے یا دیگر غیر متعلقہ مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے بجائے تدریسی سرگرمیوں کے لیے فعال رکھا جائے گا۔تعلیمی اداروں کی بحالی اور ان میں تدریسی عمل کا تسلسل یقینی بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت نے شعبہ تعلیم کے ساتھ صحت کے شعبے میں بھی متعدد اہم اقدامات کیے ہیں جن سے لاکھوں شہری مستفید ہو رہے ہیں۔ہیلتھ کارڈ کی سہولت سے لے کر نئے اسپتالوں کے قیام اور علاج معالجے کی سہولیات میں بہتری تک مختلف اقدامات کے ذریعے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا رہی ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ شعبہ تعلیم میں حکومتی اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں جن کا اعتراف وفاقی حکومت اور عالمی فورمز پر بھی کیا گیا ہے۔صوبے میں ہزاروں اساتذہ کی بھرتی کے ذریعے تدریسی عمل کو مستحکم کیا گیا ہے جبکہ طویل عرصے سے بند سینکڑوں سرکاری اسکولوں کو دوبارہ فعال بنایا گیا ہے۔ان اقدامات سے نہ صرف تعلیمی اداروں کی فعالیت بحال ہوئی ہے بلکہ بچوں کے لیے تعلیم کے مواقع میں بھی اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ریکارڈ تعداد میں تعلیمی وظائف فراہم کیے ہیں تاکہ بلوچستان کے ذہین اور باصلاحیت طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں معاونت فراہم کی جا سکے۔تعلیمی وظائف کا مقصد طلبہ کو اپنی صلاحیتیں نکھارنے، اعلیٰ تعلیمی مواقع سے فائدہ اٹھانے اور مستقبل میں عملی زندگی میں آگے بڑھنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت تعلیم، صحت، امن و امان اور عوامی فلاح کے دیگر شعبوں میں اصلاحات اور ترقیاتی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی، جبکہ تمام منصوبوں میں میرٹ، شفافیت اور معیار کو بنیادی اہمیت دی جائے گی تاکہ سرکاری وسائل کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں۔

بقیہ 29

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثنااللہ نے کہا کہ 14 اگست 1947 کو ہمارے آبا و اجداد نے طویل جدوجہد اور لازوال قربانیوں کے بعد پاکستان تخلیق کیا، پاکستان کا قیام ایک تاریخی جدوجہد کا نتیجہ تھا، جس کے تحفظ اور استحکام کے لئے پوری قوم کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے پانچ ایٹمی دھماکوں کے بعد پاکستان نے چھ کامیاب ایٹمی دھماکے کر کے اپنی دفاعی صلاحیت کا اظہار کیا۔مشیر وزیراعظم کا کہنا تھا کہ اس وقت کے امریکی صدر بل کلنٹن نے متعدد مرتبہ فون کر کے پاکستان کو ایٹمی دھماکے کرنے سے روکنے کی کوشش کی، تاہم سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے قومی غیرت، خودمختاری اور ملکی دفاع کے تقاضوں کو مقدم رکھتے ہوئے ایٹمی دھماکے کرنے کا فیصلہ کیا۔رانا ثنااللہ نے کہا کہ پاکستان کا ایٹمی قوت بننا ملکی سلامتی اور دفاع کیلئے ایک اہم سنگ میل تھا، ان کا کہنا تھا کہ غیر مسلم دنیا کسی مسلمان ملک کو ایٹمی طاقت کے طور پر دیکھنا نہیں چاہتی تھی، لیکن پاکستان نے اپنے دفاع اور تحفظ کے لیے یہ تاریخی فیصلہ کیا۔ان کا کہنا تھا کہ بھارت آج بھی جانتا ہے کہ وہ پاکستان کو ہراساں نہیں کر سکتا، انہوں نے الزام عائد کیا کہ بھارت اب افغانستان کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردی کروا رہا ہے، تاہم پاکستان اپنی سلامتی اور خودمختاری کے دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔مشیر وزیراعظم نے معرکہ حق کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی 78 سالہ تاریخ میں پوری قوم نے اس کامیابی پر فخر محسوس کیا، یہ پہلی مرتبہ ہے کہ پوری دنیا اور خود بھارت نے بھی پاکستان کی کامیابی اور اپنی شکست کو تسلیم کیا، معرکہ حق کی فتح نے پاکستانی عوام کا سر فخر سے بلند کر دیا۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ قومی اتحاد، سیاسی رواداری اور ملکی دفاع کے جذبے کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے تاکہ پاکستان ترقی، استحکام اور خودمختاری کی راہ پر آگے بڑھ سکے۔رانا ثنااللہ کا کہنا تھا پاکستان کی سفارتی کامیابیاں باعثِ فخر ہیں، پاکستان آج دنیا میں امن کے داعی ملک کے طور پر پہچانا جاتا ہے۔وزیراعظم اور عسکری قیادت نے پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کیا، پاکستان کو عالمی سطح پر عزت اور احترام کی نگاہ سے دیکھا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ تحفظِ حرمین شریفین کے لیے پوری قوم متحد ہے، مکہ معاہدہ حرمین شریفین اور پاکستان کے مشترکہ دفاع کی علامت ہے۔

بقیہ 30

اجلاس کے دوسرے روز خطاب کرتے ہوئے کیا۔اسحاق ڈار نے کہا کہ معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہیں، پاکستان رکن ممالک کے درمیان رابطوں کیلئے کردار ادا کرے گا، درپیش چیلنجز کا مقابلہ مل کر کرنا ہوگا۔اسحاق ڈار نے اقتصادی ایجنڈے کی کامیابی کیلئے امن اور استحکام کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ امن اور ترقی ایک دوسرے کو تقویت دیتے ہیں، اقتصادی تعاون استحکام میں مشترکہ مفادات پیدا کرتا ہے، جبکہ عدم تحفظ ترقیاتی منصوبوں کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں تنازعات اور عدم استحکام پر گہری تشویش رکھتا ہے، خطے میں تنازعات کے اثرات قومی سرحدوں سے آگے تک پھیلتے ہیں، عدم استحکام سے تجارتی راستے، توانائی کی فراہمی، سرمایہ کاری اور عوام کے اقتصادی منصوبے متاثر ہوتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان عالمی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے پرامن حل کا مسلسل حامی رہا ہے، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور دفتر خارجہ برادر ممالک اور عالمی شراکت داروں کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے ہیں، پاکستان پرامن حل کے لئے سفارتی کوششیں جاری رکھے گا۔اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان مذاکرات، کشیدگی میں کمی اور پائیدار علاقائی استحکام کیلئے سفارتی کوششیں جاری رکھے گا، افغانستان کے حوالے سے بھی پاکستان کا نقطہ نظر امن اور علاقائی تعاون کے عزم کا عکاس ہے، پاکستان ایک پرامن، خوشحال اور مستحکم افغانستان کا خواہاں ہے، جو ای سی او کے فریم ورک میں مکمل طور پر ضم ہو اور اپنے تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ امن سے رہے۔انہوں نے زور دیا کہ افغانستان میں امن اور استحکام کا فائدہ صرف افغان عوام کو نہیں بلکہ پورے خطے کو ہوگا، مستحکم افغانستان تجارت، ٹرانزٹ اور اقتصادی تعاون کے نئے اہم مواقع کھول سکتا ہے، بامعنی پیش رفت کیلئے افغان حکام کو پڑوسی ممالک کے جائز سکیورٹی خدشات، خصوصاً دہشت گردی کے خطرے سے نمٹنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ عالمی معاہدوں اور وعدوں کی پاسداری پر اعتماد علاقائی روابط کے لئے ضروری ہے، غیر حل شدہ تنازعات اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کی عدم تکمیل اعتماد کو نقصان پہنچا سکتی ہے، غیر حل شدہ تنازعات اور عالمی ذمہ داریوں کی عدم تکمیل اقتصادی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان تجارت اور سرمایہ کاری فروغ چاہتا ہے، باہمی تعاون سے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی، خطے میں معاشی ترقی کیلئے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔مشرق وسطیٰ میں کی کشیدہ صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ بات چیت کے ذریعے تنازعات کا حل ضروری ہے، تیزی سے بدلتی ٹیکنالوجی کے پیش نظر علاقائی روابط مستحکم بنانا ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ علاقائی تعاون کا احیا ہماری گزشتہ کوششوں کو آگے بڑھانے کا نام ہے، علاقائی تعاون کا احیا ہمارے سامنے موجود چیلنجز اور مستقبل کے امکانات دونوں کی عکاسی کرتا ہے۔نائب وزیراعظم نے کہا کہ جغرافیائی سیاسی غیر یقینی صورتحال، معاشی دباؤ اور تیز رفتار تکنیکی تبدیلی کے دور میں مضبوط علاقائی تعاون کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے، ہمارے ممالک کو درپیش بہت سے چیلنجز قومی سرحدوں سے ماورا ہیں، مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لئے قریبی رابطہ کاری اور اجتماعی اقدامات کی ضرورت ہے۔اسحاق ڈار نے کہا کہ علاقائی تعاون کی بحالی کے لئے نئے سرے سے سب کچھ شروع کرنے کی ضرورت نہیں، موجودہ بنیادوں کو مضبوط بنانے اور پہلے سکیئے گئے وعدوں کو نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھانے کی ضرورت ہے، علاقائی تعاون کو عوامی ضروریات کے مطابق مزید موثر اور فعال بنانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہماری مضبوطی کا انحصار صرف چیلنجز سے نمٹنے پر نہیں بلکہ ان کی پیشگی تیاری پر بھی ہے، مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مضبوط شراکت داریوں کی تعمیر بھی ضروری ہے، ای سی او کے تحت رواں سال وزارتی اور شعبہ جاتی اجلاسوں نے اہم شعبوں میں تعاون کا تسلسل برقرار رکھنے میں مدد دی۔انہوں نے مزید کہا کہ نومبر 2025 میں ای سی او وزرائے تجارت کی منظور کردہ روڈ میپ علاقائی تجارتی انتظامات کے فروغ کی بنیاد فراہم کرتی ہے، رواں سال ستمبر میں نیویارک میں ہونے والے ای سی او کے غیر رسمی کونسل اجلاس میں گہرے اقتصادی انضمام اور روابط کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا۔اسحاق ڈار نے کہا کہ اقتصادی تعاون کے اسٹریٹجک اہداف 2026 سے 2035 کو حتمی شکل دینے کے لئے ہونے والے کام نے مستقبل کی کوششوں کی سمت متعین کرنے میں مدد دی، یہ پیش رفت ای سی او کے آئندہ مرحلے کے کام کیلئے مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے۔اسحاق ڈار نے بتایا کہ اب ترجیح عملی اقدامات کے ذریعے اس پیش رفت کو آگے بڑھانا ہے، ایسے عملی اقدامات کی ضرورت ہے جو اقتصادی روابط مضبوط اور خطے کے عوام کو دیرپا فوائد فراہم کریں، ہمارے خطے کے قدرتی وسائل، توانائی کے ذخائر، زرعی صلاحیت اور اسٹریٹجک محل وقوع قریبی اقتصادی تعاون کے وسیع امکانات فراہم کرتے ہیں۔نائب وزیراعظم نے کہا کہ خطے کی جغرافیائی قربت ہی اقتصادی تعاون کی صلاحیت سے فائدہ اٹھانے کے لیے کافی نہیں، پاکستان کی ای سی او صدارت کے دوران پانچ ترجیحات پر کام کیا جائے گا، پہلی ترجیح تجارت اور سرمایہ کاری کا فروغ ہے، علاقائی منڈیوں تک رسائی، ویلیو چینز کے استحکام اور نجی شعبے کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کی حمایت کریں گے۔انہوں نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی شمولیت پر خصوصی توجہ دی جائے گی، کاروباری برادریوں کے درمیان قریبی روابط سے تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع بڑھائے جا سکتے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ دوسری ترجیح علاقائی روابط کا فروغ ہے، وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا اور بحیرہ عرب کے ساحل پر پاکستان کی بندرگاہوں کے درمیان ٹرانسپورٹ اور ٹرانزٹ روابط بہتر بنانے کے لئے رکن ممالک کے ساتھ مل کر کام کریں گے، کسٹمز طریقہ کار میں ہم آہنگی، سرحدی انتظامات میں بہتری اور قابل اعتماد ٹرانزٹ نظام تجارتی راستوں کے لئے ضروری ہیں۔نائب وزیراعظم نے کہا کہ علاقے میں اشیا کی نقل و حرکت آسان بنانے کے لئے ای سی او کے موجودہ ٹرانسپورٹ اور ٹرانزٹ نظام سے فائدہ اٹھانا اہم ہوگا۔اسحاق ڈار نے کہا کہ تیسری ترجیح ای سی او تجارتی معاہدے کو آگے بڑھانا ہے، نومبر 2025 میں ای سی او وزرائے تجارت کی منظور کردہ مذاکراتی حکمت عملی اور روڈ میپ تجارتی معاہدے کو جدید بنانے کی بنیاد فراہم کرتے ہیں، پاکستان مؤثر، جامع اور ڈیجیٹل سہولیات سے آراستہ علاقائی تجارتی نظام کے لیے رکن ممالک کے درمیان مسلسل رابطوں کی حمایت کرے گا۔انہوں نے بتایا کہ چوتھی ترجیح علاقائی سطح پر قدرتی اور معاشی چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت مضبوط بنانا ہے، موسمیاتی تبدیلی، قدرتی آفات اور پانی و توانائی کے وسائل پر بڑھتا دباؤ ہماری معیشتوں اور معاش پر سنگین اثرات مرتب کر رہا ہے، آفات سے نمٹنے کی تیاری، پیشگی انتباہی نظام، پانی کے پائیدار انتظام اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے کی صلاحیت رکھنے والے انفراسٹرکچر میں تعاون ضروری ہے۔نائب وزیراعظم نے کہا کہ پانچویں ترجیح عوام اور انسانی وسائل پر سرمایہ کاری ہے، خطے کی نوجوان آبادی ہماری سب سے بڑی طاقتوں میں سے ایک ہے، تعلیم، تحقیق، جدت اور فنی تربیت کے بہتر مواقع نوجوانوں کو بدلتی معیشتوں کی ضروریات کے مطابق مہارتیں فراہم کر سکتے ہیں، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور پیشہ ورانہ تبادلوں سے علاقائی انضمام کی انسانی بنیادیں مزید مضبوط ہوں گی۔انہوں نے زور دیا کہ ای سی او کی پانچوں ترجیحات ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہیں، مضبوط علاقائی روابط تجارت کو فروغ دیتے ہیں جبکہ زیادہ سرمایہ کاری سے معاشی مواقع پیدا ہوتے ہیں، قدرتی چیلنجز سے نمٹنے اور انسانی ترقی میں تعاون ان معاشی فوائد کو برقرار رکھنے میں مددگار ثابت ہوگا، ان ترجیحات کی کامیابی کا انحصار مشترکہ طور پر موثر انداز میں اہداف کے حصول پر ہوگا۔اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان 2026 اور 2027 کے لئے ای سی او کی صدارت سنبھالنے پر فخر محسوس کرتا ہے اور اس مدت کو نتیجہ خیز اور بامقصد بنانے کیلئے پرعزم ہے۔اس سے پہلے اجلاس کے آغاز پر نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے مہمانوں کا استقبال کیا، مہمان وفود کے سربراہان کی آمد کے بعد یادگاری گروپ فوٹو بھی بنوایا۔

بقیہ 31

کیا۔اس موقع پر بی او آئی ٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالمنان، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر منظور احمد، وزیراعلیٰ بلوچستان کے پریس سیکرٹری شیخ عبدالرزاق، سینئر صحافی حضرات موجود تھے، معاون خصوصی برائے اطلاعات شاہد رند نے کہا کہ بلوچستان میں مثبت اور ذمہ دار صحافت کی ایک مضبوط روایت موجود ہے اور صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے میڈیا کا تعاون نہایت اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کو مؤثر اور فعال ادارہ بنانے میں وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں، جنہوں نے کوئٹہ کے علاوہ کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں بھی سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں کاروبار کے مواقع سے آگاہ کیا۔شاہد رند نے کہا کہ BITE 2026 کی ایک اہم خصوصیت BalochistaninMade پر توجہ ہے، جس کے ذریعے مقامی صنعت کاروں، کاروباری افراد، چھوٹے کسانوں اور ہنرمندوں کو اپنی مصنوعات متعارف کرانے کا موقع ملے گا۔انہوں نے یقین دلایا کہ بلوچستان کا میڈیا سرمایہ کاری، تجارت اور صوبے کی معاشی ترقی کے لیے جاری کوششوں میں اپنا مثبت اور ذمہ دارانہ کردار ادا کرتا رہے گا۔بلال خان کاکڑ نے کہا کہ 18 اور 19 نومبر کو منعقد ہونے والی BITE 2026 کا بنیادی مقصد بلوچستان کی مقامی صنعت، کاروباری افراد، چھوٹے کسانوں اور ہنرمندوں کی مصنوعات کو متعارف کرانا اور انہیں قومی و بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ایکسپو میں ملک کے مختلف شہروں سے ممتاز صنعت کار اور کاروباری شخصیات بھی شرکت کریں گی۔انہوں نے کہا کہ ایکسپو نوجوانوں میں کاروبار اور خود روزگاری کے رجحان کو فروغ دینے کا ذریعہ بنے گی، کیونکہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے نوجوانوں کو ملازمت کے ساتھ ساتھ اپنا کاروبار شروع کرنے کی جانب بھی راغب کرنا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ اس ایکسپو کے بعد بلوچستان ڈیجیٹل ایکسپو کا بھی انعقاد کیا جائیگا جس میں ڈھائی سال کے دوران حکومت بلوچستان کی جانب سے مختلف شعبوں اور محکموں میں ہونیوالی ڈیجیٹلائزیشن اور اور اصلاحات کو عوام کے سامنے اجاگر کیا جائیگا، بلال خان کاکڑ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کوششوں سے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے وفاقی محکموں میں 25 ہزار ملازمتوں کی فراہمی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔اس سلسلے میں پہلے مرحلے میں ساڑھے پانچ ہزار نوجوانوں کے انٹرویوز کا عمل شروع کیا جا رہا ہے، جبکہ کامیاب امیدواروں کو آفر لیٹرز جاری کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اور معاشی طور پر خودمختار بنانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔اس موقع پر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر منظور احمد نے میڈیا کی جانب سے ایونٹ کی کوریج کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عوامی مفاد کے معاملات کو بلوچستان کے صحافیوں نے ہمیشہ اجاگر کیا ہے، سینئر صحافی رضا الرحمٰن نے کہا کہ 24 سال بعد ایکسپو کا انعقاد ایک تاریخی موقع ہے، معاشی صورتحال کی بہتری کیلئے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ بہترین اقدامات کر رہا ہے۔

بقیہ 32

کی فراہمی صوبے کا سب سے بڑا چیلنج ہے، جس سے نمٹنے کیلئے زراعت اور دیگر معاشی شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنا ناگزیر ہے۔نوجوانوں کو سرکاری ملازمتوں کے متلاشی ہونے کی بجائے دوسروں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے قابل بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔تقریب کے دوران وزیراعظم یوتھ لیپ ٹاپ پروگرام کے تحت طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے جبکہ گورنر بلوچستان نے یونیورسٹی میں جدید ڈیجیٹل ای لائبریری کا افتتاح بھی کیا۔انہوں نے ای لائبریری کو ایک اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل وسائل تک رسائی نوجوانوں میں فکری وسعت، ریسرچ اور علم کے فروغ میں معاون ثابت ہوگی۔گورنر بلوچستان نے ان خیالات کا اظہار بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (BUMHS) کوئٹہ کے زیرِ اہتمام نئے داخل ہونے والے طلباء و طالبات کے اعزاز میں منعقدہ اورنٹیشن اور وائٹ کوٹ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، وائس چانسلر ڈاکٹر شبیر لہڑی، فیکلٹی ممبرز، طلباء و طالبات اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہر دور کے اپنے تقاضے ہوتے ہیں۔ماضی میں اکیڈمک ڈگریوں کی اہمیت زیادہ تھی تاہم موجودہ دور میں پریکٹیکل مہارتوں اور اسکلز ڈیولپمنٹ کی اہمیت تیزی سے بڑھ رہی ہے۔پروفیشنل اور ٹیکنیکل کورسز مکمل کرنے والے نوجوان اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک بہتر روزگار حاصل کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری بھرپور کوشش ہے کہ نوجوانوں کیلئے جاپان، چین اور دیگر ممالک میں اسکالرشپ کے مواقع پیدا کیے جائیں۔انہوں نے پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کی مالی معاونت میں موجودہ حکومت اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ سرکاری یونیورسٹیز کو درپیش مشکلات کے حل اور تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے مسلسل کوششیں جاری ہیں۔سینیٹ اور سنڈیکیٹ جیسے ادارے یونیورسٹیوں کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں کیونکہ ان میں شامل انتہائی پڑھے لکھے تجربہ کار اور ماہرین اور سینئر شخصیات اپنی اعلیٰ بصیرت اور اجتماعی دانش سے تعلیمی اداروں کو کامیابی کی راہ پر گامزن کرتی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کی بہتری کیلئے کی جانے والی انتھک کوششوں کے مثبت نتائج سامنے آ چکے ہیں اور سرکاری یونیورسٹیوں کی رینکنگ اور اسکورنگ میں ڈبل اضافہ ہوا ہے۔گورنر بلوچستان نے پروفیسرز اور پی ایچ ڈی اسکالرز کی مستقل تعیناتی پر پابندی کے باعث 100 سے زائد پی ایچ ڈی اسکالرز کے صوبہ چھوڑنے پر افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ سینئر پروفیسرز اور ریسرچرز کو جاب سیکورٹی اور مناسب معاوضہ فراہم کرنا ضروری ہے۔اس مسئلے کے پائیدار حل کیلئے صوبائی کابینہ کی منظوری اور باہمی مشاورت سے جلد اقدامات کیے جائینگے۔انہوں نے کہا کہ بعض مستحق طلبہ مالی مشکلات اور فیس ادائیگی کی استطاعت نہ رکھنے کے باعث اپنی تعلیم ادھوری چھوڑنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔اس حوالے سے انہوں نے وائس چانسلر ڈاکٹر شبیر لہڑی کو مستحق طلبہ کی فیسوں میں رعایت دینے کی اجازت دیتے ہوئے کہا کہ وہ ہمیشہ فیس کم کرنے اور طلبہ کو تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے حامی رہے ہیں۔صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ موجودہ دور آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا دور ہے تاہم انسان خود اللہ تعالیٰ کی تخلیق کردہ ایک عظیم آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا مظہر ہے۔انہوں نے کہا کہ پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کو مختلف بحرانوں سے نکالنے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا خصوصی تعاون حاصل رہا ہے۔انہوں نے ڈیجیٹل لائبریری کے قیام کی کوششوں کو بھی سراہا۔وائس چانسلر ڈاکٹر شبیر لہڑی نے کہا کہ آج ہم سب کیلئے فخر اور اعزاز کا دن ہے کیونکہ بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز نے بیک وقت کئی اہم سنگِ میل عبور کیے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی ہدایات پر شروع کیے گئے شارٹ اور لانگ پروفیشنل کورسز کیلئے اب تک 20 ہزار درخواستیں موصول ہو چکی ہیں جو صوبے کی تمام یونیورسٹیوں کی تاریخ میں ایک منفرد کامیابی ہے۔تقریب کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ جدید تعلیم، ڈیجیٹل سہولیات، پریکٹیکل مہارتوں اور مالی معاونت کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنایا جائیگا

بقیہ 33

خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے احترام، شہریوں اور تجارتی جہاز رانی کے تحفظ اور پائیدار امن و استحکام کے قیام کیلئے سفارتی کوششوں کی بحالی پر زور دیا ہے۔ان خیالات کا اظہار اقوامِ متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سید حیدر شاہ نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں خلیج کی صورتحال اور بین الاقوامی امن و سلامتی پر اس کے اثرات، خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دار الحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کر دی گئی مساجد اور امام

Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

ڈپٹی کمشنر قلات کا مغلزئی تا کوٹنگ بلیک ٹاپ سڑک کے کام کا دورہ

بی ایس ڈی آئی منصوبے میں معیار اور شفافیت پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈپٹی کمشنر قلات کا سڑک منصوبے کا معائنہ

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کا ایس ڈی او روڈز انجینئر نوید موسیانی کے ہمراہ BSDI پروگرام کے تحت مغلزئی تا کوٹنگ بلیک ٹاپ سڑک کے تعمیراتی کام کا تفصیلی دورہ۔ اس موقع پر ایس ڈی او روڈز انجینئر نوید موسیانی نے ڈپٹی کمشنر کو سڑک کے جاری تعمیراتی کام، پیش رفت اور دیگر تکنیکی امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے سڑک کے تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار کا بغور جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ BSDI پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کا بنیادی مقصد عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا اور علاقے کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ مغلزئی تا کوٹنگ سڑک کی تعمیر سے علاقے کے عوام کو آمد و رفت میں درپیش مشکلات میں کمی آئے گی اور مقامی آبادی کو بہتر سفری سہولیات میسر ہوں گی۔ ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کا ایس ڈی او روڈز انجینئر نوید موسیانی کے ہمراہ BSDI پروگرام کے تحت مغلزئی تا کوٹنگ بلیک ٹاپ سڑک کے تعمیراتی کام کا تفصیلی دورہ۔ اس موقع پر ایس ڈی او روڈز انجینئر نوید موسیانی نے ڈپٹی کمشنر کو سڑک کے جاری تعمیراتی کام، پیش رفت اور دیگر تکنیکی امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ

ترقیاتی فنڈ زعوام کی امانت ہیں، انہیں عوامی فلاح و بہبود پر ہی خرچ کیا جائے گا، فیصل جمالی

اوستا محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ فنڈز عوام کی امانت ہے عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کیے جائیں گے حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروکار لائے جائے گا ان خیالات کا اظہار سردار زادہ فیصل خان جمالی

کیوڈی اے کی پالیسیوں اور بدانتظامی کی تحقیقات کا مطالبہ

قیمتی اراضی کی الاٹمنٹ، اشتہاری اخراجات اور مالی معاملات کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں۔ ٹرانسپورٹرز

کوئٹہ (اے این این: آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کے مرکزی ترجمان اور کوئٹہ کی تاجر برادری، کاروباری حلقوں، ٹرانسپورٹرز اور مختلف شہری و سماجی تنظیموں کے نمائندوں نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیو ڈی اے) کی موجودہ انتظامی پالیسیوں، سینئر افسران کو عہدوں سے ہٹانے اور ادارے کے مالی معاملات پر کے خلاف انکوائریاں شروع کرنا تشویش ناک ہے۔ ڈائریکٹر کمرشل، ریزیڈنشل، ٹاؤن پلاننگ، ورکس اور بلڈنگ کنٹرول سمیت اہم شعبوں میں تعیناتیوں کے حوالے سے بھی میرٹ اور سنیارٹی کو نظرانداز کرنے کے خدشات سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہزار گنجی میں منسوخ شدہ پلاٹوں کی دوبارہ الاٹمنٹ، مجوزہ



اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی موجودگی میں ترکیہ اور پاکستان کے درمیان معاہدے پر دستخط کئے جا رہے ہیں

سعودی عرب کی جانب آنے والے 2 میزائل اور 3 ڈرون فضا میں تباہ

یمنی سرکاری افواج کے حوثی باغیوں کے خلاف 723 حملے، جنگجوؤں اور رہنماؤں سمیت 321 افراد ہلاک و زخمی، 117 گاڑیوں اور فوجی ساز و سامان کو نقصان پہنچا

گزشتہ چند گھنٹوں کے دوران حوثی باغیوں کے خلاف مجموعی طور پر 723 حملے اور کارروائیاں کی گئیں، یمنی سرکاری افواج کے ترجمان ماجد عبداللہ النزیلی

ریاض، صنعا (اے این این) سعودی اتحادی افواج نے یمن کی حوثی ملیشیا کی جانب سے ریاض پر داغے گئے دو بیلسٹک میزائلوں کو تباہ کر دیا گیا، جبکہ مملکت کے مشرقی صوبے کی طرف آنے والے تین ڈرون بھی مار گرائے گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی سول ڈیفنس کی جانب سے اتوار کی صبح 4 بج کر 8 منٹ پر ریاض کے رہائشیوں کو فضائی خطرے سے متعلق الرٹ جاری کیا گیا، چند منٹ بعد زور دار دھماکوں کی آوازیں سنائی دیں جس کے بعد حکام نے خطرہ ٹل جانے کا اعلان کر دیا۔ بعد ازاں یمن میں قانونی حکومت کی حمایت کرنے والے اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ سعودی فضائی دفاعی نظام نے دارالحکومت ریاض کو نشانہ بنانے والے دو بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیئے۔ میجر جنرل ترکی المالکی کے مطابق مشرقی صوبے کی جانب بھیجے گئے تین ڈرونز کو بھی راستے میں مار گرایا گیا۔ یہ تازہ حملے ایسے وقت میں ہوئے ہیں جب حوثی ملیشیا کے

سریاب کے مختلف علاقوں میں گزشتہ ایک ماہ سے بجلی کا نظام درہم برہم، مکینوں کا شدید احتجاج

بزرگ قبائلی فتح محمد بادینی، کلی صابر آباد اور کمالو میں کم وولٹیج اور طویل بندش، کیسکو حکام اور عوامی نمائندوں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے علاقے سریاب ٹو کے مکینوں نے گزشتہ ایک ماہ سے بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ، انتہائی کم وولٹیج اور فنی خرابیوں کے باعث درپیش شدید مشکلات پر کیسکو حکام کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے فوری اصلاح احوال کا مطالبہ کیا ہے۔ بزرگ قبائلی فتح محمد بادینی، کلی صابر آباد اور کمالو سریاب کے رہائشیوں نے اپنے ایک ہے، جس سے گھریلو و کاروباری زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ علاقہ مکینوں نے کیسکو سریاب سب ڈویژن کی مبینہ غفلت اور لاپروائی پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بارہا شکایات کے باوجود مسئلے کے حل کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا جا رہا، جو شہریوں کو بنیادی سہولت سے محروم رکھنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کیسکو کے اعلیٰ حکام، اراکین اسمبلی و صورتحال کا فوری وولٹیج کے مرتکب اہلکاروں

صحبت پور، نماز جمعہ کے موقع پر سیکورٹی کے سخت انتظامات

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور سمیت ضلع بھر میں نماز جمعہ کے موقع پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے، جس کے تحت تمام اہم مساجد اور امام بارگاہوں پر پولیس کے جوان تعینات رہے جبکہ ضلع بھر میں پولیس گشت میں بھی اضافہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی پولیس کی جانب سے ڈپٹی کمشنر مسجد، پولیس لائن مسجد، میونسپل کمیٹی مسجد، نورانی مسجد، جامع مسجد، دارالتوحید، فیضانِ مدینہ مساجد اور مرکزی امام بارگاہ مہر شاہ سمیت دیگر مساجد و عبادت گاہوں کے اطراف سیکورٹی اہلکار تعینات کیے گئے تھے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے اور نمازیوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ صحبت پور سمیت ضلع بھر میں نماز جمعہ کے

بابا علامہ خادم حسین رضوی تاجدارِ ختم نبوت کے سچے اور نڈر پہرے دار تھے، محمد ظریف

سالانہ عرس 19، 20 اور 21 نومبر کو کوئٹہ سمیت ملک اور پوری دنیا میں انتہائی عقیدت و احترام سے منایا جائے گا

کوئٹہ (اے این این) سینئر رہنما تحریک لبیک پاکستان حاجی طارق محمود عباسی، حاجی محمد ظریف رضوی، فہیم سلطانی، حافظ شاہجہان انقلابی بنگلزئی نے اپنے ایک خصوصی بیان میں تحریک لبیک پاکستان کے بانی علامہ خادم حسین رضوی رحمہ اللہ علیہ کے سالانہ عرسِ مبارک کے موقع پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ تاجدارِ ختم نبوت کے سچے اور نڈر پہرے دار تھے۔ انہوں نے کہا کہ بابا علامہ خادم حسین رضوی رحم؟ اللہ علیہ کا سالانہ عرسِ مبارک 19، 20 اور 21 نومبر کو کوئٹہ سمیت ملک اور پوری دنیا میں انتہائی عقیدت و احترام اور دینی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے، جہاں عاشقانِ رسول ? ان کی دینی و ملی خدمات کو یاد کر رہے ہیں۔ فہیم سلطانی نے مزید کہا کہ علامہ خادم حسین رضوی علم و عمل کا ایک ایسا روشن چراغ تھے جن کی روشنی سے لاکھوں دل منور ہوئے، اور ان کا ہر بیان عشقِ مصطفیٰ اور محبتِ رسول کی ایک لازوال داستان ہوا کرتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بابا خادم حسین رضوی نیا پنی پوری زندگی ناموسِ رسالت کے تحفظ اور دینِ متین کی سربلندی کے لیے وقف کر رکھی تھی، اور

ڈپٹی کمشنر لورالائی کی زیر صدارت ضلعی انٹیلی جنس رابطہ کمیٹی کا اجلاس

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی لیفٹین (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی انٹیلی جنس رابطہ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، شہریوں کے تحفظ، سیکورٹی انتظامات، خفیہ معلومات کے تبادلے اور جرائم کی روک تھام سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران بالخصوص اغوا برائے تاوان، بچوں کے اغوا، چوری اور دیگر جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی روک تھام پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان کو ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کے لیے مؤثر انٹیلی جنس نظام کو فعال بنایا

ساجدہ بنگلزئی کی حاجی علی مدد جتک کو وزیر زراعت کا قلمدان ملنے پر مبارکباد

تقرری صوبے کے کاشتکاروں اور زمینداروں کے لیے خوش آئند ثابت ہوگی، اظہار تشکر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان خواتین ونگ کی صوبائی ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری ساجدہ بنگلزئی نے صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کو محکمہ زراعت و امدادِ باہمی (ایگریکلچر اینڈ کوآپریٹو) کا قلمدان سونپے جانے اور اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن کے اجرا پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک تہنیتی بیان میں ساجدہ بنگلزئی نے کہا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ بطور وزیر زراعت ان کی تقرری صوبے کے کاشتکاروں اور زمینداروں کے مسائل کے حل اور زرعی شعبے کی ترقی کے لیے انتہائی خوش آئند ثابت ہوگی۔ ساجدہ بنگلزئی نے اس اہم ذمہ داری پر اعتماد کا اظہار کرنے پر صدرِ پاکستان آصف علی زرداری، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو



اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال (IRADA) کے دورے کے مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

پنجگور، جے یو آئی کا مبینہ کردار کشی، بدامنی اور وسائل کی لوٹ مار کے خلاف احتجاج

پنجگور (یو این اے) پنجگور جمعیت علما اسلام کے زیر اہتمام صوبائی جماعت کے کال پر قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی کردار کشی۔ صوبے سے نکلنے والے قدرتی وسائل کی لوٹ مار اور علاقے میں بدامنی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی ریلی جامع مسجد حاجی نور الاہی سے روانہ ہوئی، جو مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی بسم اللہ چوک پہنچ کر احتجاجی جلسے کی شکل اختیار کی۔ مظاہرین نے مولانا فضل الرحمٰن کی کردار کشی اور علاقے میں بدامنی اور معدنیات کی لوٹ مار کے خلاف زبردست نعرہ بازی کی گئی۔ احتجاجی ریلی کی قیادت ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ، جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحلیم، خطیب مکران مولانا علی احمد۔

درگاہ عالیہ چشموی شریف میں سالانہ عرس مبارک اور محفلِ میلاد النبیؐ 22 نومبر کو ہوگی

ہزاروں عقیدت مند اور مریدین شرکت کریں گے، علمائے کرام خطاب اور ثناء خوان نعتیں پیش کریں گے

شکار پور (نامہ نگار) ہر سال کی طرح اس سال بھی درگاہ عالیہ چشموی شریف شکار پور میں عید میلاد النبیؐ اور عظیم روحانی شخصیات حضرت آغا خواجہ فخر الدین جان چشموی نقشبندی رحمت اللہ علیہ اور حضرت آغا خواجہ عبدالرؤف جان چشموی نقشبندی رحمت اللہ علیہ کا سالانہ عرس مبارک انتہائی عقیدت، احترام اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جائے گا۔ انتظامیہ کے مطابق عرس مبارک کی تقریبات 22 نومبر بروز اتوار منعقد کی جائیں گی، جس میں شکار پور سمیت سندھ اور ملک کے مختلف علاقوں سے ہزاروں مریدین، عقیدت مند اور زائرین بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ پروگرام کی صدارت درگاہ عالیہ چشموی شریف کے سجادہ نشین پیر طریقت، رہبرِ شریعت حضرت آغا خواجہ محمد عاصم جان چشموی قدس سرہ العزیز فرمائیں گے۔ روحانی محفل کے دوران نامور ثناء خوانِ رسول ? نعت خوانی کا شرف حاصل کریں گے، جبکہ جید علمائے کرام اپنے خطابات میں حضور اکرم کی سیرتِ طیبہ، اولیائے کرام کی تعلیمات اور امن و محبت کے پیغام پر روشنی ڈالیں گے۔ پروگرام کے اختتام پر درگاہ انتظامیہ کی جانب سے آئے ہوئے تمام مریدین اور عقیدت مندوں میں وسیع پیمانے پر نیاز و لنگر بھی تقسیم کیا جائے گا۔

صدرِ مملکت کا خیبر پختونخوا میں 22 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں مختلف کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 22 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ جمعرات کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے جنوبی وزیرستان، بنوں اور ٹانک میں مختلف کارروائیوں کے دوران خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے کے لیے سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں۔ صدرِ مملکت نے کہا کہ ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت



وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو 8 لاکھ 40 ہزار روپے دلوا دیے گئے

اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار خوب چند نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (اے این این) درخواست گزار خوب چند نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر میں دائر کردہ اپنی درخواست میں مؤقف اختیار کیا کہ انہوں نے پوسٹل لائف انشورنس سے تین انشورنس پالیسیاں خریدی تھیں، تاہم پالیسیوں کی مدت مکمل ہونے کے باوجود انہیں واجب الادا رقم ادا نہیں کی گئی۔ رقم کی عدم ادائیگی پر درخواست گزار نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف باقاعدہ شکایت درج کروائی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت متعلقہ محکمہ درخواست گزار کو رقم کی عدم ادائیگی کے حوالے سے کوئی تسلی بخش جواب پیش نہ کر سکا۔ چنانچہ وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار خوب چند کو ان کی تینوں انشورنس پالیسیوں کی واجب الادا رقم فوری طور پر ادا کی جائے۔ وفاقی محتسب کے احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے متعلقہ محکمے نے درخواست گزار خوب چند کو تینوں پالیسیوں کی مد میں مجموعی طور پر 8 لاکھ 40 ہزار روپے ادا کر دیے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار خوب چند نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع اوستا محمد کے تین سالہ انتخابات

علم دوست پینل اور اساتذہ روشن خیال پینل نے تمام امیدواروں کے کاغذات نامزدگی جمع

اوستا محمد (اے این این) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع اوستا محمد کے تین سالہ انتخابات کے سلسلے میں علم دوست پینل اور اساتذہ روشن خیال پینل کے صدارتی امیدواروں نے اپنے اپنے پینلز کے ہمراہ کاغذات نامزدگی جمع کرا دیے۔ علم دوست پینل کے صدارتی امیدوار لیاقت علی جمالی نے اپنے پینل کے دیگر امیدواروں اور حامی اساتذہ کے ہمراہ ریلی کی صورت میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول اوستا محمد پہنچ کر الیکشن کمیٹی کے پاس کاغذات نامزدگی جمع کرائے جبکہ اساتذہ روشن خیال پینل کے صدارتی امیدوار عبداللہ پندرانی بھی اپنے حامیوں اور پینل کے دیگر امیدواروں کے ہمراہ پہنچے اور اپنے کاغذات نامزدگی جمع کرا دیے۔ اس موقع پر علم دوست پینل کے صدارتی امیدوار لیاقت علی جمالی جنرل سیکرٹری کے امیدوار محمد عثمان عمرانی، چیئرمین کے امیدوار محمد صادق جمالی اور آرگنائزر کے امیدوار سلطان احمد جمالی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان شاء اللہ کامیابی علم دوست پینل کا مقدر بنے گی۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کرام کے جائز حقوق کا تحفظ، ان کے مسائل کا حل اور

طلال چوہدری آج کل محسن نقوی کے پرسنل سیکرٹری بنے ہوئے ہیں، ندیم افضل چن

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے ترجمان ندیم افضل چن نے وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کی تنقید پر شدید جوابی وار کرتے ہوئے مسلم لیگ ن کے اندرونی معاملات سے متعلق دعویٰ کیا ہے کہ طلال چوہدری کو خود ان کی اپنی جماعت اون نہیں کرتی۔ ایک انٹرویو میں ندیم افضل چن نے طلال چوہدری کے بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے پیپلز پارٹی کے ترجمان ندیم افضل چن نے کہا کہ طلال چوہدری عملی طور پر محض وفاقی وزیر داخلہ کے پرسنل سیکرٹری کے طور پر کام کر رہے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ انہیں خود مسلم لیگ ن والے بھی انہیں اون نہیں کرتے۔ ان کا کہنا ہے کہ طلال چوہدری کو مسلم لیگ ن کی اہم پارٹی میٹنگز میں اس لیے نہیں بلایا



وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصر اللہ بلوچ کی قیادت میں صغیر احمد اور اقرار احمد کے اہلخانہ احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بلوچ کا ڈی ایچ کیو ہسپتال سوراب کا اچانک دورہ

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بلوچ نے نائب تحصیلدار ایوب حسن کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (DHQ) ہسپتال سوراب کا اچانک دورہ کیا دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات، ایمرجنسی وارڈ، او پی ڈی، ادویات کی دستیابی، طبی سہولیات، صفائی ستھرائی اور عملے کی حاضری کا تفصیلی جائزہ لیا اسسٹنٹ کمشنر نے زیرِ علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کے ان کی خیریت دریافت کی اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے حوالے سے ان کی آراء بھی معلوم کیں اس موقع پر ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ مریضوں کو بہتر

پاکستان ہائی کمیشن لندن نے نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز عارضی طور پر معطل کر دیں

لندن (اے این این) پاکستان ہائی کمیشن لندن نے نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز عارضی طور پر معطل کرنے کا اعلان کر دیا۔ پاکستان ہائی کمیشن لندن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق زیر سمندر انٹرنیٹ کیبل میں خرابی ... معطل کی گئی ہیں۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ مذکورہ سروسز آئندہ اطلاع تک معطل رہیں گی تاہم دستاویزات کی تصدیق کی سروس معمول کے مطابق جاری رہے گی۔ پاکستان ہائی کمیشن لندن نے نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز عارضی طور پر معطل کرنے کا اعلان کر دیا۔ پاکستان ہائی کمیشن لندن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق

اے او ٹی ایس کلچرل نائٹ، جاپانی سفیر اکاماتسو شوہچی کی شرکت

ثقافتی تقریبات دونوں ممالک کے عوامی روابط اور اقتصادی تعلقات کو فروغ دیتی ہیں، جاپانی سفیر

کوئٹہ (جی این ایم) ایسوسی ایشن آف اوورسیز ٹیکنیکل اسکالرشپس (AOTS) جاپان اور اے بی کے ڈوسوکئی کے زیر اہتمام 24 ویں سالانہ کلچرل نائٹ کی پروقار اور رنگا رنگ تقریب منعقد ہوئی، جس میں پاکستان اور جاپان کے درمیان دوستانہ تعلقات، ثقافتی ہم آہنگی اور تجارتی روابط کے فروغ کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان میں تعینات جاپان کے سفیر اکاماتسو شوہچی تھے، جبکہ دیگر معزز مہمانوں میں جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ، ان کی اہلیہ اور سابق صدر کوئٹہ چیمبر آف کامرس ... اور پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین سید فیروز شاہ سمیت ممتاز صنعت کاروں، تاجروں اور کاروباری شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے میزبان چیئرمین ایسوسی ایشن آف اوورسیز ٹیکنیکل اسکالرشپس جاپان لاہور ریجنل سنٹر نبیل ہاشمی اور جنرل سیکرٹری رانا مشتاق احمد نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا اور تقریب میں شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب میں جاپانی اور پاکستانی ثقافت کے خوبصورت امتزاج کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جاپانی سفیر اکاماتسو شوہچی نے کہا کہ ثقافتی تقریبات مختلف ممالک کے عوام کو ایک دوسرے کے قریب لانے اور باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، پاکستان اور جاپان کے دیرینہ تعلقات باہمی احترام، امن، ترقیاتی تعاون اور خوشحالی کے مشترکہ عزم پر استوار ہیں۔ جاپانی سفیر نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایسی ثقافتی اور سماجی تقریبات دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط کو فروغ دینے کیساتھ ساتھ کاروباری اور اقتصادی تعلقات کو بھی نئی جہت فراہم کریں گی۔

تحصیل لاکھڑا میں تین روزہ لسبیلہ ثقافتی میلہ شاندار انداز میں اختتام پذیر

ملاکھڑا، اونٹ، گھوڑا اور بیل دوڑ میں کھلاڑیوں کا شاندار مظاہرہ، انعامات تقسیم کیے گئے

اوتھل (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت نواب آف لسبیلہ جام کمال خان عالیانی کی سرپرستی مشیر ثقافت و سیاحت نوابزادہ میر زرین خان مگسی کی کے تعاون ضلعی انتظامیہ کی نگرانی ضلعی اسپورٹس آفیسر خدا بخش بلوچ اور چیرمین یوسی لاکھڑا وڈیرہ مولا بخش گنگو کی آرگنائزنگ کے تحت ضلع لسبیلہ کی تحصیل لاکھڑا میں تین روزہ لسبیلہ ثقافتی میلہ شاندار انداز میں اختتام پذیر ہوگیا۔ میلے میں لسبیلہ، سندھ اور پنجاب سے تعلق رکھنے والے ملاکھڑا کے پہلوانوں نے اپنی بہترین صلاحیتوں کے جوہر دکھائے، جبکہ ملاکھڑا، اونٹ دوڑ، گھوڑا دوڑ، بیل دوڑ اور رسہ کشی سمیت مختلف روایتی کھیلوں کے دلچسپ مقابلے منعقد کیے گئے، جن سے شائقین اور عوام نے بھرپور لطف اٹھایا۔ لسبیلہ ثقافتی میلے کی اختتامی تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ، ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سراج احمد تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی مشیر ثقافت و سیاحت نوابزادہ میر زرین خان مگسی کی جانب سے لسبیلہ ثقافتی میلے کا انعقاد ایک قابلِ تحسین اور

واسا کوئٹہ کے ملازم عبدالعلی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) واٹر اینڈ سینی ٹیشن اتھارٹی (واسا) کوئٹہ نے دورانِ سروس اپنے ملازم عبدالعلی ولد عبدالفیاض، والو مین کے 19 نومبر 2026 کو اچانک انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ادارے نے مرحوم کی دوران ملازمت خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے یاد رکھا جائے گا۔ انتقال کو ادارے کے لیے ایک ناقابلِ تلافی نقصان قرار دیتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جوارِ رحمت میں جگہ عطا کرے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔ واٹر

مذہب کے نام پر بے بنیاد الزامات سے ملک میں انتشار پھیلانے سے گریز کیا جائے ذوالفقار علی

پاکستان میں جن واقعات کی رپورٹس سامنے آئی ہیں، ان میں متعلقہ افراد نے پہلے عدالت سے رجوع کیا، رہنما اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے فیضان اولیاء روحانی کلینک میں جیکب آباد کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام امن و سلامتی کا مذہب ہے، جو کبھی بھی کسی کے ساتھ زبردستی کرنے یا کسی کو جبر کے ذریعے مسلمان بنانے کا حکم نہیں دیتا۔ اقلیتی برادری اور ان کی عبادت گاہوں کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سینیٹر دانش کمار کی جانب سے اسلام اور دینی اساتذہ پر الزامات لگانا قابلِ مذمت ہے۔ سابق ایم این اے پیر عبدالحق عرف میاں مٹھو کے خلاف لگائے گئے الزامات بھی بے بنیاد ہیں۔ ... الزامات کی بنیاد پر کسی کی کردار کشی کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی ڈہرکی اور راڑکی میں ہندوؤں کا بڑا مندر موجود ہے، جو اس بات کی مثال ہے کہ اقلیتی برادری کی عبادت گاہیں موجود ہیں۔ صدیوں سے ہندو اور مسلمان ایک ساتھ رہتے آئے ہیں، ایک دوسرے کے مذہبی جذبات اور عبادت گاہوں کا احترام کرتے ہیں۔ اگر کسی کو زبردستی مسلمان بنایا جا سکتا تو اقلیتی برادری کی عبادت گاہیں اس طرح موجود نہ ہوتیں۔ اسلام بچوں، بوڑھوں، جوانوں اور خواتین سمیت ہر انسان کے حقوق اور تحفظ کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بندوق اور طاقت کے زور پر کبھی کسی کے دل میں ایمان پیدا نہیں کیا جا سکتا۔ جو شخص اپنی آزاد مرضی سے اسلام قبول کرنا چاہتا ہے، اس کے لیے ہمارے دروازے کھلے ہیں۔

وفاقی محتسب علاقائی دفتر خضدار و وفاقی محتسب کی بروقت مداخلت رنگ لے آئی

مستحق خاتون کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رکی ہوئی 14,500 روپے کی قسط جاری

خضدار (اے این این) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ علاقائی دفتر خضدار کی بروقت کارروائی اور مؤثر مداخلت کے نتیجے میں ایک مستحق خاتون کا دیرینہ مالی مسئلہ حل کر دیا گیا ہے، جس کے تحت انہیں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی التواء کا شکار سہ ماہی قسط کی رقم جاری کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق درخواست گزار مسماۃ زلیخا (ساکن چکوری، ڈاکخانہ کرخ، ضلع خضدار) نے وفاقی محتسب علاقائی دفتر خضدار میں شکایت درج کرائی تھی کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت ملنے والی ان کی سہ ماہی مالی امداد کے اجراء میں غیر ضروری تاخیر کی جا رہی ہے، جس کے باعث انہیں شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ علاقائی دفتر خضدار نے درخواست گزار کی شکایت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام سے رابطہ کیا اور معاملے کی مکمل چھان بین کے بعد فوری کارروائی کی ہدایات جاری کیں۔ وفاقی محتسب کی مؤثر پیروی کے باعث متعلقہ ادارے نے فوری طور پر رکاوٹیں دور کرتے ہوئے درخواست گزار زلیخا کو 14,500 روپے کی سہ ماہی قسط جاری کر دی ہے۔ درخواست گزار نے اپنی

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم وولٹیج کا سخت نوٹس

کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقدہ ایک اہم اجلاس میں کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف مجیب مری اور سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کے جنرل منیجر راحیل ملک کو طلب کر کے صوبے بالخصوص کوئٹہ میں بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج

تحصیلدار جھل مگسی ارباب خان مگسی کا رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) جھل مگسی کا دورہ

جھل مگسی (اے این این) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں تحصیلدار جھل مگسی ارباب خان مگسی نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) جھل مگسی کا سرپرائز دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے طبی مرکز میں فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات، عملے کی حاضری اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔

غلام رسول عمرانی کے خلاف مقدمات کی مذمت کرتے ہیں، امین عمرانی

عمرانی قوم اپنی تاریخ، روایات، اتحاد اور باہمی احترام کے حوالے سے ایک مضبوط شناخت رکھتی ہے

بابا کوٹ (یو این اے) سابق صوبائی وزیر سرکردہ قبائلی رہنما بابو محمد امین عمرانی نے تمندار اقوام عمرانی کے سربراہ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی اور ان کے خاندان کے خلاف مبینہ جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات کے اندراج کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مبینہ بے بنیاد مقدمات کے ذریعے دباؤ میں لانا قابل قبول نہیں۔ بابو محمد امین عمرانی نے مزید کہا کہ عمرانی قوم اپنی تاریخ، روایات، اتحاد اور باہمی احترام کے حوالے سے ایک مضبوط شناخت رکھتی ہے۔ قوم کے سربراہ اور ان کے خاندان کے ساتھ پیش آنے والے معاملات پر

گوادر سیف سٹی منصوبے کی تعمیراتی پیش رفت کا جائزہ

سیف سٹی پراجیکٹ کی تکمیل سے بروقت استفادہ حاصل کیا جا سکے گا، ڈی آئی جی پولیس مکران رینج

کوئٹہ (یو این اے) ڈی آئی جی پولیس مکران رینج شاد ابن مسیح نے گوادر سیف سٹی منصوبے کی تعمیراتی بلڈنگ کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری ... ہدایت کی کہ منصوبے کو جلد پایۂ تکمیل پہنچانے کے لیے تعمیراتی کام کو مزید تیز کیا جائے اور اسے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے

سرد علاقوں کو گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے، آصف سالانی

بلوچستان بھر میں کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال حکمرانوں کے لیے واضح پیغام ہے، عوامی مسائل حل کیے جائیں

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کوئٹہ کے رکن میر محمد آصف سالانی محمد عامر جتوئی محمد شریف لانگو چشتی نے کامیاب ہڑتال پر اپنی تحریری بیان میں کہا کہ بلوچستان بھر میں آل پارٹیز اور انجمن تاجران کی جانب سے کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال کے بعد حکمرانوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں، حکومت کو چاہیے کہ سرد علاقوں کو گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دے تاکہ شہریوں کو سرد موسم میں بنیادی سہولیات میسر آ سکیں۔ گیس اور بجلی عوام کی بنیادی ضروریات ہیں، ان کی فراہمی میں غفلت اور مسلسل تعطل عوامی مشکلات میں مزید اضافہ کر رہا ہے۔

بقیہ (01)

رہائشی ہائرنگ کی سہولت سے مستفید ہوسکیں گے۔نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ گلگت اور مظفرآباد میں بھی وفاقی ملازمین کے لیے نجی رہائش گاہیں کرائے پر حاصل کی جاسکیں گی اور دونوں شہروں کو اسلام آباد، راولپنڈی، لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ کے مساوی حیثیت دے دی گئی ہے۔وفاقی حکومت کے اس فیصلے کے بعد وفاقی ملازمین کے لیے رہائشی ہائرنگ کے مخصوص اسٹیشنز کی تعداد 8 ہوگئی ہے، گلگت اور مظفرآباد کو مخصوص اسٹیشنز قرار دینے کا فیصلہ اکاموڈیشن الاٹمنٹ رولز 2002 کے تحت کیا گیا ہے۔فیصلے کے حوالے سے مزید بتایا گیا کہ فنانس ڈویژن نے 17 نومبر 2026 کو فیصلے کی باضابطہ منظوری دی اور وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے 20 نومبر کو آفس میمورنڈم جاری کیا۔مزید بتایا گیا کہ جوائنٹ سیکریٹری اسٹیٹ فیاض الحق کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کردیا اور اس فیصلے سے متعلق آفس میمورنڈم تمام وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور محکموں کو ارسال کردیا گیا ہے۔

بقیہ (02)

اخلاقیات کے منافی سرگرمیوں میں ملوث تھا۔سعودی حکام کے مطابق ملزم کو حراست میں لے لیا گیا ہے اور اس کے خلاف ضروری قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے،مزید قانونی کارروائی کے لیے اسے پبلک پراسیکیوشن کے حوالے کردیا گیا ہے۔حکام نے مزید بتایا کہ مدینہ ریجن میونسپلٹی نے ضوابط کی خلاف ورزیوں پر مذکورہ سینٹر کے خلاف جرمانے عائد کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔واضح رہے کہ سعودی حکام نے مکہ مکرمہ میں مقیم دو غیرملکی شہریوں کو گرفتار کرلیا ہے، جو منشیات فروخت کرنے میں ملوث تھے۔سعودی اخبار صدی کے مطابق مکہ ریجن میں جنرل ایڈمنسٹریشن آف دی مجاہدین کے گشتی دستوں نے غیرملکی شہریوں کو گرفتار کیا ہے جو سرحدی حفاظتی ضوابط کی خلاف ورزی کر رہے تھے۔ان افراد پر چرس، ایمفیٹامائنز اور ایسی ادویات کی فروخت اور پھیلا کا الزام ہے جن کی تقسیم طبی ضوابط کے تحت ممنوع ہے۔حکام کے مطابق ملزمان کو حراست میں لے لیا گیا ہے اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔مزید ضروری کارروائی کے لیے انہیں متعلقہ حکام کے سپرد کر دیا گیا ہے۔حکام نے شہریوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ منشیات میں ملوث افراد کی اطلاع متعلقہ اداروں کو دیں، تاکہ ان کے خلاف بروقت کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔حکام نے یقین دلایا ہے کہ سعودی سرزمین کو منشیات سے پاک کرنا سیکورٹی فورسز کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ (03)

افغانستان اور پاکستان ریلوے منصوبے کی فزیبلٹی اسٹڈی پر بھی کام جاری ہے۔شاہراہ قراقرم کو سال بھر کھلا رکھنے سے چین اور وسطی ایشیا کے ساتھ روابط میں بہتری آئی ہے۔سی پیک کے تحت تھاکوٹ سے رائے کوٹ سیکشن پر کام جاری ہے۔وفاقی وزیر مواصلات نے بتایا کہ ایم سکس موٹروے کے تین حصوں کے لئے اوپیک اور اسلامی ترقیاتی بینک سے فنڈنگ حاصل کی گئی ہے۔کیریک منصوبے کے تحت چمن اور طورخم سرحدوں پر جدید سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان محفوظ، پائیدار اور مربوط علاقائی ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کے قیام کے لئے پرعزم ہے۔تجارتی رکاوٹوں کے خاتمے اور متبادل راستوں سے علاقائی سپلائی چین مضبوط ہوگی۔

بقیہ (04)

خلاف درخواست پر سماعت کی۔علیمہ خان کے بیٹے شاہریز خان نے کیس کی جلد سماعت کیلئے متفرق درخواست دائر کی تھی، جسے عدالت نے منظور کرلیا۔شاہریز خان نے درخواست میں پنجاب حکومت، محکمہ داخلہ، ڈپٹی کمشنر لاہور اور دیگر حکام کو فریق بناتے ہوئے علیمہ خان، عظمی خان اور نورین نیازی کی نظر بندی کے احکامات چیلنج کیے تھے۔درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر لاہور نے غیر قانونی طور پر نظر بندی کے احکامات جاری کیے اور تھری ایم پی او کے طے شدہ طریقہ کار پر عمل نہیں کیا گیا۔درخواست گزار کے مطابق علیمہ خان کی گرفتاری کے بعدان کی نظر بندی کے احکامات جاری کیے گئے، جبکہ پولیس مقدمہ نمبر 96/23 میں علیمہ خان اور عظمی خان کو بے گناہ قرار دے چکی ہے۔درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ ڈپٹی کمشنر کے غیر قانونی نظر بندی کے احکامات کالعدم قرار دیے جائیں۔عظمی خان اور نورین نیازی پہلے ہی رہا ہوچکی ہیں۔

بقیہ (05)

ہوتے ہیں تو پلان کوئی اور دے گا، جنید اکبر، اسپیکر اور سہیل آفریدی گرفتار ہوئے تو میں پلان کا انتظار کرتا رہا، میں نے 24 ستمبر کو خط لکھا تھا اور 25 ستمبر کو میٹنگ بھی بلائی گئی، اس میٹنگ میں سہیل آفریدی بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، جنید اکبر اور سلمان اکرم راجہ موجود تھے۔شوکت یوسفزئی نے کہا میں نے اجلاس میں کہا کہ اپیکس کمیٹی کا اجلاس بھی بلانا چاہیے، میں نے کہا کہ آپ لانگ مارچ کو فی الحال ملتوی کریں، میں نے کہا تاریخ نہ دیں اور کہیں کہ لانگ مارچ کو فی الحال ملتوی کر کے مذاکرات کرتے ہیں، میں نے کہا حکومت ہماری باتیں نہیں مانتی تو لانگ مارک کی کال دیں گے، اس پر سہیل آفریدی، شفیع جان اور دیگر نے کہا کہ ہرصورت لانگ مارچ کرنا ہے۔

بقیہ (06)

ملتان اور فیصل آباد ہیں، اسلئے نجی شعبے کو پالیسی سازی میں شامل کرنا ناگزیر ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پالیسی سازی میں اکیڈمیا دوسرا اہم ستون ہے، مگر جامعات وتھنک ٹینکس پالیسی سازوں سے کٹے ہوئے ہیں۔مشیر نجکاری نے مزید کہا کہ تحقیق و مشاورت کے بغیر پائیدار پالیسی ممکن نہیں اور اختلاف رائے دلیل و تعمیری بحث سے حل ہونا چاہیے۔

بقیہ (07)

اور انہیں ملازمت کے حصول کیلئے دوسرے شہروں کا رخ کرنے کی مشکلات سے بچانا ہے۔حکام کے مطابق بھرتیوں کے عمل کو شفاف اور میرٹ کے مطابق مکمل کرنے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کردی گئی ہیں، اس سلسلے میں 100 سے زائد وفاقی کمیٹی ممبران اور متعلقہ حکام بھرتیوں کی نگرانی کریں گے، جبکہ سیکرٹریز اور وفاقی سیکرٹریز پر مشتمل کمیٹیوں کے ارکان خود بلوچستان کے مختلف اضلاع کا دورہ کرکے بھرتی کے عمل میں حصہ لیں گے تاکہ امیدواروں کی اہلیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جاسکے۔وفاقی حکومت کے اس خصوصی اقدام کے تحت مختلف وزارتوں اور ان کے ماتحت اداروں میں ہزاروں ملازمتوں کے مواقع پیدا ہونے پر بلوچستان کے نوجوانوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے، اس منصوبے کو صوبے میں بے روزگاری کے خاتمے، نوجوانوں کو معاشی طور پر مستحکم بنانے اور وفاقی اداروں میں بلوچستان کی نمائندگی بڑھانے کی جانب اہم پیشرفت قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ (08)

یں شرکت کے لیے کوئٹہ آنے والے سینکڑوں اور ہزاروں نوجوان ٹیسٹ دیے بغیر ہی مایوس ہوکر اپنے آبائی علاقوں کو واپس روانہ ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق کیسکو میں ملازمت کے حصول کے لیے صوبے کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے نوجوان بڑی امیدوں کے ساتھ بیوٹمز یونیورسٹی پہنچے تھے۔امیدواروں نے ٹیسٹ میں شرکت کے لیے طویل سفر طے کیا اور سفری اخراجات سمیت دیگر مشکلات برداشت کرتے ہوئے کوئٹہ کا رخ کیا، تاہم ٹیسٹ کے انعقاد کے موقع پر مناسب انتظامات نہ ہونے اور مبینہ بدانتظامی کے باعث انہیں شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ٹیسٹ کے دوران صورتحال اس وقت کشیدہ ہوگئی جب بڑی تعداد میں امیدوار ٹیسٹ میں شرکت سے محروم رہ گئے۔انتظامات سے مایوس امیدواروں نے پیپلز ٹرین پر احتجاج شروع کردیا اور متعلقہ انتظامیہ سمیت حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔احتجاج کرنے والے نوجوانوں کا کہنا تھا کہ روزگار کے حصول کے لیے پہلے ہی بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا سامنا ہے، ایسے میں دور دراز علاقوں سے ہزاروں روپے خرچ کر کے کوئٹہ پہنچنے کے باوجود ٹیسٹ میں شرکت کا موقع نہ ملنا ان کے ساتھ ناانصافی ہے۔امیدواروں نے سوال اٹھایا کہ جب ٹیسٹ کے لیے ہزاروں امیدواروں کو مدعو کیا گیا تھا تو ان کی تعداد کے مطابق انتظامات کیوں نہیں کیے گئے؟ ٹیسٹ کے انعقاد سے قبل امیدواروں کی سہولت، بیٹھنے کی گنجائش اور دیگر ضروری امور کو یقینی کیوں نہیں بنایا گیا؟ متاثرہ امیدواروں نے کہا کہ نوجوان پہلے ہی بے روزگاری کے باعث شدید مشکلات سے دوچار ہیں اور سرکاری ملازمتوں کے حصول کے لیے بڑی امیدیں وابستہ کیے ہوئے ہیں، لیکن اس طرح کی مبینہ بدانتظامی سے ان کی امیدوں کو شدید دھچکا پہنچا ہے۔دور دراز علاقوں سے آنے والے کئی امیدوار سفری اخراجات اور وقت ضائع ہونے کے باعث مزید پریشانی کا شکار ہیں۔احتجاجی امیدواروں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، متعلقہ حکام اور کیسکو انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ بیوٹمز میں ٹیسٹ کے دوران پیش آنے والی مبینہ بے ضابطگیوں اور بدانتظامی کی فوری تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور متاثرہ تمام امیدواروں کو انصاف فراہم کیا جائے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹیسٹ سے محروم رہ جانے والے امیدواروں کے لیے شفاف انتظامات کے تحت دوبارہ ٹیسٹ منعقد کیا جائے تاکہ کسی بھی امیدوار کے مستقبل اور روزگار کے حصول کے حق کو متاثر ہونے سے بچایا جاسکے۔

بقیہ (09)

فیڈرز صبح 8 بجے تا دوپہر 2 بجے نیز اسی گرڈ کے 11kv پی اے ایف سٹی، انٹرکنیکٹر، سمنگلی فیڈرز جبکہ سریاب گرڈاسٹیشن کے ولدارکاریز، سمنگلی ایکسپریس، بی ایم سی اور کچلاک گرڈ کے مجیب فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔اسی طرح 22 نومبر (بروز اتوار) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ائیرپورٹ، خروٹ آباد، پی اے ایف، جبل نور، عمر، ویسٹرن بائی پاس، آریا، کڈنی، ادیان، داریم فیڈرز نیز زرغون گرڈ کے نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ کاریز، ایف سی، عسکری ون فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند ہوگی، نیز اسی روز مری آباد گرڈ کے مری آباد اور کاسی ٹو فیڈرز سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بندرہے گی۔علاوہ ازیں 23 نومبر کو (بروز پیر) کوئٹہ سٹی گرڈ کے 11kv اولڈ سمنگلی، پی اے ایف سٹی، انٹرکنیکٹر، نواں کلی، شہباز ٹاؤن، ملک پلانٹ فیڈرز دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے بجلی بند ہوگی۔دریں اثناء مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری ٹیسٹنگ اور مرمتی کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 22 نومبر (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv بروری روڈ، اسٹیڈیم، کینٹ، کوئٹہ کمرشل، انٹرکنیکٹر، پی اے ایف، نواں کلی فیڈروں سے صبح دس بجے سے دوپہر دو بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ (10)

جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈویژنل ہیڈز کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، جس میں مختلف محکموں کے سربراہان نے شرکت کی اور اپنے اپنے محکموں کی مجموعی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں، انتظامی امور اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔کمشنر ولی محمد بڑیچ نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے فیلڈ میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں اور باقاعدگی سے فیلڈ وزٹس کریں۔انہوں نے ہدایت کی کہ دوروں کے دوران جاری ترقیاتی کاموں کی تصاویر، پیش رفت اور کارکردگی پر مشتمل باقاعدہ رپورٹس مرتب کر کے پیش کی جائیں، جبکہ غیر حاضر ملازمین کے خلاف قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی کی جائے انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری دفاتر میں آنے والے سائلین اور عوام کے ساتھ خوش اخلاقی، احترام اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیا جائے۔عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر سنا جائے۔

بقیہ (11)

نکاسی آب کے نظام کو موثر بنانے کے ساتھ ساتھ علاقے میں صفائی ستھرائی اور ماحول کی بہتری میں بھی مدد ملے گی۔حکومت بلوچستان عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور زیارت کی ترقی وخوبصورتی کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔

بقیہ (12)

ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے مسئلہ مسائل کو حل کرنے کی ذمے داریاں احسن انداز سے سرانجام دی پارٹی کے لئے اقتدار کی کوئی اہمیت نہیں بلکہ عوام کے معیار زندگی کو بہتر بناتے ہوئے سیاسی میدانوں میں اپنا مثبت کردار ادا کیا پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین صدر پاکستان سردار آصف علی زرداری، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ولولہ انگیز قیادت ہی پاکستان اور پاکستانی قوم کو درپیش مشکلات سے چھٹکارا دلانے کی صلاحیت رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اقلیتی برادری کے مسائل کو حل کرنے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کررہی ہے تعلیم صحت پینے کے صاف پانی کی فراہمی روزگار کے مواقع سمیت عبادت گاہوں کی سیکورٹی اور پرسکوں ماحول کی فراہمی کے لئے ٹھوس بنیادوں پر عمل کیا جارہا ہے بلوچستان بھر میں آباد اقلیتی برادری محب وطن پاکستانی ہے جو پاکستان کی تعمیروترقی میں اپنا کردار بہتر انداز سے سرانجام دے رہی ہے جبکہ اقلیتی برادری کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لئے ہم بھی ہرفورم پر جدوجہد کررہے ہے صوبے بھر میں آباد اقلیتی برادری سے بھی امید رکھتے ہیں کہ وہ پاکستان پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم پر متحد ہوکر سیاسی جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں۔

بقیہ (13)

اور بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے تحت جاری اسکیموں کی پیش رفت، تعمیراتی کاموں کے معیار اور بروقت تکمیل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر مختلف محکموں کے درمیان باہمی رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنانے اور انتظامی امور میں درپیش مسائل پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس میں کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے کان کنوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ضروری حفاظتی آلات کی دستیابی اور حفاظتی اقدامات پر خصوصی غور کیا گیا۔اس کے علاوہ بجلی کے واجبات کی کلیئرنس، بجلی سے متعلق مسائل اور دیگر متعلقہ امور کا بھی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران ضلع بھر میں سرکاری ونجی اراضی پر قائم تجاوزات، غیر قانونی پٹرول پمپس، بجلی چوری، نان کسٹم پیڈ (NCP) گاڑیوں، منشیات کی روک تھام اور غیر قانونی آبادکاری کے خلاف مؤثر کارروائیوں کو یقینی بنانے سے متعلق امور زیر بحث آئے۔شرکاء نے ان غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط حکمت عملی اور مشترکہ اقدامات کی ضرورت پر زور دیا اس موقع پر کھلی کچہریوں کے دوران عوامی مسائل کے حل کے لیے کیے گئے فیصلوں اور ان پر عملدرآمد کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا، جبکہ متعلقہ محکموں کو عوامی شکایات کے فوری ازالے اور جاری ہدایات پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، کان کنوں کی حفاظت، عوامی مسائل کا فوری حل اور قانون کی عملداری ضلعی انتظامیہ کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں۔انہوں نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں اور حکومتی اقدامات کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے عملی اقدامات یقینی بنائیں۔

بقیہ (14)

ماں اور نومولود دونوں کی صحت تسلی بخش ہے اس موقع پر بے نظیر وومن ہسپتال لورالائی میں ڈاکٹر زرینہ خان موسیٰ خیل کو ہسپتال کی پہلی ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ڈپٹی ایم ایس) تعینات کیا گیا ہے، جو خواتین کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور ہسپتال کے انتظامی وطبی امور کی نگرانی کریں گی اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال لورالائی ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی، ڈپٹی ایم ایس بے نظیر وومن ہسپتال ڈاکٹر زرینہ خان موسیٰ خیل، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان، ایڈمن آدم خان ملازئی اور دیگر طبی و انتظامی عملہ بھی موجود تھا بے نظیر وومن ہسپتال میں نارمل ڈلیوری کی سہولت کا باقاعدہ آغاز لورالائی اور گردونواح کی خواتین کے لیے ایک اہم طبی پیش رفت ہے۔اس سے قبل زچگی کے لیے خواتین کو دیگر طبی مراکز کا رخ کرنا پڑتا تھا، تاہم اب ہسپتال میں زچہ و بچہ کی دیکھ بھال اور نارمل ڈلیوری کی سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی، جس سے خواتین کو ان کی دہلیز پر بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی۔

بقیہ (15)

سامنا کرنا پڑا جن میں فشنگ حملے اور نقصان دہ ویب سائٹس کے ذریعے صارفین کا ڈیٹا چرانے یا متاثر کرنے کی کوششیں شامل ہیں۔اس حوالے سے عالمی سائبر سیکیورٹی کمپنی کیسپرسکی نے اسلام آباد میں منعقدہ حالیہ سائبر تھریٹ انٹیلی جنس سمٹ 2026 کے موقع پر پاکستان سے متعلق اپنے سیکیورٹی نیٹ ورک کے اعداد وشمار جاری کر دیے ہیں جن میں ان سائبر خطرات پر روشنی ڈالی جن سے پاکستان میں اداروں کو اپنے نظام محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے۔ان خطرات میں سپلائی چین حملے اور مصنوعی ذہانت سے متعلق سائبر خطرات بھی شامل ہیں۔

بقیہ (16)

مطابق ہنرمند افرادی قوت تیار کی جاسکے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نے کہا کہ تکنیکی تعلیم کو بندرگاہوں کی عملی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، تاکہ گوادر اور بلوچستان کے نوجوان جدید مہارتیں حاصل کرکے مستقبل کے معاشی مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔قبل ازیں اپنے استقبالیہ کلمات میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی سی ٹی وی آئی پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد نے اس معاہدے کو ادارہ جاتی تعاون میں ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ شراکت داری مقامی آبادی کے لیے پیشہ ورانہ روزگار کے نئے مواقع پیدا کرے گی۔چین کے چنگ ڈاہاربر ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل کالج کے وائس پریزیڈنٹ اور پارٹی سیکرٹری نے اس اشتراک کو دوطرفہ تعلیمی روابط کے فروغ کا مؤثر پلیٹ فارم قرار دیا اور تکنیکی مہارتوں کے تبادلے میں بھرپور تعاون کا اعادہ کیا۔معاہدے کے تحت شان ڈونگ پورٹ گروپ کی شمولیت سے صنعت اور تعلیمی اداروں کے درمیان روابط مزید مضبوط ہوں گے، جبکہ جامعہ گوادر تعلیمی و ادارہ جاتی معاونت فراہم کرے گی۔

بقیہ (17)

رپورٹ کے مطابق ووٹنگ میں ڈیموکریٹ سینیٹر جان فیٹر مین نے اپنی جماعت کے برعکس قرارداد کی مخالفت کی، جبکہ ری پبلکن سینیٹرز سوزن کولنز، رینڈ پال اور لیزا مرکوسکی نے قرارداد کے حق میں ووٹ دیا۔ایران کے خلاف فروری میں امریکا اور اسرائیل کے مشترکہ حملے کے بعد سے ڈیموکریٹس مسلسل جنگی اختیارات سے متعلق قراردادیں پیش کررہے ہیں، ان کا مقف ہے کہ صدر کو کانگریس کی منظوری کے بغیر جنگ جاری رکھنے کا اختیار نہیں ہونا چاہیے۔

بقیہ (18)

تدریسی و تربیتی سہولیات اور جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا اس موقع پر پرنسپل سمن نے ان کا استقبال کیا، جبکہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر بھی ان کے ہمراہ تھے ڈی جی ہیلتھ نے زچہ و بچہ کی صحت، محفوظ زچگی اور بنیادی طبی نگہداشت سے متعلق فراہم کی جانے والی تعلیم و عملی تربیت کا معائنہ کیا۔انہوں نے مڈوائفری اسکول کو نرسنگ کالج کا درجہ ملنے کے بعد داخلوں اور باقاعدہ تدریسی کلاسز کے آغاز کے حوالے سے پیش رفت کا بھی جائزہ لیا انہوں نے کہا کہ معیاری طبی تعلیم اور تربیت یافتہ افرادی قوت کی فراہمی صوبائی حکومت کی صحت عامہ کی پالیسی کا اہم حصہ ہے۔کمیونٹی مڈواء فز محفوظ زچگی، ماں اور بچے کی صحت کے تحفظ اور بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔اس لیے ضروری ہے کہ انہیں جدید تقاضوں کے مطابق معیاری تعلیم اور عملی تربیت فراہم کی جائے انہوں نے ادارے کی تدریسی و تربیتی استعداد میں اضافے، دستیاب وسائل کے موثر استعمال اور نرسنگ کالج میں تعلیمی سرگرمیوں کے جلد آغاز کو یقینی بنانے پر زور دیا، تاکہ گوادر سمیت بلوچستان کے نوجوانوں کو طبی تعلیم کے بہتر مواقع میسر آئیں اور عوام کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی میں مزید بہتری لائی جاسکے۔

بقیہ (19)

کے مابین گوادر میں پاکستان اوورسیز انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی انسٹی ٹیوٹ کے قیام کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے اس منصوبے کا مقصد گوادر اور بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید فنی و پیشہ ورانہ تعلیم اور بین الاقوامی معیار کی تربیت فراہم کرنا ہے۔مجوزہ ادارے میں میرین انجینئرنگ، نیویگیشن ٹیکنالوجی، میری ٹائم سیفٹی، شپ ٹیکنالوجی اور بندرگاہی مشینری سمیت اہم شعبوں میں خصوصی تعلیمی و تربیتی پروگرام متعارف کرائے جائیں گے سال 2026 سے 2030 تک پانچ سالہ تعاون کے تحت نصاب سازی، مشترکہ تعلیمی پروگراموں، اساتذہ کی تربیت، جدید تکنیکی مہارتوں، تحقیق اور عملی تربیت پر توجہ دی جائے گی، تاکہ مقامی نوجوانوں کو بندرگاہی، شپنگ اور میری ٹائم صنعت کی ضروریات کے مطابق ہنرمند بنایا جاسکے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نے کہا کہ تکنیکی تعلیم کو صنعتی اور بندرگاہی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔اس اقدام سے گوادر اور بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید مہارتیں حاصل کرنے اور مستقبل کے معاشی و روزگار کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا ایگزیکٹو ڈائریکٹر PCTVI پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد نے معاہدے کو فنی تعلیم کے فروغ اور ادارہ جاتی تعاون میں اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے صنعت کی ضروریات کے مطابق تعلیم و تربیت کے مواقع بڑھیں گے اور مقامی نوجوانوں کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ ہوگا۔چنگ ڈاؤ ہاربر ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل کالج چین کے وائس پریذیڈنٹ و پارٹی سیکریٹری نے بھی تعلیمی و تکنیکی تعاون کے فروغ، مہارتوں کے تبادلے اور ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کے لیے اپنے ادارے کے تعاون کا یقین دلایا۔جبکہ شینڈ ونگ پورٹ گروپ کی معاونت سے طلبہ کو صنعتی ماحول میں عملی تربیت اور تکنیکی تجربات کے مواقع میسر آنے کی توقع ہے یہ منصوبہ حکومت کی تعلیم دوست اور نوجوانوں کی فنی استعداد بڑھانے کی پالیسی کے تحت گوادر میں جدید تعلیم، تکنیکی مہارتوں اور پیشہ ورانہ تربیت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا، جس سے مقامی نوجوانوں کو ترقی کے نئے مواقع میسر آئیں گے اور گوادر کی بندرگاہی و صنعتی اہمیت کے ساتھ تعلیمی تشخص بھی مزید مستحکم ہوگا۔

بقیہ (20)

نوٹیفکیشن کے مطابق حاجی علی مدد جتک اب صوبائی وزیر برائے زراعت وکوآپریٹوز کی حیثیت سے محکمے کے امور اور پالیسی سازی کی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے۔

بقیہ (21)

آئندہ 48 گھنٹے کے اندر بطور مشیر نوٹیفکیشن جاری ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ (22)

منصوبے میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں سے متعلق جاری تحقیقات کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران منصوبے کے تحت مال مویشیوں کی خریداری اور تقسیم، مستحق افراد کے انتخاب کے طریقہ کار، مالی معاملات، متعلقہ دستاویزات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال سمیت منصوبے کے لیے مختص فنڈز کے استعمال سے متعلق مختلف امور زیر بحث آئے۔آڈٹ ٹیموں نے تحقیقات کے سلسلے میں اب تک ہونے والی پیش رفت اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال سے متعلق تفصیلات سے بھی آگاہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے متعلقہ انتظامیہ اور آڈٹ ٹیموں کو ہدایت کی کہ تحقیقات کو مکمل شفافیت، غیر جانبداری اور حقائق و شواہد کی بنیاد پر آگے بڑھایا جائے تاکہ مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی اصل صورتحال سامنے لائی جاسکے۔انہوں نے تحقیقات کے عمل میں تیزی لانے اور تمام متعلقہ ریکارڈ کی باریک بینی سے جانچ پڑتال کے بعد مقررہ مدت کے اندر جامع تحقیقاتی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت بھی کی ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ عوامی فلاح و بہبود اور غربت کے خاتمے کے لیے مختص سرکاری و ترقیاتی فنڈز کے استعمال میں شفافیت، میرٹ اور جوابدہی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ مستحق افراد تک منصوبوں کے ثمرات پہنچانا اور ان کے حقوق کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے انہوں نے مزید کہا کہ تحقیقات کے نتیجے میں اگر کسی بھی قسم کی مالی بے ضابطگی یا بدعنوانی ثابت ہوئی تو اس میں ملوث ذمہ داران کے خلاف قانون اور متعلقہ قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔عوامی فنڈز کے تحفظ اور ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ (23)

کردار، گوادر فری زونز میں سرمایہ کاری کے مواقع اور مستقبل کی معاشی وتجارتی استعداد کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی دورہ کا مقصد طلبہ کو نصابی تعلیم کے ساتھ عملی معلومات فراہم کرنا اور گوادر کی علاقائی و عالمی اہمیت، معاشی ترقی اور پاکستان کے روشن مستقبل میں اس کے کردار سے آگاہ کرنا تھا۔اس طرح کی تعلیمی سرگرمیاں طلبہ کی علمی استعداد میں اضافے، سوچ کے نئے زاویے پیدا کرنے اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کے لیے تیار کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

بقیہ (24)

یہ تعداد بڑھ کر ایک کروڑ 28 لاکھ تک پہنچ گئی۔اسی طرح آئندہ تعلیمی سال 2027 کے لیے درسی کتب کی طلب میں مزید اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے اور بورڈ کو مجموعی طور پر ایک کروڑ 70 لاکھ درسی کتب کی طلب موصول ہوئی ہے۔گزشتہ تین سال کے اعداد و شمار اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں طلبہ کی تعداد اور درسی کتب کی ضرورت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ترجمان نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعلیم دوست وژن اور صوبائی حکومت کی تعلیمی ترجیحات کے تحت صوبے بھر میں غیر فعال سرکاری اسکولوں کو دوبارہ فعال بنانے اور وہاں تدریسی سرگرمیوں کا آغاز کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے گئے ہیں۔ان اقدامات کے نتیجے میں سینکڑوں ایسے سرکاری اسکول نہ صرف فعال اور دوبارہ تعلیمی سرگرمیوں کا حصہ بن چکے ہیں۔یہ اقدام صوبے میں تعلیمی سہولیات کی فراہمی، شرح خواندگی میں اضافے اور بچوں کوان کی دہلیز پر تعلیم کی سہولت مہیا کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ (25)

فلکیات اور ریاضی سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دیں، اسلامی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ علم، تحقیق اور غوروفکر مسلم معاشرے کی ترقی کے بنیادی ستون رہے ہیں۔پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ تاریخی تقسیم اور نوآبادیاتی دور کی تعلیمی پالیسیوں نے دینی اور جدید تعلیم کے درمیان خلیج پیدا کی جسے ختم کرنے کے لیے جامع اور ہمہ گیر تعلیمی نظام تشکیل دینے کی ضرورت ہے جو اسلامی اقدار، جدید سائنس، تحقیق اور جدت کو یکجا کرے۔انہوں نے مادری زبان میں تعلیم کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مادری زبان تخلیقی صلاحیتوں، تنقیدی سوچ اور فکری نشوونما کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ دینی مدارس اسلامی علوم اور علمی ورثے کے تحفظ میں قابل قدر خدمات انجام دے رہے ہیں، تاہم تعلیم کا مقصد صرف معلومات کی فراہمی نہیں بلکہ اخلاقی تربیت، سماجی ذمہ داری، علمی تحقیق اور سائنسی جستجو کو فروغ دینا بھی ہے، قرآن کریم انسان کو غوروفکر، مشاہدے اور تحقیق کی دعوت دیتا ہے جو فکری اور قومی ترقی کے بنیادی اصول ہیں۔کانفرنس کے دوران جمعیت طلبہ عربیہ کے نمائندوں نے مدارس کے فارغ التحصیل طلبہ کو اعلیٰ تعلیم تک رسائی، تعلیمی اسناد کی منظوری اور پیشہ ورانہ شعبوں میں مواقع کے حوالے سے درپیش مسائل اجاگر کیے۔وفاقی وزیر نے یقین دہانی کرائی کہ انگریزی زبان کے امتحانات سے متعلق طلبہ کے تحفظات متعلقہ حکام کے سامنے اٹھائے جائیں گے۔پروفیسر احسن اقبال نے عصری تقاضوں سے ہم آہنگ مسائل پر علمی و تحقیقی مکالمے کے لیے نو سیرت چیئرز کے قیام کا بھی ذکر کیا جن کے تحت خواتین کو بااختیار بنانے، پانی کے تحفظ اور بین المذاہب ہم آہنگی سمیت اہم موضوعات پر کام کیا جا رہا ہے۔انہوں نے قومی یکجہتی کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے گمراہ کن اطلاعات، انتہاپسندی اور دہشت گردی کے خطرات سے خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی کے لیے اتحاد، مثبت مکالمے اور فکری ہم آہنگی ناگزیر ہیں۔وفاقی وزیر نے تعمیری مکالمے اور تعلیمی اصلاحات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مدارس کی دینی شناخت اور اسلامی تشخص برقرار رکھتے ہوئے ان کے طلبہ کو جدید علوم اور پیشہ ورانہ مہارتوں سے آراستہ کرنا ہوگا تاکہ وہ پاکستان کی سماجی اور معاشی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکیں۔

بقیہ (26)

جائے۔اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین آف پینل اشوک کمار کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں چیئرمین آف پینل کی نشست پر دیکھ کر خوشی ہورہی ہے۔انہوں نے کوسٹل ہائی وے حادثے پر افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ زخمیوں کے علاج کے لیے تمام اقدامات کیے جائیں گے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کو ملازمتیں دینے پر وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے شکرگزار ہیں، بلوچستان کو وفاق کی جانب سے 25 ہزار ملازمتیں ملیں گی اور یہ ملازمتیں مرحلہ وار آرہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ جن علاقوں کے لوگوں کا مستقبل تیل کے کاروبار سے وابستہ تھا، انہیں زیادہ ملازمتیں فراہم کی جائیں گی۔اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ نے کوئٹہ اور سکھر کے درمیان فضائی پروازیں شروع کرنے سے متعلق قرارداد پیش کی، جسے ایوان نے منظور کرلیا۔قرارداد میں کہا گیا کہ کوئٹہ اور سکھر کے درمیان فضائی رابطے کی بحالی سے دونوں شہروں کے عوام کو سفری سہولیات میسر آئیں گی۔رکن بلوچستان اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی نے 11 وفاقی افسران کو بلوچستان واپس بھیجنے کے احکامات پر نظرثانی سے متعلق قرارداد پیش کی۔قرارداد میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ اس فیصلے سے وفاقی سیکریٹریٹ میں بلوچستان کی نمائندگی متاثر ہونے کا خدشہ ہے، لہٰذا اس فیصلے پر نظرثانی کی جائے۔اجلاس کا اہم معاملہ کوئٹہ میں قومی ٹی وی چینلز کے بیورو دفاتر کی بندش اور صحافیوں کی بے روزگاری کا رہا۔رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے اس حوالے سے قرارداد ایوان میں پیش کی، جس میں کہا گیا کہ گزشتہ چند سالوں کے دوران کوئٹہ میں مختلف قومی ٹی وی چینلز کے 11 بیورو دفاتر بند کیے جاچکے ہیں جبکہ 122 سے زائد صحافیوں اور میڈیا ورکرز کو مبینہ طور پر جبری طور پر ملازمتوں سے فارغ کیا گیا ہے۔قرارداد میں مطالبہ کیا گیا کہ بلوچستان میں آزادی صحافت کو یقینی بنایا جائے اور میڈیا انڈسٹری کو درپیش مسائل حل کیے جائیں۔ایوان نے قرارداد منظور کرلی۔قرارداد پر بحث میں نیشنل پارٹی کے رہنما ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ دنیا میں ریاستی پالیسیوں کی بہت اہمیت ہے، قائداعظم نے پاکستان کو ایک فلاحی ریاست بنایا تھا لیکن آج ملک سکیورٹی ریاست بن چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں چار مارشل لا اور تین آئین آئے ہیں۔بلوچستان میں میڈیا کے ساتھ بہت زیادتی ہورہی ہے، یہ ایک سنجیدہ مسئلہ ہے اور صحافی احتجاج پر ہیں، ہم صحافیوں کے احتجاج میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں رکن اسمبلی اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ ہوتے ہیں، اگر یہ آنکھ نکال دی جائے تو معاشرے میں اندھیرا چھا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ سوئی گیس کے معاملے پر وفاق بلوچستان کا 30 ہزار ارب روپے کا مقروض ہے۔ملک کے تمام مسائل کا حل جمہوریت کے علاوہ کچھ نہیں۔بلوچستان میں پانچ ہزار انجینئرز اور تین ہزار ڈاکٹرز بے روزگار ہیں

بقیہ (27)

اساتذہ کی حاضری، تدریسی عمل، صفائی ستھرائی اور مجموعی انتظامی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔دورے کے دوران گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول حاجی حبیب اللہ شادیزئی بند پایا گیا اور اسکول کے مرکزی دروازے پر تالا لگا ہوا تھا، جس پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے شدید برہمی اور ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے اسکول میں تعینات دونوں خواتین اساتذہ کو وضاحت جمع کرانے کی ہدایت جاری کی، جبکہ معاملے میں مزید محکمانہ کارروائی کے لیے کیس اعلیٰ حکام کو ارسال کرنے کا فیصلہ کیا۔اسی طرح گورنمنٹ مڈل اسکول کلی سیف اللہ خان کے دورے کے موقع پر ڈی ای او نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا، طلبہ کی تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں اور سیکھنے کے عمل کا جائزہ لیا اور اساتذہ کی حاضری بھی چیک کی۔اس دوران اسکول میں صفائی ستھرائی کی ناقص صورتحال اور مجموعی انتظامی امور پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا، جبکہ اسکول کے ہیڈ ماسٹر مسٹر عبدالناصر غیر حاضر پائے گئے، جنہیں اس سلسلے میں وضاحت جاری کر دی گئی۔مزید برآں، گورنمنٹ مڈل اسکول کلی سیف اللہ خان کی مجموعی صورتحال، انتظامی معاملات اور تعلیمی کارکردگی کی جانچ پڑتال کے لیے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قاری عبدالاحد کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی گئی، جسے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ تمام متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لے کر ایک ہفتے کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اشوک کمار راجپوت نے واضح کیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی بروقت حاضری، معیاری تدریسی عمل، صفائی ستھرائی اور نظم وضبط پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو فعال بنانا، طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنانا اور سرکاری فرائض میں غفلت برتنے والے اہلکاروں کے خلاف قواعد وضوابط کے مطابق محکمانہ کارروائی عمل میں لانا محکمہ تعلیم کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ (28)

نام لیے بغیر تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر وزیر دفاع خواجہ آصف نے بلاول بھٹو کے پہلے اور آج کے موقف کے بارے میں ویڈیوز سے متعلق ایک صارف کی ٹوئٹ کو ری ٹوئٹ کرتے ہوئے لکھا کہ مجھے لگا تھا کہ نئی نسل ہماری نسل سے بہتر اور زیادہ اصول پسند ہوگی لیکن مجھے اندازہ ہی نہیں تھا کہ یہ لوگ دو غلے اور مکار نکلیں گے۔انہوں نے لکھا کہ اندازہ نہیں تھا یہ انتہائی ڈھٹائی سے اپنے رنگ بدلیں گے، اقتدار کا نشہ ان کے سر چڑھ گیا ہے۔ن لیگی رہنما رانا ثنا اللہ نے کہا کہ رکن اسمبلی کا دباؤ کے تحت ووٹ کا استعمال حلف سے انحراف ہے، نااہلیت ہوسکتی ہے، میرا یہی خیال ہیکہ آئینی ترامیم کیلئے کسی نے دباؤ میں ووٹ نہیں دیا۔وزیر مملکت برائے داخلہ طارق فضل چوہدری کا کہنا ہے کہ بلاول بھٹو ہماری حکومت کو چارج شیٹ نہیں کر سکتے، وہ پہلے دن سے حکومت کا حصہ ہے اگر پیپلز پارٹی جمہوری جماعت ہے تو عوامی رائے سے کیوں بھاگ رہی ہے۔واضح رہے کہ بلاول بھٹو نے ایونتھ آور میں گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ میں نے دھمکی نہیں دی یہ کہا ہے کہ نئے صوبے کے معاملے پر حالات بگڑیں گے پھر محسن نقوی میرے پاس بھاگ کر آئیں گے تو ہاتھ کھڑے کرلوں گا اور کہوں گا کہ اب میں کیا کروں۔

بقیہ (29)

نمبر 21/2023 بجرم 302 میں مطلوب ملزم ہدایت اللہ ولد محمد عمر لہڑی سکنہ کونگڑھ کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔اسی طرح مقدمہ نمبر 85/2026 بجرم 302 تعزیرات پاکستان، جس میں سینئر کلرک نصیر احمد کو قتل کیا گیا تھا، کے ملزم محمد عمران ولد عبداللہ کو کوئٹہ سے ٹریس کرکے گرفتار کیا گیا ہے۔مقدمہ نمبر 93/2026 لڑائی جھگڑے کے کیس میں ملزم عبدالمجید ولد عبدالرزاق کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی ہے۔ڈکیتیوں میں ملوث گروہ گرفتار، لاکھوں روپے چھیننے کا اعتراف ایس ڈی پی او کے مطابق مستونگ اور گردونواح میں ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔گرفتار ملزمان خیال محمد ولد عبدالحکیم اور عبدالحکیم ولد عبدالحمید نے مبینہ طور پر ایک واردات میں 7 لاکھ جبکہ دوسری واردات میں 5 لاکھ روپے چھینے تھے۔پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان نے وارداتوں کا اعتراف بھی کیا ہے۔ملزمان مبینہ طور پر افغان مہاجرین ہیں اور ان کا طریقہ واردات یہ تھا کہ پہلے تندور کرایے پر حاصل کرتے اور بعدازاں وارداتیں کرتے تھے۔گروہ کا ایک ساتھی تاحال مفرور ہے، جس کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ (30)

میں مقررہ وقت سے ایک گھنٹے کی تاخیر سے شروع ہوا۔اجلاس کے آغاز پر اورماڑہ کے قریب مسافر کوچ اور بوزر کے درمیان ہونے والے افسوسناک تصادم میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب اور مغفرت کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی، جبکہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی گئی۔

بقیہ (31)

میں پاکستان جرمنی تجارتی تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اپٹما اور جرمن وفد نے دوطرفہ تجارت بڑھانے، ٹیکسٹائل شعبے میں تعاون اور پائیداری کے عالمی معیارات پر عملدرآمد بہتر بنانے پر اتفاق کیا۔جرمن امپورٹرز ایسوسی ایشن نے پاکستانی ٹیکسٹائل صنعت کی عالمی معیار پر عملدرآمد کی کوششوں کو سراہا۔ڈاکٹر مائیکل آرٹز نے کہا کہ جرمنی پاکستان کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات مزید مستحکم کرنا چاہتا ہے۔جرمن ادارہ وی ایف آئی پاکستان کے برآمدکنندگان اور جرمن درآمدکنندگان کے درمیان تعاون اور کاروباری روابط بڑھانے کے لیے معاونت فراہم کرے گا۔چیئرمین اپٹما اسد شفیع نے کہا کہ جی ایس پی پلس پاکستانی برآمدات کو یورپی منڈی میں بنگلہ دیش اور سری لنکا جیسے حریف ممالک کے مقابلے میں مسابقتی برتری فراہم کرتا ہے۔جی ایس پی پلس کے تحت 2013 سے اب تک یورپی یونین کو پاکستانی برآمدات میں 73 فیصد جبکہ جرمنی کو برآمدات میں 40 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ (32)

کی مہارت فراہم کریں گی۔امریکی سرمایہ کاری سے پاکستانی شہریوں کے لئے روزگار اور تربیت کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ترجمان کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ اہم معدنیات کے شعبے میں تعاون کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے اور یہ شعبہ اس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔دوسری جانب امریکی میرینز کی 251 ویں سالگرہ بھی منائی گئی۔امریکی سفارتخانے کے مطابق میرینز 1949 سے دنیا بھر میں امریکی سفارتی تنصیبات کے تحفظ کی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں، اس موقع پر ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

بقیہ (33)

گیس بازر کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں دونوں گاڑیوں میں شدید آگ بھڑک اٹھی جس کے باعث 12 افراد جاں بحق اور 27 زخمی ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق آزاد دشت کوچ 46 مسافروں کو لے کر تربت سے کراچی جارہی تھی کہ بسول کے قریب کراچی سے 250 بارڈر کی جانب جانے والا ایل پی جی گیس بازر مسافر بس سے ٹکرا گیا۔تصادم اتنا شدید تھا کہ دونوں گاڑیوں میں فوری طور پر آگ لگ گئی۔حادثے میں ایل پی جی بازر کا ڈرائیور اور کلینر موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے جبکہ مسافر بس میں سوار 10 مسافر بھی جان کی بازی ہار گئے جن میں 7 مرد اور 3 بچے شامل ہیں۔بس میں سوار 9 مسافر معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔حادثے میں مجموعی طور پر 27 مسافر زخمی ہوئے جن میں 14 مرد، 9 خواتین اور 4 بچے شامل ہیں۔زخمیوں میں سے 20 افراد جن میں 15 مرد، 4 خواتین اور ایک بچہ شامل ہیں کو پی این ایس درمان جاہ ہسپتال اورماڑہ جبکہ 7 زخمیوں جن میں 3 مرد، 2 خواتین اور 2 بچے شامل ہیں کو پسنی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔حادثے میں زخمی ہونے والوں میں 26 سالہ دانش اقبال ساکن تربت، 43 سالہ آصف ساکن کولواہ، 40 سالہ احسن ساکن تربت، 38 سالہ عبدالرشید، 20 سالہ عرفان ساکن حب چوکی، 8 سالہ نصیر، 14 سالہ فراز، 11 سالہ نائفہ، 40 سالہ جان بی بی، 35 سالہ نازل، 30 سالہ مراد، 34 سالہ شہزاد، 30 سالہ ببیل، گل جان نازل، 35 سالہ حامد، 18 سالہ ساگل، 25 سالہ عاصمہ، 18 سالہ ضمیر، بالاچ، 5 سالہ ثنا اللہ، 28 سالہ اسد اللہ، 19 سالہ رحیم اور 25 سالہ سلیم شامل ہیں۔افسوسناک حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 پسنی اور اورماڑہ کی ٹیموں سمیت پاک بحریہ کے ریسکیو دستوں اور فائر فائٹرز نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیوں میں بھرپور حصہ لیا۔پاک نیوی کے ہسپتال پی این ایس درمان جاہ کی انتظامیہ نے ہنگامی بنیادوں پر ایمبولینسز اور طبی عملہ جائے حادثہ پر روانہ کیا۔پاک بحریہ کے فائر فائٹرز، ریسکیو ٹیموں اور ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے مشترکہ طور پر پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ پر قابو پایا اور بروقت ریسکیو آپریشن مکمل کرکے متعدد قیمتی انسانی جانوں کو بچالیا۔پی این ایس درمان جاہ اور پسنی ہسپتال کے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے میں مصروف رہے۔

بقیہ (34)

سردار ایاز صادق نے جمعرات کو وفاقی محتسب کے دفتر کا دورہ کیا۔وفاقی محتسب آمد پر جسٹس نوید کامران بلوچ اور اعلیٰ افسران نے اسپیکر قومی اسمبلی کا استقبال کیا۔دورے کے دوران سردار ایاز صادق نے وفاقی محتسب میں قائم جسٹس (ر) سردار محمد اقبال میموریل لائبریری کا افتتاح کیا۔لائبریری سابق وفاقی محتسب جسٹس ریٹائرڈ محمد اقبال کے نام سے منسوب ہے۔سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جسٹس (ر) سردار محمد اقبال میموریل لائبریری کے قیام کے اقدام کو سراہا اور جسٹس (ر) سردار محمد اقبال کی عدالتی اور انصاف کی فراہمی کے لیے خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ایاز صادق نے کہا کہ جسٹس (ر) سردار محمد اقبال ایک بااصول، غیر جانبدار اور صاحب بصیرت شخصیت تھے۔بطور وفاقی محتسب انہوں نے عوام کو فوری اور شفاف انصاف کی فراہمی کے لیے قابل قدر خدمات سرانجام دیں۔انہوں نے کہا کہ جسٹس (ر) سردار محمد اقبال کی آئین وقانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی کے لیے خدمات کو تادیر یاد رکھا جائے گا۔مرحوم جسٹس (ر) سردار محمد اقبال کے نام سے لائبریری کا قیام ان کی علمی، قانونی اور قومی خدمات کا اعتراف ہے، لائبریری کا قیام قانون اور انصاف کے شعبے سے وابستہ افراد، محققین اور طلبہ کے لیے علمی و تحقیقی معاونت کا باعث ہوگا۔سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ جسٹس (ر) سردار محمد اقبال کی اصول پسندی، دیانت داری اور عوامی خدمت کا جذبہ ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔محترمہ ریما ایاز صادق نے جسٹس سردار محمد اقبال مرحوم کے نام سے منسوب لائبریری کے قیام پر وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کا شکریہ ادا کیا۔تقریب میں مرحوم جسٹس ریٹائرڈ محمد اقبال مرحوم کی صاحبزادی و اسپیکر قومی اسمبلی سردار کی اہلیہ محترمہ ریما ایاز صادق، وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ، قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کے اعلیٰ افسران، علمی اور ادبی شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ (35)

شہباز شریف سے آسیان کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر کاؤ کم ہورن نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں وزیراعظم نے آسیان اور جنوب مشرقی ایشیائی خطے کے ساتھ پاکستان کی دیرینہ شراکت داری مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔شہباز شریف نے کہا کہ موجودہ خیرسگالی کو ٹھوس اقتصادی اور ترقیاتی شراکت داری میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، دونوں فریقین نے غذائی تحفظ، موسمیاتی تبدیلی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے طریقوں پر بھی غور کیا۔وزیراعظم نے پاکستان کے تزویراتی محل وقوع کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور مغربی ایشیا کے سنگم پر واقع ہے اور وسیع تر خطے کے لیے گیٹ وے کی حیثیت رکھتا ہے، جس سے علاقائی روابط، تجارت اور اقتصادی انضمام کو فروغ مل سکتا ہے۔آسیان کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر کاؤ کم ہورن نے پرتپاک مہمان نوازی پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان کے ساتھ تعلقات مضبوط بنانے کے لیے آسیان کے عزم کا اعادہ کیا۔ڈاکٹر کاؤ کم ہورن نے پاکستان کی جانب سے قریبی روابط کے قیام میں دلچسپی کا خیرمقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مسلسل تعاون اور موجودہ دورہ دونوں فریقین کی شراکت داری کو مزید آگے بڑھانے میں معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ (36)

معیار کی بین الاقوامی تکنیکی تربیت کامیابی سے مکمل کرلی، تربیت حاصل کرنے والے نوجوان انجینئرز میں چار خواتین بھی شامل ہیں۔نوجوان انجینئرز نے ارجنٹائن کی ویلاڈیرو مائن اور زیمبیا کی لوموانا مائن میں ریکوڈک مائننگ کمپنی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت تربیت حاصل کی۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ریکوڈک مائننگ کمپنی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے دوسرے بیچ کے شرکا نے ملاقات کی۔اس موقع پر کمپنی حکام نے وزیراعلیٰ کو پروگرام کے اغراض و مقاصد، انتخابی عمل اور تربیتی مراحل سے متعلق بریفنگ دی۔حکام نے بتایا کہ ان 18 نوجوان انجینئرز کا انتخاب 2024 میں بلوچستان بھر سے موصول ہونے والی تین ہزار سے زائد درخواستوں میں سے میرٹ کی بنیاد پر کیا گیا۔پروگرام کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں کو بین الاقوامی سطح کی جدید تکنیکی مہارتیں اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے نوجوان انجینئرز کو بین الاقوامی تربیت کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے جدید مہارتوں، پیشہ ورانہ ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کا ذریعہ بن رہا ہے۔نوجوان انجینئرز کی عالمی سطح پر کامیابی بلوچستان کے روشن مستقبل کی عکاس ہے۔انہوں نے کہا کہ مقامی نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتوں سے آراستہ کرنا صوبے کی طویل المدتی معاشی ترقی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ریکوڈک منصوبے کی ترقی میں مقامی نوجوان انجینئرز اہم کردار ادا کریں گے، کیونکہ باصلاحیت نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں غیر معمولی صلاحیتیں موجود ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں مناسب مواقع اور جدید تربیت فراہم کی جائے۔بڑے ترقیاتی اور سرمایہ کاری کے منصوبوں کے ثمرات میں مقامی نوجوانوں کی شمولیت خوش آئند ہے۔انہوں نے ریکوڈک مائننگ کمپنی اور بیرک کی جانب سے بلوچستان کے نوجوانوں کو بین الاقوامی تربیت کے مواقع فراہم کرنے کے اقدام کو قابل تحسین قرار دیا۔اس موقع پر ریکوڈک مائننگ کمپنی کے کنٹری مینیجر ضرار جمالی نے کہا کہ ریکوڈک منصوبے کی پائیدار ترقی مقامی آبادی اور افرادی قوت کی ترقی سے وابستہ ہے۔انہوں نے بتایا کہ پروگرام میں چاغی، کوئٹہ، گوادر، پنجگور، خضدار، لورالائی، نوشکی، موسیٰ خیل، قلعہ سیف اللہ اور ژوب سے تعلق رکھنے والے نوجوان شامل ہیں۔

بقیہ (37)

کہ پاکستان کا عالمی امن، سلامتی اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں متحرک کردار عالمی سطح پر پاکستان کی قربانیوں اور خدمات کی روشن مثال ہے۔خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ گزشتہ سات دہائیوں کے دوران 48 اقوام متحدہ امن مشنز میں 2 لاکھ 37 ہزار پاکستانی اہلکار خدمات انجام دے چکے ہیں، عالمی امن مشنز میں 183 پاکستانی اہلکاروں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔پاکستان کی خدمات اور قربانیاں اس کے فعال بین الاقوامی کردار کا ثبوت ہیں۔دنیا میں پائیدار امن کے قیام کے لئے مشترکہ حکمت عملی، باہمی تعاون اور اجتماعی ذمہ داری کا احساس ناگزیر ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ تنازعات کے علاقوں میں اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اچانک کمی انسانی سلامتی کے خطرات مزید بڑھا سکتی ہے، امن مشنز کے مینڈیٹ حقیقت پسندانہ، مناسب وسائل سے بھرپور اور دیرپا سیاسی حل سے ہم آہنگ ہونے چاہئیں۔انہوں نے زور دیا کہ امن مشنز کے مینڈیٹ کی تشکیل میں فوجی اور پولیس دستے فراہم کرنے والے ممالک کو موثر نمائندگی دی جانی چاہیے، امن صرف جنگ نہ ہونے کا نام نہیں بلکہ پائیدار استحکام کیلئے انسانی سلامتی کو ترجیح دینا ہوگی۔خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوری عالمی تنازعات کو مزید ہوا دے رہے ہیں، پاکستان بھی موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے براہ راست متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی امن کے لئے دیرینہ تنازعات کا بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ضروری ہے، جبکہ تنازعات سے متاثرہ علاقوں میں بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فراہمی اور موسمیاتی وترقیاتی وعدوں کی تکمیل بھی ناگزیر ہے۔موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوریاں دنیا میں تنازعات کو مزید شدت دے رہی ہیں، جبکہ پاکستان بھی موسمیاتی تبدیلی کے شدید خطرات سے متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ پاکستان ایک جامع اور موثر کثیرالجہتی عالمی نظام کے قیام کیلئے پل کا کردار ادا کرنے کو تیار ہے اور عالمی سطح پر وقار انسانیت، انصاف اور پائیدار امن کے فروغ کے لئے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ (38)

فروغ اور ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنانا ہے۔حکومت ایسے اقدامات پر توجہ دے رہی ہے جن کے نتائج عوام کو عملی طور پر نظر آئیں اور جن سے ان کی زندگیوں میں حقیقی بہتری آئے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ موجودہ حکومت کے دور میں سرکاری افسران اور سول بیوروکریسی نے اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے بلوچستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سرکاری مشینری کی مؤثر کارکردگی اور اداروں کے درمیان مربوط تعاون سے عوامی خدمت اور ترقیاتی اہداف کے حصول کو ممکن بنایا جا رہا ہے۔وزیراعلیٰ نے بلوچستان میں امن و استحکام کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 78 برس کے دوران ان اداروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔پاک فوج، فرنٹیئر کور، بلوچستان پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوانوں نے صوبے میں امن کے قیام، عوام کے تحفظ اور ریاستی عملداری برقرار رکھنے کے لیے بے مثال خدمات انجام دی ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرکاری اسکولوں کو غیر تدریسی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی روایت ختم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔اسکولوں کی عمارتیں بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے مختص ہیں، انہیں مہمان خانے یا دیگر غیر متعلقہ مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے بجائے تدریسی سرگرمیوں کے لیے فعال رکھا جائے گا۔تعلیمی اداروں کی بحالی اور ان میں تدریسی عمل کا تسلسل یقینی بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت نے شعبہ تعلیم کے ساتھ صحت کے شعبے میں بھی متعدد اہم اقدامات کیے ہیں جن سے لاکھوں شہری مستفید ہو رہے ہیں۔ہیلتھ کارڈ کی سہولت سے لے کر نئے اسپتالوں کے قیام اور علاج معالجے کی سہولیات میں بہتری تک مختلف اقدامات کے ذریعے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا رہی ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ شعبہ تعلیم میں حکومتی اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں جن کا اعتراف وفاقی حکومت اور عالمی فورمز پر بھی کیا گیا ہے۔صوبے میں ہزاروں اساتذہ کی بھرتی کے ذریعے تدریسی عمل کو مستحکم کیا گیا ہے جبکہ طویل عرصے سے بند سیکڑوں سرکاری اسکولوں کو دوبارہ فعال بنایا گیا ہے۔ان اقدامات سے نہ صرف تعلیمی اداروں کی فعالیت بحال ہوئی ہے بلکہ بچوں کے لیے تعلیم کے مواقع میں بھی اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ریکارڈ تعداد میں تعلیمی وظائف فراہم کیے ہیں تاکہ بلوچستان کے ذہین اور باصلاحیت طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں معاونت فراہم کی جا سکے۔تعلیمی وظائف کا مقصد طلبہ کو اپنی صلاحیتیں نکھارنے، اعلیٰ تعلیمی مواقع سے فائدہ اٹھانے اور مستقبل میں عملی زندگی میں آگے بڑھنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت تعلیم، صحت، امن و امان اور عوامی فلاح کے دیگر شعبوں میں اصلاحات اور ترقیاتی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی، جبکہ تمام منصوبوں میں میرٹ، شفافیت اور معیار کو بنیادی اہمیت دی جائے گی تاکہ سرکاری وسائل کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں۔

بقیہ (39)

اجلاس کے دوسرے روز خطاب کرتے ہوئے کیا۔اسحاق ڈار نے کہا کہ معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہیں، پاکستان رکن ممالک کے درمیان رابطوں کیلئے کردار ادا کرے گا، درپیش چیلنجز کا مقابلہ مل کر کرنا ہوگا۔اسحاق ڈار نے اقتصادی ایجنڈے کی کامیابی کیلئے امن اور استحکام کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ امن اور ترقی ایک دوسرے کو تقویت دیتے ہیں، اقتصادی تعاون استحکام میں مشترکہ مفادات پیدا کرتا ہے، جبکہ عدم تحفظ ترقیاتی منصوبوں کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں تنازعات اور عدم استحکام پر گہری تشویش رکھتا ہے، خطے میں تنازعات کے اثرات قومی سرحدوں سے آگے تک پھیلتے ہیں، عدم استحکام سے تجارتی راستے، توانائی کی فراہمی، سرمایہ کاری اور عوام کے اقتصادی منصوبے متاثر ہوتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان عالمی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے پرامن حل کا مسلسل حامی رہا ہے، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور دفتر خارجہ برادر ممالک اور عالمی شراکت داروں کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے ہیں، پاکستان پرامن حل کے لئے سفارتی کوششیں جاری رکھے گی۔اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان مذاکرات، کشیدگی میں کمی اور پائیدار علاقائی استحکام کیلئے سفارتی کوششیں جاری رکھے گا، افغانستان کے حوالے سے بھی پاکستان کا نقطہ نظر امن اور علاقائی تعاون کے عزم کا عکاس ہے، پاکستان ایک پرامن، خوشحال اور مستحکم افغانستان کا خواہاں ہے، جوای سی او کے فریم ورک میں مکمل طور پر ضم ہو اور اپنے تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ امن سے رہے۔انہوں نے زور دیا کہ افغانستان میں امن اور استحکام کا فائدہ صرف افغان عوام کو نہیں بلکہ پورے خطے کو ہوگا، مستحکم افغانستان تجارت، ٹرانزٹ اور اقتصادی تعاون کے نئے اہم مواقع کھول سکتا ہے، بامعنی پیش رفت کیلئے افغان حکام کو پڑوسی ممالک کے جائز سکیورٹی خدشات، خصوصا دہشت گردی کے خطرے سے نمٹنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ عالمی معاہدوں اور وعدوں کی پاسداری پر اعتماد علاقائی روابط کے لئے ضروری ہے، غیرحل شدہ تنازعات اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کی عدم تکمیل اعتماد کو نقصان پہنچا سکتی ہے، غیرحل شدہ تنازعات اور عالمی ذمہ داریوں کی عدم تکمیل اقتصادی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان تجارت اور سرمایہ کاری فروغ چاہتا ہے، باہمی تعاون سے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی

غیر یقینی عالمی حالات میں مستحکم تجارت کیلئے علاقائی روابط ضروری ہیں، عبدالعلیم خان

پاکستان وسطی اور جنوبی ایشیا، چین اور مشرقِ وسطیٰ کو جوڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے، پاکستان محفوظ، پائیدار اور مربوط علاقائی ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کے قیام کیلئے پرعزم

تجارتی رکاوٹوں کے خاتمے اور متبادل راستوں سے علاقائی سپلائی چین مضبوط ہوگی، وفاقی وزیر مواصلات کا بینکاک میں وزارتی ٹرانسپورٹ کانفرنس سے ویڈیو خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے علاقائی رابطہ کاری کو معاشی مضبوطی اور مشترکہ خوشحالی کے لئے اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی حالات میں غیر یقینی کے باوجود تجارت جاری رکھنے کیلئے کسی ایک ملک پر انحصار کے بجائے متبادل تجارتی راستے بنانا ہوں گے۔ بینکاک میں وزارتی ٹرانسپورٹ کانفرنس سے ویڈیو خطاب میں وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ پاکستان وسطی اور جنوبی ایشیا، چین اور مشرقِ وسطیٰ کو جوڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر کی بندرگاہیں وسطی ایشیائی ممالک کو سمندری راستوں تک رسائی دے سکتی ہیں۔ کیو ٹی ٹی اے معاہدہ خطے میں سامان کی ترسیل کے لئے اہم فریم ورک ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ ازبکستان، ——(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 7پر)



اسلام آباد وزیراعظم محمد شہباز شریف ترکیہ کے وزیر توانائی وقدرتی وسائل الپ ارسلان بیرکتار سے مصافحہ کررہے ہیں

وفاقی سرکاری ملازمین کیلئے بڑی خوشخبری، رہائشی سہولت سے متعلق اہم فیصلہ

وفاقی وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے فیصلے کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا، جس کی منظوری 17 نومبر کو دی گئی تھی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے لیے رہائشی سہولتوں سے متعلق اہم فیصلہ کرتے ہوئے گلگت اور مظفرآباد کو بھی سرکاری رہائش کی ہائرنگ کے لیے مخصوص اسٹیشنز قرار دے دیا۔ وفاقی وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے فیصلے کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے، جس کے مطابق گریڈ ایک سے 22 تک کے وفاقی ملازمین نئی ——(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 7پر)

بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے وفاقی محکموں میں ہزاروں ملازمتوں کا اعلان

وفاقی وزارتوں کے ماتحت 100 سے زائد محکموں میں بھرتیوں کا عمل آج سے شروع ہوگا، بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے مجموعی طور پر 5 ہزار ملازمتیں مختص

بھرتیوں کے عمل کو شفاف اور میرٹ کے مطابق مکمل کرنے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کردی گئی ہیں، حکام

اسلام آباد (جی این ایم) بلوچستان کے ہزاروں بے روزگار نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کیلئے وفاقی محکموں میں خصوصی بھرتیوں کا عمل باقاعدہ شروع کر دیا گیا۔ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی خصوصی دلچسپی اور کاوشوں سے بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے وفاقی وزارتوں اور ان کے ماتحت اداروں میں ملازمتوں کے مواقع پیدا کیئے جارہے ہیں، منصوبے کے تحت 13 وفاقی وزارتوں کے ماتحت 100 سے زائد محکموں میں بھرتیوں کا عمل آج (ہفتہ) سے شروع ہوگا۔ وفاقی محکموں میں بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے مجموعی طور پر 5 ہزار ملازمتیں مختص کی گئی ہیں، جن پر مرحلہ وار بھرتیاں کی جائیں گی، اس اقدام کا مقصد صوبے کے بے روزگار نوجوانوں کو ان کے اپنے علاقوں میں روزگار کے مواقع فراہم کرنا 7

مدینہ منورہ میں مساج سینٹر کے اندر نازیبا حرکات کرنے پر غیر ملکی گرفتار

مدینہ ریجن کی پولیس نے ملزم کو حراست میں لے کر اس کے خلاف قانونی کاروائی کا آغاز کردیا

ریاض (جی این ایم) سعودی حکام نے مدینہ منورہ میں ایک غیر ملکی شہری کو گرفتار کرلیا ہے، جو ایک مساج سینٹر کے اندر غیر اخلاقی حرکات میں ملوث ہے۔ سعودی میڈیا کے مطابق مدینہ ریجن پولیس نیکمیونٹی سیکیورٹی اور انسانی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے جنرل ایڈمنسٹریشن کے ساتھ مل کر ایک غیر ملکی شہری کو گرفتار کیا ہے جو ایک مساج سینٹر میں عوامی ——(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 7پر)



برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر جناب ٹیپو عثمان سینٹ جیمز پیلس میں شاہ چارلس سوم کو اپنی اسناد پیش کررہے ہیں

معاشی ترقی کی باگ ڈور نجی شعبے کو دینا ہوگی، مشیر نجکاری محمد علی

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کی باگ ڈور نجی شعبے کو دینا ہوگی، نجکاری اور پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ پاکستان کو اگلے 20 سے 30 برس میں حقیقی معاشی منزل تک لے جائے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں محمد علی نے کہا کہ اصل برنس حب کراچی، لاہور، سیالکوٹ، ——(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 7پر)

لاہور ہائیکورٹ، علیمہ خان کی نظر بندی سے متعلق درخواست جلد سماعت کیلئے منظور

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان اور ان کے ڈرائیور کی نظر بندی کے خلاف درخواست پر جلد سماعت کی استدعا منظور کرلی۔ عدالت نے رجسٹرار آفس کو کیس سماعت کے لئے مقرر کرنے کی ہدایت کردی، جبکہ علیمہ خان کی نظر بندی کے احکامات کو بھی چیلنج کیا گیا ہے۔ جسٹس عبہر گل خان نے علیمہ خان کی نظر بندی کے ——(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 7پر)

ہمارے لانگ مارچ کی حکمت عملی تھی اور نہ کوئی پلان تھا، شوکت یوسفزئی

جنید اکبر، اسپیکر اور سہیل آفریدی گرفتار ہوئے تو میں پلان کا انتظار کرتا رہا، گفتگو

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے ترجمان شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پارٹی کے پاس لانگ مارچ کی کوئی حکمت عملی نہیں تھی۔ ایک انٹرویو میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ بدقسمتی سے ہمارے لانگ مارچ کی حکمت عملی تھی اور نہ کوئی پلان تھا، ہمیں کہا جاتا رہا کہ پلان آرہا ہے اور پلان کسی اور کے ساتھ ہے، کہا گیا سہیل آفریدی گرفتار ——(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 7پر)

کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہنے کی اطلاع

بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے، کیسکو حکام

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبوں کی تنصیب کیے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 21 نومبر اور 22 نومبر کو (روزانہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv اسٹیڈیم، شہباز ٹاؤن، پی ٹی وی، مارک فیکٹری، جی او آر، دیبہ ——(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 7پر)

بیوٹمز میں کیسکو ٹیسٹ کے دوران شدید بدنظمی، ہزاروں نوجوان ٹیسٹ دیے بغیر واپس

امیدواروں کا احتجاج، انتظامیہ اور حکومت کے خلاف نعرے بازی، امیدوار مایوسی کا شکار

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (بیوٹمز) میں آج کیسکو کی آسامیوں کے لیے منعقد ہونے والے ٹیسٹ کے دوران مبینہ بے ضابطگیوں، ناقص انتظامات اور شدید بدنظمی کے باعث ہزاروں امیدواروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ صوبے کے مختلف دور دراز علاقوں سے ٹیسٹ ——(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 7پر)

گرانی کے وفد کی ڈپٹی کمشنر قلات سے ملاقات، علاقائی مسائل اور ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال

ضلع بھر کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، ڈپٹی کمشنر قلات کی وفد کو یقین دہانی

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری سے پرنس اکرم جان احمدزئی کی قیادت میں گرانی کے معززین کے وفد نے ملاقات۔ کی اس موقع پر وفد نے ڈپٹی کمشنر کو علاقے کو درپیش مختلف مسائل سے آگاہ کیا، جبکہ ان مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی وخوشحالی سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ علاقے کے لوگوں کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور عوامی شکایات وتجاویز کو اہمیت دیتے ہوئے ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ گرانی سمیت ضلع بھر کے تمام علاقوں کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی۔

سرکاری فرائض میں غفلت اور غیر حاضری برداشت نہیں کی جائے گی، کمشنر لورالائی

مالیاتی تصدیق کے بغیر تقرری نہ کی جائے، فیلڈ وزٹس اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے واضح کیا ہے کہ سرکاری فرائض میں غفلت، غیر حاضری اور عوامی مسائل کے حل میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام افسران اور ملازمین پیشگی اطلاع اور مجاز اتھارٹی کی اجازت کے بغیر اپنا اسٹیشن نہ چھوڑیں، بصورت دیگر متعلقہ اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی ——(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 7پر)

زیارت میں سیوریج لائنوں کی تنصیب کا کام تیزی سے جاری

شہری سہولیات اور صفائی ستھرائی کے لیے عملی اقدامات، زیارت میں سیوریج منصوبے پر تیزی سے کام جاری

زیارت (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں زیارت ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج لائنوں کی تعمیر وتنصیب کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اس منصوبے کا مقصد شہر میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانا، عوام کو درپیش مسائل کا خاتمہ اور شہری سہولیات میں بہتری لانا ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے ——(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 7پر)

صوبے میں تعلیم صحت روزگار کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے، سنجے کمار

اقلیتی برادری پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم پر متحد ہوکر سیاسی جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں، بات چیت

سبی (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور بلوچستان پاکستان پیپلز پارٹی اقلیتی امور کے مرکزی رہنما سنجے کمار پنجوانی نے بلوچستان میں اقلیتی برادری کو درپیش مسائل و مشکلات کے ازالے کے لئے پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت تمام وسائل کو بروئے کار لارہی ہے تعلیم صحت روزگار کی فراہمی ہماری ذمے داری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے فوکل پرسن مکھی عامر چنڈال کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا قبل ازیں مکھی عامر چنڈال نے سبی ڈھاڈر چھ کولپور ڈیرہ مراد جمالی سمیت بلوچستان بھر میں آباد اقلیتی برادری کو درپیش مشکلات کے حوالے سے بھی تفصیلی آگہی فراہم کی اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور بلوچستان پاکستان پیپلز پارٹی اقلیتی امور کے سینئر رہنما سنجے کمار پنجوانی نے بات چیت کرتے ——(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 7پر)



کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری زوپاش آغا انتظامی اموراور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

عالمی امن کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے، وزیر دفاع

دہشتگردوں کو طالبان کی لاجسٹیکل اور آپریشنل سپورٹ حاصل، ٹی ٹی پی نے افغان سرزمین سے پاکستان میں کئی جان لیوا حملے کئے ہیں، سانیتا پاولیوٹا ڈیس لینڈلیس

عالمی سطح پر بدلتے خطرات سے نمٹنے کیلئے اقوام متحدہ کے انسدادِ دہشت گردی کے نظام میں اصلاحات کی جائیں، پاکستانی مستقل مندوب سید حیدر شاہ

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی سربراہ سانیتا پاولیوٹا ڈیس لینڈلیس نے کہا ہے کہ افغانستان میں دہشتگرد گروہوں کی موجودگی کی وجہ سے رکن ممالک کو دہشتگردی کے خطرات کا سامنا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ داعش خراسان نے افغانستان کے باہر علاقوں پر توجہ مرکوز کررکھی ہے اور تحریک طالبان پاکستان سنگین نوعیت کا خطرہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشتگردوں کو طالبان کی لاجسٹیکل اور آپریشنل سپورٹ حاصل ہے اور ٹی ٹی پی نے افغان سرزمین سے پاکستان میں کئی جان لیوا حملے کئے ہیں۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سید حیدر شاہ نے کہا کہ عالمی سطح پر بدلتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے اقوام متحدہ کے انسدادِ دہشت گردی کے نظام میں اصلاحات کی جائیں۔



لورالائی: ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

امریکی سینیٹ نے ٹرمپ کو ایران پر حملوں سے روکنے کی قرارداد مسترد کردی

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی سینیٹ نے ایران کے خلاف جاری جنگ رکوانے اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے جنگی اختیارات محدود کرنے کی قرارداد مسترد کردی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق قرارداد کے حق میں 48 اور مخالفت میں 51 ووٹ ڈالے گئے، جس کے بعد ری پبلکن ارکان نے ایک بار پھر ٹرمپ انتظامیہ کی جنگی پالیسی کی حمایت کردی۔ ——(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر دکی کی زیرِ صدارت ڈی سی سی اجلاس، ترقیاتی اسکیموں اور کان کنوں کی حفاظت کا جائزہ

تجاوزات، بجلی چوری اور منشیات کے خلاف مشترکہ کارروائیوں کا فیصلہ، دکی میں ڈی سی سی اجلاس منعقد

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس پی دکی محمد یونس رضا، ضلعی محکموں کے سربراہان اور مختلف قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس میں ضلع دکی میں جاری ترقیاتی منصوبوں، بالخصوص پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (PSDP) ——(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2پر)

بے نظیر وومن ہسپتال لورالائی میں پہلی نارمل ڈیلیوری، ہسپتال مکمل فعال

لورالائی میں خواتین کی صحت کے لیے اہم سنگِ میل، بے نظیر وومن ہسپتال فعال، پہلی ڈپٹی ایم ایس تعینات

لورالائی (خ ن) ضلع لورالائی کی طبی تاریخ میں ایک اہم سنگِ میل عبور کر لیا گیا، جہاں بے نظیر وومن ہسپتال لورالائی میں پہلی مرتبہ نارمل ڈیلیوری کے ذریعے بچے کی پیدائش ہوئی۔ اس کامیاب ڈیلیوری کے بعد ہسپتال کو زچہ و بچہ کی صحت اور بچوں کی پیدائش کے حوالے سے باقاعدہ طور پر مکمل فعال کر دیا گیا ہے۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ ڈیلیوری کے بعد ——(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2پر)

گوادر، پاک چین بحری وتکنیکی تعلیم کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت

گوادر پورٹ اتھارٹی، پاک چائنا ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ، جامعہ گوادر اور چینی کالج کے درمیان پانچ سالہ مفاہمتی یادداشت پر دستخط

گوادر (یو این اے) پاکستان اور چین کے درمیان بحری اور تکنیکی تعلیم کے شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے لیے گوادر پورٹ اتھارٹی، پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ (پی سی ٹی وی آئی)، جامعہ گوادر اور چین کے چنگ ڈا ہاربر ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل کالج کے درمیان گوادر میں پاکستان اوورسیز انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی انسٹی ٹیوٹ کے قیام کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ پانچ سالہ تعاون کے اس فریم ورک (2026 تا 2030) کے تحت شراکت دار ادارے خصوصی بحری تعلیم، نصاب کی تیاری، ہنرمندی کی تربیت، اساتذہ کی پیشہ ورانہ ترقی اور مشترکہ تحقیق کے شعبوں میں باہمی اشتراک کریں گے۔ معاہدے میں نیویگیشن ٹیکنالوجی، میرین انجینئرنگ، بحری تحفظ، جہاز سازی کی ٹیکنالوجی اور بندرگاہوں کی مشینری جیسے اہم شعبوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی تاکہ شپنگ انڈسٹری کی ضروریات کے ——(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2پر)

امریکہ کا پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری شراکت داری کے عزم کا اعادہ

اہم معدنیات کے شعبے میں تعاون ٹرمپ انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل، پاکستانی شہریوں کے لئے روزگار اور تربیت کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، ترجمان امریکی سفارت خانہ

پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے تیار امریکی کمپنیاں کان کنی، پراسسنگ اور ریفائننگ کے شعبوں میں عالمی معیار کی مہارت فراہم کریں گی، کین ہیرلسن

اسلام آباد (جی این ایم) امریکا نے پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری اور شراکت داری کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اہم معدنیات کے شعبے میں تعاون ٹرمپ انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کے موقع پر امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے مختلف ملاقاتوں اور سرگرمیوں کے دوران کہا کہ امریکا پاکستان کے ساتھ مل کر اہم معدنیات کے شعبے میں موجود مواقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے تیار ہے، جس سے دونوں ممالک ترقی اور خوشحالی حاصل کرسکتے ہیں۔ امریکی سفارتخانے کے ترجمان کین ہیرلسن کے مطابق پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے تیار امریکی کمپنیاں کان کنی، پراسسنگ اور ریفائننگ کے شعبوں میں عالمی معیار ——(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 7پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی ملاقات کررہے ہیں

پاکستان میں گزشتہ 12 ماہ کے دوران 94 لاکھ سے زائد سائبر حملوں کا انکشاف

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں گزشتہ 12 ماہ کے دوران مجموعی طور پر 94 لاکھ سے زائد سائبر حملوں کا انکشاف ہوا ہے جبکہ پاکستان میں کیسپرسکی کے 24 فیصد صارفین کو ڈیوائسز پر ہونے والے سائبر خطرات کا سامنا کرنا پڑا جنہیں سیکیورٹی سلوشنز نے بروقت روک لیا۔ اسی طرح پاکستان میں 15 فیصد صارفین کو ویب پر مبنی سائبر خطرات کا ——(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2پر)

ڈپٹی کمشنر لورالائی کی زیرِ صدارت بی آر ایس پی منصوبے کی تحقیقات کا جائزہ اجلاس

سرکاری وترقیاتی فنڈز میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈپٹی کمشنر لورالائی کا آڈٹ اجلاس سے خطاب

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیرِ صدارت بلوچستان دیہی معاونتی پروگرام (BRSP) کی انتظامیہ اور آڈٹ ٹیموں کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں یونین کونسل شاہ کاریز میں بلوچستان دیہی معاونتی پروگرام اور پاکستان تخفیفِ غربت فنڈ (PPAF) کے اشتراک سے جاری مال مویشیوں کی فراہمی کے ——(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2پر)

جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن کا اسمبلی میں احتجاج رنگ لے آئی

کوئٹہ (اے این این) جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن کا اسمبلی میں احتجاج ہر مسائل پر پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال نے بالا اخر رنگ لے آئی اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ان کو کابینہ میں شامل اور ان کی پسندیدہ محکمہ سونپ دینے کا فیصلہ کرلیا گیا جو آئندہ 48 گھنٹے کے اندر بطور مشیر نوٹفیکیشن جاری ہونے کا امکان ہے۔ جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن کا اسمبلی میں احتجاج ہر مسائل پر پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال نے بالا اخر رنگ لے آئی اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ان کو کابینہ میں شامل اور ان کی پسندیدہ محکمہ سونپ دینے کا فیصلہ کرلیا گیا جو ——(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر ولی محمد نورزئی ملاقات کررہے ہیں

حاجی علی مدد جتک کو محکمہ زراعت و کوآپریٹوز کا قلمدان سونپ دیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کو محکمہ ایگریکلچر اینڈ کوآپریٹوز (زراعت و کوآپریٹوز) کا قلمدان تفویض کر دیا گیا ہے، جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ متعلقہ حکام کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق حاجی علی مدد جتک اب صوبائی وزیر برائے زراعت و کوآپریٹوز کی حیثیت سے محکمے کے امور اور پالیسی سازی کی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے۔ بلوچستان کے صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کو محکمہ ایگریکلچر اینڈ کوآپریٹوز (زراعت وکوآپریٹوز) کا قلمدان تفویض کردیا گیا ہے، جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ متعلقہ حکام کی جانب سے جاری کردہ ——(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2پر)

ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل کا مڈوائفری اسکول گوادر کا دورہ

زچہ و بچہ کی صحت اور معیاری طبی تعلیم پر زور، ڈی جی ہیلتھ کا گوادر مڈوائفری اسکول کا معائنہ

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی صحت عامہ کی سہولیات میں بہتری، معیاری طبی تعلیم کے فروغ اور تربیت یافتہ طبی عملے کی تیاری کے اقدامات کے تحت ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر امین خان مندوخیل نے کمیونٹی مڈوائفری اسکول گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ادارے کے مختلف شعبوں، ——(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 7پر)

گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گوادر جدید کے طلبہ کا گوادر پورٹ و بزنس سینٹر کا دورہ

طلبہ کو عملی آگاہی دینے کے لیے مطالعاتی دورہ، گوادر پورٹ اور فری زونز کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت بلوچستان کی تعلیم دوست پالیسی اور طلبہ کو جدید علمی و عملی تجربات سے روشناس کرانے کے وژن کے تحت گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گوادر جدید کے طلبہ اور اساتذہ نے گوادر پورٹ اور چائنہ بزنس سینٹر گوادر کا مطالعاتی دورہ کیا اس موقع پر گوادر پورٹ اتھارٹی کے عبدالمالک بلوچ نے طلبہ کو گوادر پورٹ کی اہمیت، بزنس سینٹر کے ——(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2پر)

گوادر میں پاکستان اوورسیز انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی انسٹی ٹیوٹ کے قیام کا معاہدہ

گوادر میں انجینئرنگ وٹیکنالوجی انسٹی ٹیوٹ کے قیام کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط، پانچ سالہ تعاون طے

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کی تعلیم دوست پالیسی، نوجوانوں کو جدید فنی و تکنیکی تعلیم سے آراستہ کرنے اور گوادر کو میری ٹائم و صنعتی ترقی کا مرکز بنانے کی جانب اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ گوادر پورٹ اتھارٹی، پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ، جامعہ گوادر اور چین کے معروف تعلیمی ادارے چنگ ڈاؤ ہاربر ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل کالج ——(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2پر)



کوئٹہ، اسپیشل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی پیپلز ٹرین سروس کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس، کوئٹہ میں ٹی وی چینلز کے بیورو دفاتر کی بندش کے خلاف قرارداد منظور

صحافیوں کی برطرفیوں اور میڈیا بحران پر ارکان اسمبلی کا اظہار تشویش کوئٹہ میں 11 قومی ٹی وی چینلز کے بیورو دفاتر بند 122 سے زائد صحافی اور میڈیا ورکرز بے روزگار ہوئے

آزادی صحافت یقینی بنائی جائے، قرارداد کا متن؛ کوئٹہ سکھر پروازیں شروع کرنے اور 11 وفاقی افسران کی واپسی کے فیصلے پر نظرثانی کی قراردادیں بھی ایوان میں پیش و منظور

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس چیئرمین آف پینل اشوک کمار کی زیرصدارت منعقد ہوا، اجلاس میں کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کے علاج معالجے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی اجلاس کے دوران رکن بلوچستان اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کو ملازمتیں فراہم کی گئی ہیں، تاہم یہ ملازمتیں صرف 12 اضلاع تک محدود نہیں ہونی چاہئیں بلکہ پورے صوبے کے تمام اضلاع کو ان میں نمائندگی دی ——(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 7پر)

سرکاری اسکولوں میں درسی کتب کی طلب میں غیر معمولی اضافہ ریکارڈ

اسکولوں کی بحالی اور داخلہ مہم کے مثبت نتائج، سرکاری اسکولوں میں درسی کتب کی طلب میں نمایاں اضافہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے ترجمان نے کہا ہے کہ صوبے بھر کے سرکاری اسکولوں میں درسی کتب کی طلب میں گزشتہ تین سال کے دوران غیر معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جو سرکاری تعلیمی اداروں کی بحالی، طلبہ کی بڑھتی ہوئی تعداد اور تعلیم کے فروغ کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کا واضح عکاس ہے۔ ترجمان کے مطابق بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کو سرکاری اسکولوں کے لیے تعلیمی سال 2025 کے دوران 96 لاکھ درسی کتب کی طلب موصول ہوئی تھی، جبکہ تعلیمی سال 2026 کے لیے ——(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 7پر)

مدارس و جدید تعلیمی نظام میں ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے، احسن اقبال

قرآن کریم انسان کو غور وفکر، مشاہدے اور تحقیق کی دعوت دیتا ہے جو فکری اور قومی ترقی کے بنیادی اصول ہیں

اسلام میں دینی اور دنیاوی علوم کے درمیان کوئی تفریق نہیں، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات کا خطاب

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ دینی اور جدید تعلیم کو یکجا کرکے تحقیق، سائنسی علوم اور جدت کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، مدارس کے طلبہ کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ علم اور مہارتوں سے آراستہ کرنا ہوگا تاکہ وہ قومی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرسکیں۔ وہ جمعیت طلبہ عربیہ پاکستان کے زیر اہتمام بدلتی دنیا میں اسلامی مدارس کا کردار: تقاضے، چیلنجز، مواقع اور اصلاحات کے موضوع پر منعقدہ قومی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام میں دینی اور دنیاوی علوم کے درمیان کوئی تفریق نہیں، مسلم تہذیب کے عروج کے دور میں بالخصوص سپین میں مسلمان اہل علم نے سائنس، ——(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 7پر)

مستونگ، پولیس کی بڑی کارروائیاں، قتل، ڈکیتی اور بھتہ خوری میں ملوث ملزمان گرفتار

گزشتہ ڈیڑھ ماہ کے دوران اہم مقدمات ٹریس کرلیے گئے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، ایس ڈی پی

مستونگ (یو این اے) ایس ڈی پی او مستونگ محمد رفیق حمزہ نے ایس ایچ او سٹی عبدالرف بلوچ، ایس ایچ او ولی خان بلال احمد اور ایس ڈی پی صدر صاحب خان ودیگر پولیس افسران کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ ڈیڑھ ماہ کے دوران مستونگ اور گردونواح میں پولیس نے مختلف جرائم میں ملوث اور متعدد وارداتوں میں مطلوب ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پریس کانفرنس میں ایس ڈی پی او محمد رفیق حمزہ نے بتایا کہ تھانہ سٹی کے مقدمہ ——(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 7پر)

ڈی ای او چمن کا تعلیمی اداروں کا دورہ، غفلت پر کارروائی کی ہدایت

کلی سیف اللہ خان مڈل اسکول کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے انکوائری کمیٹی تشکیل، ایک ہفتے میں رپورٹ طلب

چمن (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چمن اشوک کمار راجپوت نے ضلع کے مختلف تعلیمی اداروں کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی سرگرمیوں، ——(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 7پر)

مجھے اندازہ نہیں تھا یہ لوگ مکار نکلیں گے، خواجہ آصف کی بلاول کا نام لیے بغیر تنقید

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے چیئرمین پی پی بلاول بھٹو کے حالیہ بیان پر انہیں ——(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 7پر)

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پینل آف چیئرمین ڈاکٹر اشوک کمار کی صدارت میں شروع

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پینل آف چیئرمین ڈاکٹر اشوک کمار کی صدارت ——(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 7پر)

لاہور: جرمن کاروباری وفد کا اپٹما ہاؤس کا دورہ، تجارتی تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال

ٹیکسٹائل شعبے میں تعاون اور پائیداری کے عالمی معیارات پر عملدرآمد بہتر بنانے پر اتفاق

لاہور (اے این این) جرمن امپورٹرز ایسوسی ایشن کے مینیجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر مائیکل آرٹز کی قیادت میں جرمن وفد نے اپٹما ہاس لاہور کا دورہ کیا۔ ملاقات ——(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 7پر)

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈیپنڈنٹ پرنٹر سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔ 0812092472 - 03318383955